تکفیریت، فرقہ واریت، خدائی اور مصطفائی دین نہیں، بلکہ حجرہ ساز ملائی دین ہے
سُنّی کتبِ حدیث
کے شیعہ، رافضی راوی
سولہ ہزار احادیث سنی صحاح ستہ میں، رافضی راویوں سے لی گئی ہیں
مصنف:
ڈاکٹر علامہ حافظ
محمد صداقت علی فریدی

واللہ یختص برحمتہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم

تکفیریت اور فرقہ واریت خدائی اور مصطفائی دین نہیں

حجرہ ساز، بے ہودہ مُلّائی دین ہے

سُنی صحاح ستہ میں رافضی شیعہ راوی

پونے سولہ ہزار احادیث سنی صحاح ستہ میں شیعہ رافضی راویوں

سے لی گئی ہیں۔

ڈاکٹر محمد صداقت علی فریدی

فاضل جامعہ فریدیہ

0305-6684275

CamScanner

جملہ حقوق بحق مصنف و علی عبد اللہ انصاری محفوظ ہیں

نام کتاب: سُنی صحاح ستہ میں رافضی شیعہ راوی

مصنف: ڈاکٹر صداقت علی فریدی

کل صفحات: ۱۹۲ (حصہ اول)

اشاعت: اکتوبر ۲۰۲۳ء

تعداد بار اول: ۱۱۰۰

ہدیہ: ۱۵۰۰ روپے

ملنے کا پتہ: مکتبہ باب العلم، ہادیہ حلیمہ سینٹر، لاہور

آفس 106 فسٹ فلور ٹریڈ ٹاور، عبداللہ ہارون روڈ، کراچی
فون: 0323-2071817

آئینہ فہرست Contents

CamScanner

CamScanner

CamScanner

CS CamScanner

CamScanner

CamScanner

انتساب

فقیر ناچیز اس کاوش کو اہلبیت نبوت کے اس صبر کے نام کرتا ہے جو انھوں نے اُموی جارحیت کو مات دیتے ہوئے فرمایا اور آج کے اہلبیت نبوت کے نام جنھوں نے صفین کے خونی اجتہاد کے تسلسل کو روکتے ہوئے صبر فرمایا

بالخصوص محسنۂ عالمین بی بی آمنہ صلوٰۃ اللہ علیہا اور محسن عالمین سیدنا ابو محمد عبداللہ بن عبدالمطلب اور سیدِ بطحاء افضل البشر بعد الانبیاء حضرت ابو طالب علیہ السلام کے نام کرتا ہے جن کے ذکر کی برکت سے بندہ یہ سب لکھنے کے قابل ہوا۔

گر قبول افتد زہے عزو شرف

ڈاکٹر محمد صداقت علی فریدی

حرفِ امتنان

(از ڈاکٹر عبد السمیع سلفی دار السلام برونائی)

"حَامِدًا وَ مُصَلِّيًا" سُنی حدیثوں کے شیعہ راوی نامی کتاب پی۔ ڈی۔ ایف میں موصول ہوئی جس کا تفصیلی نام "الاحادیث الواردة من الرواة الرافضة و غالی الشیعیة فی صحاح الستة السُّنِيَّةِ" ہے۔ محترم القام محقق العصر ڈاکٹر محمد صداقت علی فریدی صاحب نے لکھی، حرف بحرف پڑھی، ڈاکٹر صاحب نے سُنی اور شیعہ کے مابین خلیج کے فاصلے کم کر دیے ہیں بلکہ ختم کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کی وحدتِ اُمت کی بابت علمی تحقیقی سرگرمیاں ایک مسلّم حقیقت بن کر ابھری ہیں۔

شیعہ سنی کا باشعور طبقہ ایک دوسرے کے قریب ہوا ہے۔ باہمی محبت و یگانگت کا دور شروع ہو چکا ہے۔ اُمت وحدت کی طرف گامزن ہو چکی ہے۔ صیہونی اور طاغوتی طاقتوں کے آلہ کار شر پسند عناصر کی فرقہ وارانہ سرگرمیاں دم توڑ رہی ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کی "عرفانِ ابو طالب اور قرآن عظیم"، "عصمت والدین مصطفےٰ ﷺ اور قرآن عظیم"، "عصمتِ زہراء اور قرآن عظیم"، "انوار الثقلین علی رد مطلع القمرین" نامی کُتب نے فریقین کی رائے عامہ ہموار کر دی ہے۔ تحقیق سے تعلق رکھنے والے احباب ڈاکٹر صاحب کو داد بصیرت دے چکے ہیں۔ میں عرصہ دراز سے بیرون ملک میں علمی تحقیقی سرگرمیوں میں مصروف ہوں، ورنہ میں بذاتِ خود ڈاکٹر صاحب مکتبِ وحدت میں ایک خادم کی حیثیت سے خدمات سرانجام دیتا۔

دعاء گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر صاحب کو استقامت اور شہامت عطاء فرمائے۔

دعاء جو: ڈاکٹر عبد السمیع السلفی دار السلام برونائی۔

میں نے یہ کتاب کیوں لکھی؟

حالیہ دنوں اہلسنت و جماعت میں ایک نئے فرقہ نے جنم لیا ہے جس کا پہلا نشانہ اہلبیت نبوت ہیں۔ بالخصوص سیدۃ النساء العالمین بی بی فاطمۃ الزہراء سلام اللہ تعالیٰ علیھا ہیں، اس پر مقتدر شخصیاتِ اہلسنت نے نوٹس لیتے ہوئے اس فرقے کی بدعقیدگی پر شدید ردِّ عمل دیا، جس سے ملک میں نقصِ امن کا خطرہ ٹل گیا، مگر یہ فرقہ پھر بھی اپنی جارحیت سے باز نہیں آیا۔ جہاں اس فرقہ نے سیدۂ کائنات کی گستاخی کی بدبو پھیلائی وہاں اس نے ردِّ عمل دینے والوں پر بھی یلغار کر دی۔ اس دور کے اہلبیت نبوت پر چڑھ دوڑے، اُموی جارحیت کی یاد از سرِ نو تازہ کر دی جس سے اہلسنت میں شدید اضطراب پایا گیا۔

محبانِ اہلبیت نبوت بالعموم اور ساداتِ عظام بالخصوص اس فرقہ کی زد میں ہیں، اب تک ساداتِ عظام کے خلاف کھلے عام غلیظ زبان استعمال کی گئی اور ان پر رافضیت کا الزام لگایا گیا۔ حالانکہ ان نفوسِ عظمت کا رافضیت کے ساتھ کبھی بھی دور، دور کا بھی واسطہ نہیں رہا۔ ان نفوسِ رحمت نے ساری عمر اہلسنت کی اعتقادی، نظری اور اخلاقی قدروں کا ہمیشہ پہرہ دیا اور بڑی قربانیاں دے کر اہلسنت کو مضبوط رکھا اور تازہ دم رکھا۔ اس کے باوجود بھی اس جعلی فرقہ نے اہلسنت کا من چاہا برقعہ پہن کر فسادی کردار ادا کیا۔

اس دور کے ساداتِ عظام اہلبیت نبوت کی چند مقتدر شخصیات اب بھی ان کے نشانے پر ہیں۔

- خصوصاً نجیب الطرفین السید الشریف شیخ الاسلام محمود شاہ صاحب محدث ہزاروی حویلیاں شریف کے پی کے۔
- شیخ الاسلام والمسلمین فضیلۃ الشیخ السید الشریف پیر ریاض حسین شاہ صاحب پنڈی والے۔
- نقیب الاشراف فضیلۃ الشیخ السید الشریف پیر انور شاہ صاحب الگیلانی الحموی البغدادی۔
- نجیب الطرفین نبیرۂ امیر ملت السید الشریف محمد منور حسین شاہ صاحب جماعتی علی پوری۔
- حجۃ الاسلام فضیلۃ الشیخ السید الشریف محمد عرفان شاہ صاحب مشہدی بھکی والے
- حجۃ الاسلام فضیلۃ الشیخ، الشیخ السید الشریف قبلہ عبد القادر شاہ صاحب الگیلانی برطانیہ والے

اور دیگر ساداتِ عظام پر یہ شرذمہ قلیل ورذیل رافضیت کا الزام لگاتے ہیں حالانکہ ان نفوسِ قدسیہ نے ہمیشہ رافضیت کے سامنے سد سکندری کا کردار ادا کیا ہے۔ ان نفوسِ رحمت پر عمر کے اس حصے میں رافضیت کا گھناؤنا الزام سنیت کے خاتمے پر منتج ہو سکتا ہے اور ان نفوسِ شفقت کے لیے بھی شدید تکلیف دہ ہے کہ عمر کے آخری ایام میں سنیت کا دفاع کرنے والوں سے ہی سنیت کا ٹائٹل چھین لیا جائے۔ اور ان کے علاوہ کچھ مقتدر علماء اہلسنت بھی ان کی زد میں ہیں بالخصوص شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری صاحب تو پہلے سے ہی نشانے پر ہیں جنھوں نے روئے زمین پر اہلسنت کا بھرم رکھنے میں ایک روشن کردار دیا ہے۔ اور سنیت کا ٹائٹل چھیننے والے بھی وہ ہوں جو سنیت کی آفاقی حرمت میں محض ایک رخنہ انداز کی حیثیت رکھتے ہوں،

اس لیے فقیر نے اہلبیت نبوت کے دفاع میں یہ کتاب لکھی ہے۔ اور محبانِ اہل بیتِ نبوت کے دفاع میں یہ کتاب لکھی۔

دورِ حاضرہ کے ساداتِ عظام کی بارگاہ میں یاد داشت

اہلبیت نبوت، اللہ تعالیٰ کی مجتبین ہیں، حرمتین ہیں، ان کو کسی مذہبی مسلکی برقعہ پوش کی کوئی ضرورت نہیں۔ یہ ثقلین کا ایک عظیم عنوان ہیں اور متبوع ذواتِ قدسیہ ہیں۔ یہ نبوی فیصلہ ہے۔ یہ ہدایت کے معیار و مینار ہیں۔ ان کو کسی مذہب، کسی مسلک، کسی مشرب کے سہارے کی کوئی ضرورت نہیں۔ یہ کسی کے محتاج نہیں، کائنات ان کی محتاج ہے۔ بنابریں آپ آگے بڑھیں اپنے مقدس آباؤ اجداد کے علمی، اخلاقی، روحانی قدروں کے حقیقی امین بنیں اور اُمت کی قیادت فرمائیں۔ پوری اُمت آپ کے پیچھے ہاتھ باندھ کر کھڑی ہو گی اللہ تعالیٰ کے فضل سے۔

رہا شر پسند عناصر کا آپ کو ستانا، گالیاں دینا، الزامات لگانا تو آپ ایک حرکتِ زبان سے صرف اتنا کہہ دیں کہ یہ سگانِ مسلخ کی وہو وہو اور بھونک ہے ان کی آپ قطعاً پرواہ نہ کریں۔ ان کے پاس صرف اتنا ہی ہے اور کچھ نہیں، ان کے نصیب میں صرف اموی اور یہودی چھیچھڑے ہیں اور کچھ نہیں۔ آپ اپنے اسلاف کی سیرتوں کی روشنی کے امین بنیں، صبر و استقامت آپ کا خاندانی اثاثہ ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ آپ کے آباؤ و اجداد پر بھی بدتر از خنازیر، زہر افشانیاں کرتے رہے ہیں، مسجدوں کے منبروں پر، مصلوں پر، مجمعوں میں،

ایوانوں میں، مگر اہلبیت نبوت نے ایک روشن سیرت دی، علم، عمل، خلوص اور تقویٰ کا نور بانٹتے رہے۔ لہٰذا آپ اسی کو تقسیم فرماتے رہیں، جس طرح آپ کے آباؤ اجداد کے دشمن خائب و خاسر رہے اور جہنم کا ایندھن بنے آپ کے بھی دشمن یقیناً خائب و خاسر رہیں گے اور جہنم کا ایندھن بنیں گے۔

آپ سے فقیر کی اتنی گزارش ضرور ہے کہ آپ اپنے آباؤ اجداد کے دشمنوں سے بھی اور اپنے دشمنوں سے بھی باخبر رہیں الگ رہیں۔ یہی آپ کی بقا کی صورت ہے اور اسی میں اُمت کی بھلائی ہے۔

دورِ حاضر کے اہلسنت سادات کا قصور

فرقہ خطائیہ کے امام نے جب حضرت زہراء پاک کو خطاء کی گالی دی تو زہراء پاک کے بیٹوں کا برھم ہونا فطری عمل تھا جو ردِّ عمل کی صورت میں ظاہر ہوا، گلی گلی میں علی علی کی صدائیں گونجیں، جس پر خطائی برہم ہوگئے، سادات پر ہرزہ سرائی شروع کر دی، ویسے بھی اہلبیت نبوت پر بھونکنا بدتر از خنازیر، سگانِ مسلخ کی پرانی عادت ہے۔ نبوی حرم پر یہ حرامی بھونکتے رہے، اسی لیے زبانِ رسالت نے ایسے لوگوں کو حرامی، حیضی، منافق کا ٹائٹل دیا۔

CS CamScanner

اس لیے فقیر نے اہلبیت نبوت کے دفاع میں یہ کتاب لکھی ہے۔ اور محبانِ اہلِ بیتِ نبوت کے دفاع میں یہ کتاب لکھی۔

دورِ حاضرہ کے ساداتِ عظام کی بارگاہ میں یادداشت

اہلبیت نبوت، اللہ تعالیٰ کی مجتبین ہیں، حرمتین ہیں، ان کو کسی مذہبی مسلکی برقعہ پوش کی کوئی ضرورت نہیں۔ یہ ثقلین کا ایک عظیم عنوان ہیں اور متبوع ذواتِ قدسیہ ہیں۔ یہ نبوی فیصلہ ہے۔ یہ ہدایت کے معیار و مینار ہیں۔ ان کو کسی مذہب، کسی مسلک، کسی مشرب کے سہارے کی کوئی ضرورت نہیں۔ یہ کسی کے محتاج نہیں، کائنات ان کی محتاج ہے۔ بنابریں آپ آگے بڑھیں اپنے مقدس آباؤ اجداد کے علمی، اخلاقی، روحانی قدروں کے حقیقی امین بنیں اور اُمت کی قیادت فرمائیں۔ پوری اُمت آپ کے پیچھے ہاتھ باندھ کر کھڑی ہوگی اللہ تعالیٰ کے فضل سے۔

رہا شر پسند عناصر کا آپ کو ستانا، گالیاں دینا، الزامات لگانا تو آپ ایک حرکتِ زبان سے صرف اتنا کہہ دیں کہ یہ سگانِ مسلخ کی وہو وہو اور بھونک ہے ان کی آپ قطعاً پرواہ نہ کریں۔ ان کے پاس صرف اتنا ہی ہے اور کچھ نہیں، ان کے نصیب میں صرف اموی اور یہودی چیچھڑے ہیں اور کچھ نہیں۔ آپ اپنے اسلاف کی سیرتوں کی روشنی کے امین بنیں، صبر و استقامت آپ کا خاندانی اثاثہ ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ آپ کے آباؤ و اجداد پر بھی بدتر از خنازیر، زہر افشانیاں کرتے رہے ہیں، مسجدوں کے منبروں پر، مصلوں پر، مجمعوں میں،

ایوانوں میں، مگر اہلبیت نبوت نے ایک روشن سیرت دی، علم، عمل، خلوص اور تقویٰ کا نور بانٹتے رہے۔ لہٰذا آپ اسی کو تقسیم فرماتے رہیں، جس طرح آپ کے آباؤ اجداد کے دشمن خائب و خاسر رہے اور جہنم کا ایندھن بنے آپ کے بھی دشمن یقیناً خائب و خاسر رہیں گے اور جہنم کا ایندھن بنیں گے۔

آپ سے فقیر کی اتنی گزارش ضرور ہے کہ آپ اپنے آباؤ اجداد کے دشمنوں سے بھی اور اپنے دشمنوں سے بھی باخبر رہیں الگ رہیں۔ یہی آپ کی بقا کی صورت ہے اور اسی میں اُمت کی بھلائی ہے۔

دورِ حاضر کے اہلسنت سادات کا قصور

فرقہ خطائیہ کے امام نے جب حضرت زہراء پاک کو خطاء کی گالی دی تو زہراء پاک کے بیٹوں کا برھم ہونا فطری عمل تھا جو ردِّعمل کی صورت میں ظاہر ہوا، گلی گلی میں علی علی کی صدائیں گونجیں، جس پر خطائی برہم ہو گئے، سادات پر ہرزہ سرائی شروع کر دی، ویسے بھی اہلبیت نبوت پر بھونکنا بدتر از خنازیر، سگانِ مسلخ کی پرانی عادت ہے۔ نبوی حرم پر یہ حرامی بھونکتے رہے، اسی لیے زبانِ رسالت نے ایسے لوگوں کو حرامی، حیضی، منافق کا ٹائٹل دیا۔

تحقیق نہ سنی ہوتی ہے اور نہ شیعہ،
تحقیق صرف سادہ مسلمان ہوتی ہے

قارئین محترم! آج کل اہل علم نے ایک فسانہ گھڑا ہوا ہے، جو اہل بیتِ نبوت کی حمایت و عظمت کی بات کرے اُسے فوراً شیعہ، رافضی کہا جاتا ہے اور جو صحابہ کرام کی عظمت کی بات کرے اُسے فوراً ناصبی کہا جاتا ہے۔ یہ دراصل حقائق سے بھاگنے کا چور دروازہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ تحقیق کی اصل قوت دلیل ہے اور دلیل کا اولاً اصل مصدر قرآن عظیم ہے اور دوسرا مبداء فرمانِ نبوت ہے اور یہ دونوں حقیقتیں اصلاً واجب الاطاعت ہیں۔

مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ سنی شیعہ کے دونوں دھڑے نصوصِ قرآنی و نصوصِ نبوی کی بجائے اپنے وضعی من پسند اور حجرہ ساز تصورِ دین ہی کو نصوص کے مقابلے میں حق سمجھتے ہیں، یہی اصل فساد کی جڑ ہے۔ سنی اور شیعہ علماء جن کا تعلق علم اور دلیل اور تحقیق سے ہے وہ یہ سب جانتے ہیں مگر آج وہ اپنے اپنے مسلکی شر پسندوں کی زد میں ہیں۔ بنابریں وہ کچھ حکمتاً خاموش ہو گئے اور کچھ اہل علم خوف زدہ ہیں۔ کیونکہ مذہبی غنڈے ان کو اپنی غنڈہ گردی سے غیر مؤثر کر دیتے ہیں۔ اب ضروری ہو گیا ہے کہ مقتدر حلقے پاکستان کی سلامتی کے لیے اور اُمت مسلمہ کی وحدت کے لیے علم اور تحقیق سے تعلق رکھنے والے معتدل علماء کے ساتھ کھڑے ہوں اور

شر پسند عناصر سے اسلام اور پاکستان کو واگزار کرائیں۔ زیر نظر کتاب اسی جذبے کی عکاس ہے۔

شیعہ سنی کے مابین جو ایک مصنوعی خلیج ہے اسے پُر کرنے کی ایک چھوٹی سی کوشش ہے۔ اس کتاب میں اُن شر پسند لوگوں کو آئینہ دکھایا گیا ہے جو کہ شیعہ سنی میں آگ بھڑکانا چاہتے ہیں اور یہ بِلا جواز ہے۔ کیونکہ اس وقت تک کوئی سنی سنی ہو ہی نہیں سکتا جب وہ حب اہلِ بیتِ نبوت سے سرشار نہ ہو اور یہی تشیع ہے۔ ابن حجر، ذہبی اور دیگر اہل سنت کے محققین کی تعریف کے مطابق۔ بنابریں اس اعتبار سے تشیع اور اہل تشیع سے نفرت غیر فطری ہے۔ اور ایسے ہی کوئی شیعہ، شیعہ ہو ہی نہیں سکتا جب تک سنت کے نور میں محو نہ ہو جائے اور جو سنت کے نور میں ڈھل گیا وہ اہلسنت سے نفرت کر ہی نہیں سکتا کیونکہ سنت اور اہلسنت سے نفرت عین خلاف فطرت ہے۔ اہل علم پر عیاں ہے کہ ستر (۷۰) فیصد سے زائد علم دین اہلسنت نے اہل تشیع سے لیا ہے۔ خاص کر حدیث کے شعبے میں۔ عین ایسے ہی دیگر علوم میں اہل تشیع نے اہل سنت سے نوے فیصد تک علمی استفادہ کیا ہے۔ تو پھر لڑائی کس بات پر؟

سنی شیعہ کا تاریخی پس منظر

زمانۂ نبوت و خلافت میں ان دونوں طبقات کا الگ الگ کوئی شخصی وجود نہیں تھا۔ اور نہ ہی کوئی دینی مذہبی تاریخ تھی۔ زمانۂ نبوت میں پوری اُمت دینی کا تشخص صرف سادہ مسلمان تھا۔ خلیفۂ ثالث حضرت عثمان کو اموی سازش کے تحت شہید کر دیا گیا۔ امویوں نے سازش کر کے اس کا الزام مولائے کائنات پر لگا دیا جس پر حضرت عثمان غنی کے حامی شیعہ برہم ہو گئے۔ رد عمل کے طور پر شیعانِ عثمان نے حضرت علی پر سب و شتم کرنا شروع کر دیا۔ ادھر حضرت علی

علیہ السلام نے اپنی عصمت مآب زبان سے اس سازش کو بے نقاب کر دیا اور اموی پروپیگنڈے کی علی الاعلان عام تردید کر دی۔

اس دوران حضرت علی علیہ السلام کے جو شیعہ تھے انھوں نے اپنے دل کی بھڑاس نکالی، شیعان عثمان پر سب و شتم شروع کر دیا۔ گویا ہر دو طرف شیعہ ہی تھے۔ یعنی شیعانِ عثمان و شیعان علی۔ اس منظر نامے میں سنی اپنے مذہبی تشخص میں کہیں نظر نہیں آتے۔ بعد ازاں حضرت علی علیہ السلام کی خلافت قائم ہو گئی۔ جس کا امویوں نے صراحتاً انکار کر دیا۔ بلکہ قصاص عثمان کا جھوٹا بہانہ بنا کر الٰہی نظامِ خلافت کے خلاف محاذ قائم کر لیا۔ صفین کا خونی معرکہ برپا ہو گیا مگر اس معرکے میں بھی ہر دو طرف شیعہ ہی نظر آئے۔ شیعانِ علی و شیعانِ معاویہ۔ یہاں پر بھی سنی اپنے سنی تشخص میں نظر نہیں آئے۔ گویا اس اعتبار سے سنی طبقہ کی کوئی تاریخ نہیں۔

میرا سوال یہ ہے کہ اگر سنی اپنے وجود کی کوئی تاریخی دینی حقیقت سمجھتے ہیں تو صفین کے معرکے میں اپنے دینی اور مذہبی تشخص میں کہاں تھے؟ اگر یہ طبقہ غیر جانبدار تھا تو کس صحابی کی اقتداء میں تھا۔ اور صفین میں اس کا کردار کیا تھا؟ خطائی بھائی اس کی وضاحت دیں۔

پھر امام حسن اور معاویہ کے معاملات میں بھی سنی اپنے کسی دینی تشخص میں بطور کردار نظر نہیں آتے گویا قرونِ اولیٰ میں کردار کے اعتبار سے ان کی کوئی تاریخ ہی نہیں۔ اگر ایسا ہی ہے تو میرا سوال یہ ہے کہ ہم ۱۴ سو سال بعد کہہ رہے ہیں کہ علی حق پر تھے تو پھر ہم نے حق کا ساتھ کیوں نہیں دیا؟ حالانکہ رسالت پناہ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے تنبیہ فرمائی ہے کہ امام حق کی اطاعت نہ کرنے والا جہالت کی موت مرتا ہے۔ میں اپنے خطائی بھائیوں سے گزارش کروں گا کہ وہ دلائل شرعیہ کی روشنی میں اپنا وجود زمانہ نبوت اور خلافتِ راشدہ اور قرونِ اولیٰ کے اعتبار سے کہیں سے ثابت کریں۔ یا پھر اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ اور شاہ عبد العزیز

محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی طرح ببانگ دہل کہہ دیں کہ شیعہ اولیٰ ہم ہیں۔ یا ان ہر دو بزرگوں کو جھٹلا دیں۔ تاکہ شیعیت سے آپ کی نفرت جو ہے مثبت نظر آئے۔ تفصیلات کے لیے فقیر کی کتاب شیعہ و سنی کی تاریخی حقیقت ملاحظہ فرمائیں جس میں واضح کر دیا گیا ہے کہ آج بھی مولائی شیعہ اور معاویائی شیعہ آمنے سامنے ہیں جیسے صفین میں تھے۔

مقدمۃ الکتاب

ازل سے حق کے ساتھ باطل معرکہ آرا رہا، مگر حق ہمیشہ اپنے روشن دلائل کے ساتھ غالب رہا۔ جبل ابو قبیس کی چوٹی پر جب نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم نے توحید کی دعوت دی تو باطل نے کہا یہ جنون ہے۔ حق نے اپنی قوت میں بطور دلیل قرآن مجید پیش کیا، باطل نے کہا "اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ" یہ پچھلوں کی کہانیاں ہیں، حق نے معجزات پیش کیے، باطل نے کہا "اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ" یہ کھلا جادو ہے۔ گویا حق ہمیشہ روشن دلائل کی عظمت میں غالب رہا اور قیامت تک غالب ہی رہے گا۔ "لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ" کا خدائی اعلان آج بھی قرآن عظیم کی زینت بنا ہوا ہے۔ یہ ایک تاریخی حقیقت ہے، حضرت ہاشم علیہ السلام سے لے کر شہید کربلا حضرت امام حسین علیہ السلام تک اُموی ہی مد مقابل رہے مگر ہر دور میں اُمویوں نے منہ کی کھائی، حضرت ہاشم علیہ السلام کے مقابلے میں عبدالشمس امیۃ الاکبر آیا، رسوا ہوا، حضرت ہاشم کے عظیم لخت جگر جناب عبدالمطلب کے مقابلے میں حرب آیا، رُسوا ہوا، حضرت عبدالمطلب کے عظیم بیٹے حضرت ابو محمد عبداللہ کے لخت جگر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، خاتم النبیین کا تاج پہنے

تشریف لائے تو مقابلے میں صخر بن حرب جسے ابو سفیان کہا جاتا ہے، آیا بائیس (۲۲) سال تک جتن کرتا رہا رسوائی کی انتہاء تک پہنچا۔ فتح مکہ میں سر قلم ہونے کے خطرے کو بھانپ گیا کلمے کی اوٹ لے لی کلمہ پڑھ کر مباح الدم ہونے سے بچ گیا۔

دورِ نبوت کے بعد خلافتِ راشدہ کا مقدس زمانہ آیا مگر اسے اپنی سرگرمیوں میں ناکامیوں کے سوا کچھ نہ ملا۔ خلیفہ اول کی خلافت کے قیام کے وقت بھی خلافتِ اول کے خلاف سازش کی مگر ناکام رہا۔ خلافتِ راشدہ کے آخری ایام میں اس کا بیٹا معاویہ، قمر بنی ہاشم حضرت علی کے مقابلے میں آیا، ناکام رہا، اس کا بیٹا ملعون یزید اس کے بعد آیا وہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے ساتھ ٹکرا گیا چند دن اقتدار کے مزے ضرور لوٹے مگر درآن وقت دلوں پر اقتدار اہلبیت نبوت کا رہا اور آج تک ہے بلکہ قیام قیامت تک رہے گا، گویا اہلبیت نبوت کے ساتھ ہمیشہ امیہ اور بنی امیہ ہی ٹکرائے مگر حق ہمیشہ اہلبیت نبوت کے ساتھ رہا۔

تاہم امویوں کی کچھ باقیات ہیں جو آج بھی اہلبیت نبوت کے ساتھ ٹکرا رہی ہیں، فتح حق والوں ہی کی ہوگی اور حق کے مخالفین منہ کی ضرور کھائیں گے۔

اُمویوں کی باقیاتِ سیئات

امویوں کا دور تو ختم ہو گیا مگر ان کی باقیات سئیات کا تسلسل آج تک جاری ہے، ان باقیات سیئات میں آج کے اہلِ بیت نبوت کے ساتھ بغض و حسد ہے۔ ان کی اہانت ہے، ان کو سب و شتم کرنا ہے۔ ان پر رافضیت کے الزام لگانا ہے اور محبانِ اہلبیت نبوت پر فتوے لگانا ہے اور خود کو سنیت کے مقدس ٹائٹل میں پیش کرنا ہے اور یہ ڈراما چور مچائے شور کے سوا کچھ نہیں۔ جھوٹا پروپیگنڈہ امویوں اور ان کے ریزہ خواروں کا محبوب مشغلہ ہے۔

CS CamScanner

رافضیت کی تحقیق

رفض لغوی اعتبار سے الگ ہونا اور چھوڑ دینے کو کہتے ہیں۔ "الرّافضة" کا معنی حالتِ جنگ میں اپنے قائد کو چھوڑ دینے والی جماعت کو رافضہ کہتے ہیں۔ رافضی شیعوں کی ایک جماعت کو کہتے ہیں (المنجد عربی، اردو، خزینہ علم وادب لاہور)

اصطلاحِ علماء کے اعتبار سے:۔

شیعہ اسے کہا جاتا ہے جو حضرت علی علیہ السلام کی جماعت سے ہو اور ٹوٹ کر ان سے محبت کرتا ہو اور یہ عقیدہ رکھتا ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت علی علیہ السلام سب سے مقدم ہیں اور نصًا امام ہیں خواہ نص جلی ہو یا خفی ہو۔ یہ بھی عقیدہ رکھتے ہیں کہ امامت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت علی اور ان کی اولاد ہی کا حق ہے ان کے علاوہ کوئی مستحق امامت نہیں۔

(شرح المواقف ج۸ ص۴۱۶)

امام حافظ ابن حجر عسقلانی رفض اور تشیع کی اصطلاحی وضاحت یوں فرماتے ہیں:

"وَالتَّشَيُّعُ مُحَبَّةُ عَلِيٍّ وَ تَقْدِيْمُهُ عَلَى الصَّحَابَةِ فَمَنْ قَدَّمَهُ عَلٰى اَبِیْ بَكْرٍ وَ عُمَرَ فَهُوَ غَالٍ فِی التَّشَيُّعِ وَيُطْلَقُ عَلَيْهِ رَافِضِیٌّ وَاِلَّا شِيْعِیٌّ"۔

حضرت علی علیہ السلام کی محبت کے غلبے کو تشیع کہا جاتا ہے۔ یہ شیعہ حضرت علی علیہ السلام کو مقدم یقین کرتے ہیں تمام صحابہ کرام پر، اور جو شیعہ حضرت علی کو شیخین کریمین حضرت سیدنا ابو بکر صدیق و حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما پر مقدم کرتے ہیں وہ غالی شیعہ ہیں اور ان پر رافضی ہونے کا بھی اطلاق ہوتا ہے۔ اگر شیعہ حضرت علی کو شیخین پر مقدم نہ کریں تو یہ غالی شیعہ، رافضی نہیں کہلاتے۔ محض سادہ شیعہ کہلائے گا۔ (مقدمہ فتح الباری الفصل التاسع)

CamScanner

امام ذہبی کی وضاحت کے مطابق:

"وَمَعْنَى التَّشَيُّعِ حُبُّ عَلِيٍّ وَبُغْضُ النَّوَاصِبِ وَاَنْ يَّتَّخِذَهُ مَوْلًى عِلْمًا وَعَمَلًا"۔

حضرت علی علیہ السلام سے ٹوٹ کر محبت کرنے والوں کو شیعہ کہا جاتا ہے اور یہ نواصب سے بغض رکھنے والے ہیں کیونکہ ناصبی اہلبیت نبوت سے بغض رکھتے ہیں۔ اور یہ لوگ حضرت علی کو اعتقاداً اور عملاً مولا مانتے تھے۔ (تاریخ الاسلام ذہبی ۵/۴۵۷)

مذکورہ بالا تعریفات کے مطابق شیعہ کے تین تصور قائم کیے گئے ہیں:

۱۔ سادہ شیعہ۔ یہ صرف افضلیت علی کا قائل ہے۔

۲۔ شیعہ غالی:۔ یہ تمام صحابہ کرام کے ساتھ ساتھ شیخین پر بھی حضرت علی علیہ السلام کو فضیلت دیتے ہیں۔

۳۔ رافضی شیعہ:۔ رافضی کا لغوی معنی ہے قائد کو چھوڑ دینا۔ اصطلاح میں انھوں نے تمام صحابہ کرام حتی کہ شیخین کریمین رضی اللہ عنہما کو بھی چھوڑ کر صرف حضرت علی علیہ السلام کی محبت و اقتداء کو کافی سمجھا ہے۔

نقد و تبصرہ:۔

مذکورہ بالا تمام تعریفات میں کہیں بھی ایسی وضاحت نہیں کہ صحابہ کرام کو گالی دینا، بُرا بھلا کہنا، ان سے نفرت کرنا، شیعہ، غالی شیعہ یا رافضی کا شعار ہے۔ شیعیت، رافضیت ہے وغیرہ کی شناخت ہے اور جب ایسا ہے یقیناً ایسا ہی ہے تو پھر شیعہ، غالی شیعہ، رافضی کو، ان الزامات کے ساتھ نتھی کیوں کیا جاتا ہے؟ ہاں اگر کوئی بدبخت ایسا کرتا ہے تو وہ علمی اعتبار سے نہ شیعہ کی تعریف میں آتا ہے نہ غالی شیعہ کی تعریف میں اور نہ ہی رافضی کی تعریف میں آتا ہے بلکہ وہ

کوئی اور ہی بلا ہے۔ میں تو کہتا ہوں کہ کوئی حلالی شیعہ یارانِ مصطفیٰ ﷺ کو نہ گالی دینا پسند کرتا ہے اور نہ ہی برا بھلا کہنا پسند کرتا ہے بلکہ علی خامنائی کے فتوے کے مطابق آج کا مہذب اور تعلیم یافتہ شیعہ ایسا کرنا حرام سمجھتا ہے بلکہ اتنا آگے بڑھ گیا ہے کہ مقدسات اہلسنت کی تعظیم کرنا اپنے اوپر لازمی سمجھتا ہے۔

صحابہ کرام پر سب وشتم سب سے پہلے کس نے کیا؟

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد حالات انتہائی کشیدہ ہو گئے، ان ہنگامہ خیز حالات میں قاتلینِ عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے قصاص لینے میں قدرے تاخیر ہو گئی کیونکہ امویوں نے سرے سے خلافتِ راشدہ کو ماننے سے صراحتًا انکار کر دیا اور تاخیر سے فائدہ اٹھاتے ہوئے یہ زہریلا پروپیگنڈہ پھیلا دیا کہ قتل عثمان رضی اللہ عنہ کے ذمہ دار علی علیہ السلام ہیں جس پر مظلوم شہید حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے حمایتیوں نے برملا حضرت علی رضی اللہ عنہ پر گالی گلوچ شروع کر دی۔ رد عمل کے طور پر کچھ شیعان علی علیہ السلام نے سب وشتم کی جوابی کاروائی کی، جس سے امویوں نے مزید فائدہ اٹھایا۔ مزید زہریلا پروپیگنڈہ پھیلایا۔

یہ لوگ صحابہ کرام کو گالیاں دیتے ہیں حالانکہ یہ سب جوابی کاروائی تھی، ابتداء عثمانیوں نے کی بعد ازاں امویوں نے اس خباثت کو سرکاری طور پر شروع کر دیا ستر ہزار منبروں پہ سے اہلبیت نبوت کو گالیاں بکی جاتی رہیں۔ لیکن حیرت ہے شیعانِ علی کی جوابی کاروائی کا ہر زمانے میں نوٹس لیا گیا اہل علم نے کفر تک کے فتوے صادر کیے مگر آج تک کسی اہل علم نے اہل بیت

نبوت کو منبروں پر سے دفتروں سے، شاہی محلات سے دی جانے والی گالیوں کا نوٹس نہیں لیا۔ یہ شرم ناک حد تک اخلاقی گراوٹ ہے۔ اور علمی بد دیانتی بھی ہے۔

اہلبیت نبوت کو گالی دینے والا تین مرتبہ کافر ہے اور خنزیر سے بدتر ہے

۱. ہمارے علماء اہلسنت نے صحابہ کرام پر سب و شتم کرنے والوں کو بالخصوص شیخین پر گالی گلوچ کرنے والوں کو کافر کہا ہے کیونکہ صحابیت ایک دینی حرمت ہے دین کی کسی حرمت کی اہانت کفر ہے۔ فقیر نے بھی اپنے اکابر علماء کی تقلید کرتے ہوئے یہ فتویٰ دیا ہے کہ اہلبیت نبوت بھی اوّلاً شرفِ صحابیت کی شان ہیں اور دینی حرمت ہیں لہٰذا اس اعتبار سے اس دینی حرمت کی اہانت کرنے والا بدرجہ اتم کافر ہے۔

۲. اہلبیت نبوت، اہلبیت ہونے کے حوالے سے صحابہ کرام سے کہیں زیادہ افضل و اعلیٰ ہیں۔ جب مفضول کی اہانت کفر ہے تو افضل کی اہانت بدرجہ اتم کفر ہے۔ کیونکہ فرمانِ نبوت کے مطابق اہلبیت نبوت اللہ تعالیٰ کی حرمتیں ہیں اور اللہ تعالیٰ کی حرمت کی اہانت کفر ہے۔ لہٰذا اہلبیت نبوت کی توہین کرنے والا بہر اعتبار کافر ہے۔ تفصیلات انوار الثقلین علی رد مطلع القمرین میں ملاحظہ فرمائیں۔

۳. اہلبیت نبوت نے دین کی خاطر جانی، مالی اولادی ایثار کیا، قرآن عظیم کی بہت ساری آیات بینات نے اس ایثار ووفا کو پذیرائی بخشی، ان کے مقدس رویوں کی حرمت کو نصًا بیان فرمایا، نصوصِ قرآن کو بے حیثیت کرنا کفر ہے۔

CamScanner

۴۔ حیرت ہے اعلیٰ حضرت نے عالم کو عویلم کہنے والے کو کافر قرار دیا مگر حسنین کریمین کو گالی دینے والے کو کافر نہیں کہا آخر کیوں؟ اہلبیت نبوت کو گالی دینا براہ راست وجودِ نبوت کو گالی دینا ہے۔ یہ فرمان رسالت ہے۔ نعلین مقدس کو نُعیل کہنے والا کافر بھی ہے واجب القتل بھی ہے۔ مگر جگر گوشۂ نبوت کو وجود نبوت کے حصے کو گالی دینے والا کافر نہیں؟ کیا حسنین رضی اللہ عنہما کا مقام نعلین سے بھی کم ہے؟

اہلبیت نبوت اعلیٰ حضرت کے مطابق چونکہ اجزائے وجود نبوت ہیں لہٰذا اجزاء کی توہین وجود نبوت کی توہین ہے بنابریں وجودِ نبوت کی توہین کرنے والا سب سے بڑا کافر ہے۔

✔ نوٹ:۔ میں نے اہلبیت نبوت کو گالی دینے والے کو خنزیر سے بدتر کہا ہے میں نے اعلیٰ حضرت کی تقلید میں کہا کیونکہ انھوں نے یزید ملعون کے باپ کو برُا بھلا کہنے والے کو جہنم کا کتا کہا ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ علی علیہ السلام کے مقام کی نسبت یزید ملعون کے باپ سے کہیں زیادہ بلند ہے۔ بنابریں اگر مفضول کو گالی دینا انسان کو جہنم کا کتا بناتا ہے تو افضل کو گالی دینا کہیں زیادہ برا ہے پھر کتے سے بدتر خنزیر ہی ہو سکتا ہے کیونکہ یہ نجس العین ہے۔

اعلیٰ حضرت کے فتوے کی قوت میں بطور دلیل ایک مجہول شاعر کا چرایا ہوا شعر ہے جب کہ فقیر فریدی کے فتوے کی قوت میں فرمان رسالت ہے "مُقَیحة" لفظ نصًا منصوص ہے بنا بریں یہ کہنا بجا ہے کہ اہل بیتِ نبوت پر بھونکنے والا بدترین کافر بھی ہے اور بدرجہ اتم خنزیر بھی ہے۔ تفصیلات کے لیے فقیر کی کتاب "الاعتقاد النبویۃ" میں ملاحظہ فرمائیں۔

CS CamScanner

کیا رافضی، غالی شیعہ حدیث کی سند میں قابل اعتماد ہے؟

آپ پہلے ملاحظہ کر چکے ہیں کہ ہمارے علماء اہلسنت کی بیان کردہ رافضی، شیعہ غالی اور سادہ شیعہ کی تعریفات میں کوئی ایسا لفظی یا معنوی قرینہ نہیں پایا گیا جس پر روافض و شیعہ رواۃ کی اہلیت روایت کو چیلنج کیا گیا ہو جس میں روافض و غالی شیعہ روایتِ حدیث کی حیثیت کالعدم قرار دی گئی ہو۔ ہاں اتنی احتیاط ضرور بتائی ہے اہل علم نے کہ جو روایت رافضی کے وضعی عقیدے کی مؤید ہو وہ روایت قبول نہیں۔ بقیہ تمام روایات رافضی کی عدالت و اتقان کی صورت میں قابل قبول ہے۔ بہت سارے علماء اس طرف گئے ہیں خاص کر اعلیٰ حضرت نے بھی فتاویٰ رضویہ شریف میں اس کی وضاحت فرما دی ہے۔ ہمارے اصول حدیث کے ماہرین نے بھی کھلی وضاحت دے دی ہے کہ تشیع نقص حدیث نہیں۔

(الاحادیث الواردۃ فی فضائل الصحابۃ من الرجال)

امام ذہبی کا اعترافِ حقیقت

امام ذہبی میزان الاعتدال فی نقد الرجال میں ابان بن تغلب کے ترجمہ میں بدعتی راوی پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا

"اِنَّ الْبِدْعَةَ عَلٰی ضَرْبَیْنِ فَبِدْعَةُ الصُّغْرٰی كَغُلُوِّ التَّشَيُّعِ اَوْ كَالتَّشَيُّعِ بِلَا غُلُوٍّ وَلَا تُحَرُّفٍ"۔

بدعت دو قسم پر ہے۔(۱) بدعت صغریٰ:۔ جیسے غالی شیعہ ہونا یا صرف شیعہ ہونا، محرف نہ ہو۔

غالی شیعہ کی تعریف گزر چکی ہے کہ وہ حضرت علی علیہ السلام کو سب سے افضل مانتے ہیں

CamScanner

حالانکہ شیخین سے بھی افضل مانتے، ان کی امامت منصوص مانتے ہیں۔ (فریدی)

بدعتِ صغریٰ کا حکم:۔

"فَهٰذَا كَثِيْرٌ فِي التَّابِعِيْنَ وَتَابِعِيهِم مَعَ الدِّيْنِ وَالْوَرَعِ وَالصِّدْقِ، فَلَوْ رُدَّ حَدِيْثُ هٰؤُلَاءِ لَذَهَبَ جُمْلَةٌ مِنَ الْآثَارِ النَّبَوِيَّةِ ﷺ وَهٰذِهٖ مُفْسِدَةٌ بَيِّنَةٌ"۔

اکثر تابعین اور تبع تابعین غالی شیعہ تھے یا وہ صرف شیعہ تھے، اگر ان کے تقوے اور ورع کے باوجود بھی ان کی روایات کو قبول نہ کیا جائے، رد کر دیا جائے تو روئے کائنات سے تمام فرامین رسول ﷺ ضائع ہو جائیں گے۔ آثار نبوت تمام کے تمام ختم ہو جائیں گے اور یہ بہت بڑا فساد ہے۔ (میزان الاعتدال ذہبی)

نوٹ:۔ اگر تشیع یا غلو فی التشیع حب علی ہے تو یہ ایک مؤمن کی فطرت ہے اور ہونا بھی چاہیے کیونکہ اس کا حکم مودتِ قربیٰ کی عظمت میں اللہ تعالیٰ بھی دیتا ہے اور رسول خدا ﷺ بھی دیتے ہیں مگر اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں اس غلو کے نشے میں تمام صحابہ کرام خصوصاً شیخین کریمین رضی اللہ عنہما بے حیثیت کر دیے جائیں، اس کی نہ شریعت میں گنجائش ہے اور نہ شیعیت میں گنجائش ہے کیونکہ ہماری بیان کردہ تعریف رفض، شیعہ میں ایسی کوئی دلالت موجود نہیں۔ اگر کوئی حب علی کے نشے میں صحابہ کرام بالخصوص شیخین کریمین کو بے حیثیت کرتا ہے تو یہ نہ شیعہ ہے نہ رافضی، یہ کوئی اور ہی بلا ہے کیونکہ حب علی کسی کے مقابلے میں نہیں، جب خود حضرت علی علیہ السلام سارے سنگین حالات کے باوجود بھی صحابہ کرام بالخصوص شیخین کا احترام فرماتے رہے ہیں تو شیعانِ علی پر اتباع علی واجب ہے۔ اگر کوئی علی کا شیعہ حضرت علی کی اتباع نہیں کرتا تو اس کی محبت کا دعویٰ محض بیکار ہے۔ حضرت علی کی اخلاقی قدروں کی توہین اور انکار

CamScanner

-۷

(۲) بدعتِ کبریٰ:-

رفض میں غلو کرنا، حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کو ان کے مرتبے سے گرانا اور لوگوں کو اس مذہب کی دعوت دینا، اس قسم کا رافضی قابل حجت نہیں اور نہ ہی قابل احترام و تکریم ہے۔ اب اس قسم کا آدمی نہ صادق ہے اور نہ ہی مامون ہے بلکہ اس کا شعار کذب ہے۔ تقیہ اور نفاق اس کا اوڑھنا ہے۔ تو ایسے شخص کی نقل کسی جماعت میں ہر گز قابل قبول نہیں۔

صحابہ کرام کے زمانے میں غالی اسے کہا جاتا تھا جو حضرت عثمان، زبیر اور طلحہ کو بُرا کہتا تھا اور معاویہ کو آڑے ہاتھوں لیتا تھا اور اس گروہ کو گالیاں دیتا تھا جو حضرت علی علیہ السلام سے جنگ کرتا ہو۔ اور ہمارے زمانے میں ہمارے عرف میں غالی اسے کہتے ہیں جو ان بزرگوں کی تکفیر کرتا ہے اور شیخین سے بھی تبرا (بیزاری) کا اظہار کرتا ہے پس ایسا شخص انتہائی گھٹیا ہے گمراہ ہے۔ (میزان الاعتدال ذہبی) کاش ذہبی یہ بھی وضاحت فرما دیتے کہ جو علی کو گالیاں دیتا ہے وہ گھٹیا اور گمراہ ہے۔ (فریدی)

نوٹ:- ذہبی کی وضاحت کے مطابق ابان بن تغلب صرف تفضیل علی کا قائل تھا شیخین کو بُرا نہیں کہتا تھا۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے نصاً ابان بن تغلب کی توثیق کی ہے اور کہا ہے کہ اگرچہ اس کا مذہب شیعہ تھا اس کے باوجود بھی وہ اہل صدق سے تھا، اس کی روایت قبول ہو گی۔ (تہذیب التہذیب عسقلانی)

حافظ ابن حجر عسقلانی کی وضاحت:

پس تشیع متقدمین کے عرف میں حضرت علیؓ کا حضرت عثمان پر افضل ہونے کا عقیدہ رکھنا

CamScanner

ہے اور یہ عقیدہ رکھنا ہے کہ تمام جنگوں سے علی علیہ السلام ہی حق پر تھے اور ان کا مخالف خطا پر تھا اور حضرت علی کی تقدیم کا عقیدہ رکھنا کہ علی مقدم ہیں شیخین پر اور یہ بھی اکثر اوقات شیعہ کا عقیدہ رہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت علی افضل الخلق ہیں۔ اگر یہ عقیدہ ورع، تقویٰ اور اجتہاد پر مبنی ہے تو ایسے راوی کی روایت قبول ہو گی خصوصاً روایت جو شیعہ رافضی کے عقیدے کی داعی نہ ہو۔ متاخرین کے عرف میں تشیع محض رفض ہے، غالی رافضی کی روایت مردود ہے اور غالی رافضی کی کوئی تکریم نہیں، ابان بن تغلب اگرچہ غالی شیعہ تھے مگر وہ صحابہ کرام پر خاص کر شیخین کریمین پر تبرا نہیں کرتے تھے، بنابریں ان کی حدیث بہر صورت قبول ہو گی۔
(تہذیب التہذیب)

مسلمان کو گالی دینا شرعاً حرام ہے

اسلام کے اخلاقی نظام میں انسانی تکریم اولین ترجیح ہے۔ خصوصاً مسلمان بہر صورت صاحب فضیلت ہے اس کی اہانت قطعاً جائز نہیں اس کو کعبۃ اللہ پر بھی ایک گونہ فضیلت ہے۔

جب عام مسلمان کو گالی دینا حرام ہے تو صحابہ کرام کو گالی دینا تو بدرجہ اتم حرام ہے بالخصوص اہلِ بیتِ نبوت کو گالی دینا تو شدید حرام ہے بلکہ حسب ضابطہ شریعت بھی تین مرتبہ کفر ہے۔ مگر حیرت ہے ہمارے علماء کو بعض خبیث قسم کے رافضیوں کی گالی گلوچ تو یاد ہے لیکن اُموی غنڈوں کی غنڈہ گردی یاد نہیں یہ خسیس لوگ نبوی منبروں پر بھی اہلِ بیتِ نبوت کو گالیاں بکتے رہے، کفر بھی ان کمینوں کے لیے چھوٹا لفظ ہے۔ علماء اہلسنت کو بیلنس قائم رکھنا ہو گا۔

اُصولیوں کے نزدیک روافض کی اقسام

-۲

(۲) بدعتِ کبریٰ:۔

رفض میں غلو کرنا، حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کو ان کے مرتبے سے گرانا اور لوگوں کو اس مذہب کی دعوت دینا، اس قسم کا رافضی قابل حجت نہیں اور نہ ہی قابل احترام و تکریم ہے۔ اب اس قسم کا آدمی نہ صادق ہے اور نہ ہی مامون ہے بلکہ اس کا شعار کذب ہے۔ تقیہ اور نفاق اس کا اوڑھنا ہے۔ تو ایسے شخص کی نقل کسی جماعت میں ہرگز قابل قبول نہیں۔

صحابہ کرام کے زمانے میں غالی اسے کہا جاتا تھا جو حضرت عثمان، زبیر اور طلحہ کو بُرا کہتا تھا اور معاویہ کو آڑے ہاتھوں لیتا تھا اور اس گروہ کو گالیاں دیتا تھا جو حضرت علی علیہ السلام سے جنگ کرتا ہو۔ اور ہمارے زمانے میں ہمارے عرف میں غالی اسے کہتے ہیں جو ان بزرگوں کی تکفیر کرتا ہے اور شیخین سے بھی تبرا (بیزاری) کا اظہار کرتا ہے پس ایسا شخص انتہائی گھٹیا ہے گمراہ ہے۔ (میزان الاعتدال ذہبی) کاش ذہبی یہ بھی وضاحت فرما دیتے کہ جو علیؑ کو گالیاں دیتا ہے وہ گھٹیا اور گمراہ ہے۔ (فریدی)

نوٹ:۔ ذہبی کی وضاحت کے مطابق ابان بن تغلب صرف تفضیل علی کا قائل تھا شیخین کو بُرا نہیں کہتا تھا۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے نصاً ابان بن تغلب کی توثیق کی ہے اور کہا ہے کہ اگرچہ اس کا مذہب شیعہ تھا اس کے باوجود بھی وہ اہل صدق سے تھا، اس کی روایت قبول ہوگی۔ (تہذیب التہذیب عسقلانی)

حافظ ابن حجر عسقلانی کی وضاحت:

پس تشیع متقدمین کے عرف میں حضرت علیؓ کا حضرت عثمان پر افضل ہونے کا عقیدہ رکھنا

ہے اور یہ عقیدہ رکھنا ہے کہ تمام جنگوں سے علی علیہ السلام ہی حق پر تھے اور ان کا مخالف خطا پر تھا اور حضرت علی کی تقدیم کا عقیدہ رکھنا کہ علی مقدم ہیں شیخین پر اور یہ بھی اکثر اوقات شیعہ کا عقیدہ رہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت علی افضل الخلق ہیں۔ اگر یہ عقیدہ ورع، تقویٰ اور اجتہاد پر مبنی ہے تو ایسے راوی کی روایت قبول ہو گی خصوصاً روایت جو شیعہ رافضی کے عقیدے کی داعی نہ ہو۔ متاخرین کے عرف میں تشیع محض رفض ہے، غالی رافضی کی روایت مردود ہے اور غالی رافضی کی کوئی تکریم نہیں، ابان بن تغلب اگرچہ غالی شیعہ تھے مگر وہ صحابہ کرام پر خاص کر شیخین کریمین پر تبرا نہیں کرتے تھے، بنابریں ان کی حدیث بہر صورت قبول ہو گی۔ (تہذیب التہذیب)

مسلمان کو گالی دینا شرعاً حرام ہے

اسلام کے اخلاقی نظام میں انسانی تکریم اولین ترجیح ہے۔ خصوصاً مسلمان بہر صورت صاحب فضیلت ہے اس کی اہانت قطعاً جائز نہیں اس کو کعبۃ اللہ پر بھی ایک گونہ فضیلت ہے۔

جب عام مسلمان کو گالی دینا حرام ہے تو صحابہ کرام کو گالی دینا تو بدرجہ اتم حرام ہے بالخصوص اہلِ بیتِ نبوت کو گالی دینا تو شدید حرام ہے بلکہ حسب ضابطہ شریعت بھی تین مرتبہ کفر ہے۔ مگر حیرت ہے ہمارے علماء کو بعض خبیث قسم کے رافضیوں کی گالی گلوچ تو یاد ہے لیکن اُموی غنڈوں کی غندہ گردی یاد نہیں یہ خسیس لوگ نبوی منبروں پر بھی اہلِ بیتِ نبوت کو گالیاں بکتے رہے، کفر بھی ان کمینوں کے لیے چھوٹا لفظ ہے۔ علماء اہلسنت کو بیلنس قائم رکھنا ہو گا۔

اُصولیوں کے نزدیک روافض کی اقسام

CamScanner

ہمارے علماء اہلسنت نے شیعہ، غالی شیعہ پر تو روایتِ حدیث میں کوئی قدغن نہیں لگائی ان کی روایات کو بطیب خاطر قبول فرمایا ہے جہاں تک روافض کا معاملہ ہے ان پر اپنے تحفظات کا اظہار فرمایا ہے۔ اصطلاحاً ان کے مختلف درجات بیان فرمائے ہیں پھر غالی روافض کے مختلف احوال کی نشاندہی فرمائی ہے۔ ملاحظہ ہو۔

۱) رافضی: شتام: سلف کو گالیاں بکنے والا۔

۲) رافضی خبیث: سلف کو گالیاں بکنے والا۔

۳) رافضی زائغ: بدمذہب

۴) رافضی بغیض: بغض صحابہ کرام رکھنے والا۔

۵) رافضی مجاہر: کھلے عام سلف سے نفرت کرنے والا۔

۶) رافضی مفتری: جھوٹ باندھنے والا۔

۷) رافضی مبتدع: فاسق بدعت کو فروغ دینے والا۔

۸) رافضی عتق: سلف کو گالیاں بکنے والا۔

۹) رافضی محترق (جلا ہوا) سلف کو گالیاں بکنے والا۔

۱۰) رافضی مثل الحمار (گدھے کی طرح) سلف کو گالیاں بکنے والا۔

۱۱) رافضی مفرط (حد سے بڑھنے والا بدمذہب)

۱۲) سادہ رافضی (تقدیم و تفضیل علی کا قائل)

۱۳) غالی رافضی بدمذہب

۱۴) رافضی شیان: سلف کو گالیاں بکنے والا۔

۱۵) رافضی خشبی مفرط سلف کو گالیاں بکنے والا۔

CS CamScanner

۱۶) رافضی جائر سلف کو گالیاں بکنے والا۔

۱۷) مختاری رافضی: مختار ثقفی کا پیروکارو۔ (تہذیب الکمال: میزان الاعتدال: تہذیب التہذیب)

نوٹ:۔ مذکورہ بالا تمام اقسامِ روافض سُنی صحاح ستہ کے راوی ہیں ممانعت کے باوجود بھی ان کی روایت قبول کی گئی ہے، ان کے صدق، امانت، اتقان، عدالت پر اعتماد کیا گیا ہے۔ سادہ رافضیت پر ہمارے علماء کو بھی کوئی اعتراض نہیں حدیث کی سند میں۔

اصل رافضی کون؟

آج کل ہمارے علماء اہلسنت بالخصوص فرقہ خطائیہ نے رافضی رافضی کی رٹ لگائی ہوئی ہے جو ان کے وضعی تصور دین کو نہیں مانتا اسے ٹھوک رافضی کہتے ہیں۔ رفض یا رافضہ اس جماعت کو کہتے ہیں جو اپنے امام کو چھوڑ کر الگ ہو جائیں۔ (المنجد عربی اردو) اب دیکھنا یہ ہوگا اسلام میں سب سے پہلے امام برحق کو کس نے چھوڑا ہے؟ خلافتِ راشدہ میں کسی نے بھی خلیفہ یا امام کو نہیں چھوڑا۔ البتہ سب سے پہلے جس نے خلیفہ برحق علی علیہ السلام کو چھوڑا بلکہ ان کے خلاف علم بغاوت بلند کیا وہ ان مولویوں کا ماموں جان ہے اور یزید ملعون کا باپ ہے۔ لغوی اعتبار سے رافضیت یہاں سے شروع ہوئی۔ اگر رافضیت کا جائزہ علماء اہلسنت کی اصطلاحی تعبیرات سے لیا جائے تو علماء اہلسنت کے مطابق غالی، شیطان، جائر، زائغ، مجاھر، بغیض، شتام، عتق، مفرط، خشبی، مثل الحمار، مفتری، خبیث مبتدع، محترق، مختاری، رافضی وہ ہے جو صحابہ کرام سے بغض رکھتا ہے وہ رافضی ہے۔ ہم اسی اصول کو مد نظر رکھتے ہوئے اصل روافض کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ بغض صحابہ کرام چونکہ رافضیت ہے۔ مولا مشکل کشا تاجدارِ ھل اتیٰ مجتبیٰ، مھتدی،

CS CamScanner

مقتدیٰ شان اولیاء، معراج اتقیاء، حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام چونکہ اول الاصحاب ہیں اور افضل الاصحاب ہیں ان کی توہین، ان کو گالی گلوچ، ان سے بغض اصل رافضیت ہے بلکہ فرمانِ نبوت کے مطابق ان کو گالی دینا ان سے بغض رکھنا، انسان کو حرامی، حیضی، منافق بنا دیتا ہے۔ رافضیت تو ان شناختوں سے بہت چھوٹی ہے۔ تو حسب قاعدہ اہلسنت رافضی وہ ہے جس میں بغض صحابہ کرام ہے اور وہ کمینہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر سب و شتم کرتا ہے۔ جب عام صحابی سے بغض رکھنے والا کمینہ رافضی ہے تو علی المرتضیٰ علیہ السلام سے بغض و عناد رکھنے والا بدرجہ اتم رافضی ہے۔ اس کی رسمی روایت اموی دور میں پڑی ہے، اور باقاعدہ اس بغض و عناد کو گالی گلوچ کو قانونی حیثیت دی گئی، گویا اس اعتبار سے اصل رافضی بنو امیہ قرار پائے۔ شیعہ روافض بعد کی پیداوار ہے اور وہ جوابی کاروائی کی صورت میں ہے۔

اُموی رافضی اور شیعہ رافضی کا اُصولی حکم

روافض خواہ اُموی ہوں یا شیعہ، حکم میں یکساں ہیں۔ حافظ ابن حجر عسقلانی اور امام ذہبی کی وضاحت کے مطابق غالی روافض کی نہ تکریم ہے اور نہ ہی ان کی روایت قابل قبول ہے۔

(تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

یہاں صرف فقہ حنفی کی نامور شخصیت ملا علی قاری کی وضاحت پیش کی جا رہی ہے۔

جو شخص کسی صحابی کو گالی دیتا ہے وہ مبتدع اور فاسق ہے بالاجماع، اگر اس گالی دینے کو وہ اعتقاداً جائز سمجھتا ہے اور صحابہ کرام کے کفر کا قائل ہے تو بالاجماع وہ کافر ہے۔

"ثُمَّ مَنْ اَحْدَثَ بَنُو اُمِيَّة سَبَّ عَلِيًّا وَ اتباعه فِي الْخُطْبَةِ مدةً مُعَيَّنَةٍ ۔۔ الخ"

اس بدعتِ ملعونہ کی باقاعدہ ابتداء بنو اُمیہ نے کی اپنے خطبوں میں مولا علی علیہ السلام اور ان

کے متبعین پر کھلے عام گالی گلوچ کرتے۔ (اقتباسات شم العوارض فی ذم الروافض)

ایک قول کے مطابق ان کی توبہ بھی قبول نہیں کیونکہ اس بدعت کو انھوں نے قربت اور طاعت جان کر آغاز کیا۔ تاہم شیعہ کا ایک گروہ ہے جو صحابہ کرام پر سب و شتم کرتا ہے تمام شیعہ ایسے نہیں، جو شیعہ سبِّ صحابہ کرام نہیں کرتے ان کی روایت ہر صورت قبول ہے کیونکہ ان کی عدالت، ثقاہت، ضبط، اتقان، حفظ ایک مسلم حقیقت ہے۔ رہے گالیاں بکنے والے وہ کسی بھی صورت قابلِ قبول نہیں کیونکہ یہ گالیاں بکنا جب عام آدمی مسلمان کے لیے فسق قرار دیا گیا ہے اور فاسق اہل شہادت نہیں بنا بریں ایسے راویوں کی روایت کا کوئی اعتبار نہیں۔ یہ وضاحت ذہبی اور ابن حجر بھی دے چکے ہیں۔ (شم العوارض)

خلاصہ کلام:۔ غالی رافضی اُموی ہو یا شیعہ رافضی ہو دونوں کی بنا بغض ہے بنا بریں ان کا کہیں بھی اعتبار نہیں کیا جائے گا۔ ویسے بغض اہلِ بیتِ نبوت تو اور نقصان دہ ہے یہ آدمی کو حرامی، حیضی اور منافق بنا دیتا ہے۔ (الحدیث)

فقیہانِ حرم کی چالاکیاں

ہر دور میں ملاں ازم نے طاقت کا ساتھ دیا۔ چڑھتے سورج کو سلام کیا۔ چند کوڑیوں کے عوض ایمان بیچا۔ علمی قدروں کو پائمال کیا، اخلاقی حرمتوں کا قتل کیا، نصوصِ الٰہیہ اور نصوصِ نبوت کی من مانی تحریف کی، الا ماشاء اللہ۔ رفض کے ضمن میں بھی بے اعتدالیوں کا شکار ہو گئے۔ اگر شیعانِ علی سے کسی نے حد سے تجاوز کیا جو اپنی کاروائی کی صورت میں تو فقیہان حرم لٹھ لے کر اس کے پیچھے چڑھ دوڑے، تکفیر تک کر ڈالی اس میں کوئی شک نہیں کہ صحابیت ایک دینی حرمت ہے، شرف ہے، تقدس ہے، اس کی پائمالی کفر سے بھی بدتر ہے، مگر حیرت ہے

آج تک فقیہانِ حرم کو اہل بیتِ نبوت کی شانِ صحابیت نظر نہیں آئی، نجانے کیوں؟

حالانکہ اہل بیتِ نبوت محض صحابی نہیں بلکہ شرفِ صحابیت کی شان ہیں۔ پھر اہل بیتِ نبوت کا تقدس آیات قرآن میں نصًا منصوص ہے اور منفرد ہے۔ ان نصوص کی بھی حرمت فقیہان حرم کو نظر نہیں آئی، نجانے کیوں؟

اہل بیتِ نبوت کی دینِ حق کی خاطر قربانیاں، ایثار و وفا کے مقدس نقوش جو نصوصِ قدرت و نبوت میں ضوء افشاں ہیں وہ نظر نہیں آئے نجانے کیوں؟ اگر یہ دینی حرمتیں فقیہانِ حرم کو نظر آ جاتیں تو نصوصِ قدرت و نبوت کی پائمالی کرنے والوں کی فقیہانِ حرم ضرور تکفیر کرتے یا کوئی دینی مواخذہ کرتے۔ اس بابت صرف اتنا کہوں گا کہ یا تو فقیہان حرم اندھے ہیں تو اس صورت میں وہ معذور و معفو ہیں اگر اندھے نہیں تو اموی جبر کے سامنے سرنگوں تھے اس صورت میں بھی معذور و معفو ہیں۔

اگر اندھے بھی نہیں تھے، اموی جبر کے سامنے مجبور و مضطر بھی نہ تھے تو پھر اس کی دو صورتیں ہیں۔

۱۔ یا تو فقیہانِ حرم کو اُموی رشوت نے دبوچے رکھا جس سے وہ اپنی غیرت ایمانی کا سودا کرتے رہے۔

۲۔ یا پھر بنو امیہ کے ہمنوائے ذوق رہے۔ بغض اہل بیتِ نبوت کو اپنے اندر پالے رکھا۔ اگر ایسا ہے تو اس صورت میں فقیہان حرم سے کوئی گلہ نہیں۔ دھڑے باز دوہری چالیں بھی چلتے ہیں، چالاکیاں بھی کرتے ہیں۔ اسی لیے فقیہان حرم نے بڑی چالاکی کے ساتھ اُموی مظالم کو اجتہاد کا درجہ دیا ہوا ہے۔ سوالاکھ مسلمانوں کے قتل عام پر بھی اُمویوں کو مستحق ثواب قرار دیا ہے۔ فقیہان حرم نے کیا خوب صورت چالاکی کی ہے۔ فقیہان حرم کے اسی دین کو علامہ اقبال نے

"دینِ ملاں فی سبیل اللہ فساد" کہا ہے اور یہ اقبال کا قلندر انھیں بلکہ حدیث نبوی ہے۔ فرمان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم "اِنَّ اَشَرَّ الشَّرِّ العلماء، شرار الخلق العلماء" کائنات کا بدترین شر ملاں ازم ہے کائنات کی بدترین مخلوق ملاں ازم ہے۔ دین فروش ملاؤں کی مذمت نبوی فیصلہ آگیا۔
(مشکوٰۃ المصابیح باب الاعتصام)

معاصر فقیہانِ حرم سے سوال

آج کل فقیہانِ حرم بالخصوص خطائی بھائی رافضیت کے خلاف بڑے متحرک نظر آتے ہیں انھوں نے اہلسنت کی مقتدر شخصیات کو بھی رافضیت کے کھاتے میں ڈالا ہوا ہے بالخصوص سادات عظام ان کے ہدف و نشانے پر ہیں۔

خصوصا: شیخ الاسلام سید ریاض حسین شاہ صاحب، حجۃ الاسلام سید عرفان شاہ صاحب مشہدی، امام اہلسنت السید الشریف محمد انور شاہ صاحب الگیلانی، حجۃ الاسلام سید عبدالقادر شاہ صاحب حسینیہ شریف پنڈی والے جانشین امیر ملت سید منور حسین شاہ صاحب علی پوری، شیخ الاسلام محسن اہلسنت ڈاکٹر محمد طاہر القادری صاحب منہاج القرآن والے تو ہر وقت نشانے پر ہیں۔

سوال یہ ہے کہ اگر یہ نفوسِ عظمت رافضی ہیں تو ان کی طرف سے ایک حرف رفض پر مبنی ثابت کر دیں، قیامت تک چیلنج ہے۔ ساری زندگی ان عظمت مآب لوگوں کی اہلسنت کے دفاع وخدمت میں گزری ہے آخری سانسوں تک یہ عہدِ وفا نبھانے میں اپنی مخلصانہ جدوجہد

جاری رکھے ہوئے ہیں ان کو رافضی کہنا چاند پر تھوکنے کے مترادف ہے۔

ہاں یہ ضرور ہے کہ فقیہان حرم کو بالخصوص خطائی بھائیوں کو ان عظیم لوگوں کی آفاقی عظمت، عظیم دینی خدمات، شہرت، علمی تبحر، سماجی وقار اور دولت کی فراوانیاں ہضم نہیں ہو رہے اس کے علاوہ ان کا یہ بھی قصور ہے کہ یہ عظیم ترین لوگ دفاع اہلِ بیتِ نبوت کر رہے ہیں۔ لہٰذا دشمنانِ اہلِ بیتِ نبوت کو یہ کبھی بھی برداشت نہیں اور یہ ایک تاریخی مسلمہ حقیقت ہے کہ اہلِ بیتِ نبوت کا دینی وقار، اخلاقی برتری کائنات کے باسیوں کے دلوں میں مودت کا نور اُمویوں کو ذرہ بھی برداشت نہیں ہوا آج ان کے ریزہ خواروں کو بھی معاصر اہلِ بیتِ نبوت کا شرف برداشت نہیں کیوں کہ یہ گلی گلی میں علی علی کی نور بیزیاں کر رہے ہیں۔

سُنی صحاح ستہ میں غالی شیعہ، روافض کی بھرمار

صحیح بخاری و مسلم، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، سنن ابو داؤد میں تقریباً پونے سولہ ہزار حدیثوں کے راوی شیعہ ہیں، غالی شیعہ ہیں، رافضی شیعہ ہیں، غالی رافضی ہیں، شتام، خبیث، مجاھر، شیطان، مفرط، بغیض، محترق، مبتدع، عتق، مثل الحمار، شیطان، مختاری، جائر، زائغ، خبیث، ہر قسم کے رافضی راوی جن کی تعداد تقریباً دو سو کے قریب ہے یہ صحاح ستہ کے راوی ہیں۔ اہلسنت کے تمام محدثین نے ان کی عدالت، ثقاہت، اتقان، حفظ پر نصًا اعتماد کیا ہے۔ اصول شرع کے مطابق بد اخلاق فاسق اہلِ شہادت نہیں ہو سکتا تو بد عقیدہ جن میں بہت سارے لوگوں کی تکفیر بھی کی گئی ہو کیسے اہل شہادت ہو سکتا ہے؟ اصول روایت کا اصل مبنی اُصول شہادت ہے۔ (شرح نخبۃ الفکر، تدریب الراوی، مقدمہ ابن الصلاح)

جو شخص اہل شہادت نہیں وہ حدیث کا راوی بھی نہیں ہو سکتا۔ رافضی چونکہ بد عقیدہ ہیں

CamScanner

علماء اہلسنت کی نظر میں ، لہٰذا جس حدیث کی سند میں غالی رافضی راوی ہیں اصول اہلسنت کے مطابق وہ تمام روایات مردود ہیں کیونکہ ان کے راویوں کی حیثیت کالعدم قرار دی گئی ہے۔ بدعقیدگی کیوجہ سے۔ لہٰذا یہ تمام روایات جن کی تعداد تقریباً سولہ ہزار کے قریب ہے یہ سب صحاح ستہ سے نکال دی جائیں ، کیونکہ علماء اہلسنت ، ذہبی ، عسقلانی کے نزدیک غالی رافضی نہ قابل اعتماد ہے اور نہ ہی قابل احترام۔

نوٹ:۔ سنی صحاح ستہ صرف ستہ میں منحصر نہیں بلکہ پچاس سے زائد کتب حدیث ایسی ہیں جو صحاح میں شمار ہوتی ہیں۔ پھر مسانید میں سینکڑوں کتابیں ہیں۔ ان کے علاوہ معاجیم میں بھی سینکڑوں کتب حدیث ہیں۔ علاوہ ازیں دیگر اصناف کتب حدیث جن میں ہزاروں شیعہ ، غالی شیعہ ، روافض بنیادی راوی ہیں۔ ذہبی کے مطابق اگر روافض ، غالی شیعہ کو نکال دیا جائے تو کائنات سے تمام آثار نبوت ختم ہو جائیں گے۔ (میزان الاعتدال ذھبی)

نوٹ:۔

سنی کتب تفاسیر ، سنی کتب سیرت ، سنی کتب تاریخ میں ایک محتاط اندازے کے مطابق تقریباً ساٹھ ہزار راوی ، شیعہ ، غالی شیعہ ، رافضی ، غالی رافضی ہیں۔ اگر ان کو ان کی بدعقیدگی کی وجہ سے اسناد حدیث سے نکال دیا جائے تو باقی کیا رہ جائے گا؟ خطائی بھائی اس کا جواب مہیا کریں۔

اُموی رافضی راوی کا اُصولی حکم

اُموی رافضی راوی ، شیعہ رافضی سے زیادہ بدعقیدہ بھی ہیں ، زیادہ خطرناک بھی ہیں کیونکہ اس کا جرم شیعہ رافضی سے بڑا ہے۔ شیعہ ، غالی رافضی ایک حرمت پائمال کرتا ہے کہ صحابہ کرام پر بھونکتا ہے۔ مگر اُموی رافضی تین حرمتیں پائمال کرتا ہے (۱) اہل بیت نبوت شرف

صحابیت کی بھی شان ہیں۔ (۲) ان کا اہلِ بیتِ نبوت ہونا بھی منصوص ہے ان کی تکریم بھی منصوص ہے۔ (۳) اہلِ بیتِ نبوت کی دینی حرمت بھی منصوص ہے۔ علماء اہلسنت کا فتویٰ ہے کہ دینی حرمت کو پائمال کرنے والا کافر ہے۔ اُموی روافض نے تین دینی حرمتوں کو پامال کیا۔ بنا بریں اُصول اہلسنت کے مطابق یہ خسیس لوگ تین مرتبہ کافر قرار پائے۔ بنابریں جس حدیث کی سند میں یہ بد اصل موجود ہوں اصول اہلسنت کے مطابق تو کسی بھی صورت میں قبول نہیں۔ اسی لیے رسالت پناہ عالم ﷺ نے اہلِ بیتِ نبوت کی حرمت کو پامال کرنے والے پر دس نبوی فیصلے فرمائے۔

۱) اہل بیت نبوت کی حرمت کو پائمال کرنے والا بد اصل ہے حرامی ہے، حیضی ہے، منافق ہے۔ (بیہقی، مسند الفردوس، میزان الاعتدال فی نقد الرجال)

۲) اہلِ بیتِ نبوت سے بغض رکھنے والے کے دل میں ایمان داخل ہی نہیں ہوتا۔ (ابن ماجہ، مستدرک حاکم، مسند امام احمد بن حنبل، سنن نسائی، بیہقی، شعب الایمان)

۳) اہلِ بیتِ نبوت سے بغض رکھنے والے پر اللہ تعالیٰ، تمام انبیاء علیہم السلام اور کائنات بھر کے لوگوں کی لعنت ہوتی ہے۔ (طبرانی، مجمع الزوائد، میزان ذہبی)

۴) اہلِ بیتِ نبوت کی اہانت کرنے والا ابلیس بنادیا جاتا ہے، ان کی مخالفت کرنے والا شیطان کا ساتھی ہے۔ (مستدرک حاکم)

۵) مُبغضِ اہلِ بیتِ نبوت قطعاً جہنمی ہے۔ (صحیح ابن حبان، مستدرک حاکم)

نوٹ:۔ تفصیلات کے لیے فقیر کی کتاب "عصمت فاطمۃ الزہراء اور قرآن عظیم" کا مطالعہ صفحہ نمبر ۲۲ سے ۳۱۲ تک فرمائیں تمام فتاویٰ جات مع تفصیلات وہاں موجود ہے۔ تاہم یہ طے ہے کہ اموی رافضی، غالی شیعہ رافضیوں کی طرح نہ قابل اعتماد ہے اور نہ ہی قابل تکریم، ان کی

روایات بدرجہ اتم مسترد کر دی جائیں۔

نوٹ:۔ مروان بن حکم ملعونِ زبان نبوت بھی ہے رافضی کمینہ بھی ہے، اہل بیتِ نبوت پر بھونکتا تھا، ناصبی بد اصل بھی ہے، مگر پھر بھی صحیح بخاری کا مستقل راوی بھی ہے، یہ کیا ڈراما ہے؟ صحیح بخاری میں بیس سے زائد حدیثیں مروی ہیں اس بد فطرت سے، خطائی بھائی اگر غیرت رکھتے ہیں تو کم از کم اس بد اصل بد فطرت سے تو بخاری کو پاک کریں۔ ورنہ ہم سمجھیں گے کہ آپ کی لڑائی روافض سے محض کمپنی کی مشہوری کے لیے ہے۔

معاصر خطائی بھائی فیصلہ فرمائیں

آپ شیعہ غالی، روافض سے نفرت کرتے ہیں اور اُموی روافض سے خود رسالت پناہ عالمین ﷺ شدید نفرت فرماتے ہیں۔ شیعہ غالی روافض کی دینی حیثیت آپ نے اور علماء اہلسنت نے کالعدم قرار دے دی ہے اور اُموی روافض کی دینی حیثیت کو خود صاحبِ شریعت ﷺ نے کالعدم قرار دے دیا۔

علماء اہلسنت اور آپ کے اُصول کے مطابق شیعہ روافض اعتماد اور تکریم کے درجے سے گر گئے اور نبوی اُصول کے مطابق اُموی روافض اعتماد اور تکریم کے درجے سے گر گئے۔ اس اُصول کے مطابق طرفین کے رواۃ کی روایات کالعدم قرار پائیں۔۔۔ اب معاصر خطائی بھائی اُمت کو وہ روایات پیش کریں جن کے راوی صرف سُنی ہوں، کوئی راوی نہ شیعہ رافضی ہو اور نہ ہی کوئی راوی اُموی رافضی ہو۔

اخبار اشتہار دیں شاید ان کالعدم روایات کا سنی راوی مل جائے۔ خواہ شواہد اور توابع ہی کی صورت میں ہی ہو۔ سُنی راوی ملنے پر مجھے ضرور آگاہ کریں تاکہ میں صحیح سُنیت کیطرف آسانی

CS CamScanner

سے آسکوں۔

رعایتی نوٹ:۔ اگر آپ کو ڈھونڈنے سے بھی راوی نہ ملے تو آپ خود راوی بن جائیں، مجھے قبول ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ اُصول محدثین اہلسنت آپ کو راوی مان لیں مجھے کوئی اعتراض نہیں۔

خطائی بھائیوں سے چھوٹی سی اپیل

ہمارے سُنی تفسیری اثاثے میں کتبِ سیر میں کتبِ حدیث میں کتب تاریخ کے علمی اثاثے میں، اسنادِ حدیث میں ہزاروں رواۃ شیعہ رافضی ہیں اور اموی روافض بھی کچھ راویانِ حدیث ہیں ان کی مرویات فقہ حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی میں اُصول و فروع میں جہاں جہاں دلیل مؤثرہ کی صورت میں یہ روایات ہیں رواۃ کی بدعقیدگی کی وجہ سے یہ روایات کالعدم قرار پائیں۔۔

جتنے مسائل اصلیہ اور فرعیہ میں فقہاء نے ان روایات کو بطور دلیل قبول کیا تھا، ان مسائل اصلیہ اور فرعیہ کی ساری عمارت دھڑام سے گر گئی ہے۔ اس اعتبار سے چاروں مذاہب حقہ اہلسنت کالعدم قرار پائے کیونکہ اب ان کی قوت میں دلیل شرعی رہی نہیں تو ان مذاہب کا وجود بھی کالعدم قرار پایا۔

اگر ان مذاہب کو باقی رکھنا ہے، چلانا ہے تو میری آپ سے اپیل ہے کہ آپ مذکورہ مذہب کو آکسیجن دیں صرف سُنی روایات سے اور سُنی بھی وہ ہو جن کو امام جلالی سرٹیفائیڈ کرے۔ کیونکہ انکا اعلان ہے سُنی وہی ہو گا جس کو ہم سُنی کہیں گے۔ اب اپنے معیار کا سُنی راوی مہیا کرنا

آپ کا فرض ہے۔ اگر آپ اُمت کو سُنی راوی مہیا نہیں کریں گے تو اُمت کی اس حالت کے ذمہ دار آپ ہوں گے۔

اگر نہیں کر سکتے یقیناً نہیں کر سکتے ہو تو آپ کا سنیت کا دعویٰ محض دھوکہ ہے، فریب ہے، سنیت کے نام پر پاکستان میں انتشار ہے۔

اگر آپ واقعی سُنیت سے مخلص ہیں تو اُمت کو بالخصوص اہلسنت کو خالص سُنی راوی مہیا کریں۔ اگر نہیں کر سکتے یقیناً نہیں کر سکتے ہو تو اپنے وضعی اُصولوں اور وضعی عقیدوں پر نظر ثانی فرمائیں۔ شکریہ

اور ساداتِ عظام سے جا کے معافی مانگ لیں ورنہ فقیر ہر لمحے آپ کو ایسی یاد دہانیاں کراتا رہے گا۔

آپ کا مخلص خیر خواہ: صداقت علی فریدی

خطائی بھائی سُنی صحاح ستہ پاک کریں

رافضیت اگر واقعۃً آپ کے ہاں پلیدی ہے تو اس رافضیت سے سُنی صحاح ستہ کو پاک کر دیں کیونکہ آپ نے رافضیت کے خلاف ایک محاذ کھڑا کر رکھا ہے حتی کہ آپ نے سُنی سادات کو ہمیشہ رافضی ہونے کا طعنہ دیا ہے اور ان کے خلاف غلیظ اور سوقیانہ زبان استعمال کی۔ اسی طرح آپ سُنی علماء کی ایک خاصی تعداد کو بھی رافضی کہتے ہیں اور علمی یتیم بھی کہتے ہیں بلکہ اپنے علاوہ کسی کو بھی عقیدے کے اعتبار سے درست نہیں سمجھتے۔ فقیر فریدی آپ سے چھوٹی سی اپیل کرتا ہے کہ سُنی ذخیرہ علم حدیث کو شیعہ رافضیت سے پاک کر دیں آپ کا اُمت پر بالخصوص اہلسنت پر احسان ہو گا۔ بحمد للہ تعالیٰ ہم نے اُموی رافضیت سے ذخیرہ علم کو پاک کرنے کا کام

CamScanner

شروع کر دیا ہے۔ ہم حمص، دمشق کے اُموی رافضیوں کو الگ کر رہے ہیں۔

تسنُّن اور تشیع کے رواۃ مشترک ہیں

شیعہ کتبِ حدیث میں اہل سنت رواۃ کی بھر مار ہے مگر شیعہ کے ہاں یہ کوئی اصولی تعصب نہیں کہ سنی راوی روایت میں قبول نہیں۔ عین ایسے ہی سُنی کتب حدیث میں شیعہ راویوں کی بھر مار ہے مگر سنی ماہرین علم حدیث نے بھی ایسا کوئی اصول وضع نہیں کیا کہ روایت کی سند میں شیعہ راوی آجائے تو روایت قبول نہیں بلکہ اصولیوں کے نزدیک راوی کا صدق، دیانت، حفظ، عدالت، اتقان جیسے مقدس رویوں کا احترام ہے اور یہ اصولی بات ہے۔ ہاں طرفین سے کچھ شر پسند افراد ہیں جو حدود و قیود کو لتاڑ رہے ہیں۔ جس سے طرفین میں کچھ غلط فہمیاں در آئی ہیں۔ طرفین کے شر پسند عناصر ان غلط فہمیوں کو مزید ہوا دیتے ہیں جس سے تلخیاں مزید بڑھ جاتی ہیں، اس طرح تسنن اور تشیع کے مابین خلیج وسیع ہو جاتی ہے جس کا فائدہ طرفین کے شر پسند عناصر اٹھاتے ہیں۔

کبھی اس آگ کو شعلہ زن بنانے والے شر پسند عناصر کو اسلام دشمن طاقتیں استعمال کرتی ہیں۔ یہ شر پسند عناصر بکتے ہیں اور شر پسند طاغوتی طاقتوں کا آلہ کار ہیں۔ دین، ملک، ملت میں

رخنہ ڈالتے ہیں جس سے فرقہ واریت کو ہوا ملتی ہے جس سے امن تہہ و بالا ہو جاتا ہے۔

کاش طرفین کے سنجیدہ، اہل علم مل بیٹھیں، ایک غیر جانبدار تحقیق اُمت کو پیش کریں تاکہ سازشی عناصر کی بھی حوصلہ شکنی ہو اور شر پسندوں کو بھی منہ کی کھانی پڑے۔

نوٹ:۔ اگر طرفین کے اہل علم روایت کی سند میں ایک دوسرے کو برداشت کر لیتے ہیں تو معاملات میں بھی برداشت کرلیں اس سے وحدت اُمت کا تشخص اپنے مطلع پر فوراً طلوع ہو گا اور اتحادِ اُمت کا خواب شرمندہ تعبیر ضرور ہو گا، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے۔ حیرت ہے شیعہ رافضی حدیث کی سند میں قبول ہے مگر مسجد میں قبول نہیں ہے، آخر کیوں؟ سند حدیث میں قبول ہے مگر اس سے مصافحہ قبول نہیں آخر کیوں؟ یہ دوہرا معیار ہے اور مرضی کا دین ہے، اُمت ایسے دین سے بغاوت کا اعلان کر کے متحد ہو جائے۔ ملاں ازم کو جھٹک دے اسی میں عافیت ہے۔

نوٹ:۔ اگر اصحابِ رسول پر تبرا اور گالی بدعقیدگی ہے تو اہل بیت نبوت کو گالی دینا بدعقیدگی کیوں نہیں؟

خطائی بھائیوں کا پروپیگنڈہ

خطائی بھائی ایک زہریلا پروپیگنڈہ کرتے ہیں، فلاں شخص گستاخ صحابہ کرام ہے اور ہمارے بعض علماء نے صحابہ کی گستاخی کو کفر قرار دیا ہے۔ مگر حیرت اس بات پر ہے کہ آج تک کسی کو اہلبیتِ نبوت کی گستاخی اور اہانت کفر نظر نہیں آئی۔ حالانکہ اہل بیتِ نبوت کا گستاخ تین جہات سے کافر ہے۔ اصولِ اہلسنت کے مطابق جہتِ صحابیت کے اعتبار سے بھی، جہت اہل بیتِ نبوت کے اعتبار سے بھی اور ان کی جو حرمتیں منصوص ہیں قرآن میں اس اعتبار سے بھی۔

CS CamScanner

یاد رہے جو لوگ اہلِ بیتِ نبوت پر ڈھائے جانے والے مظالم پر احتجاجاً رد عمل دیتے ہیں سخت کلامی کرتے ہیں ظلم کرنے والوں کی مذمت کرتے ہیں یہ ان کے سینے کی بھڑاس نہیں بلکہ ایسا کرنا سنت رسول ہے۔ خود رسالت پناہ عالم ﷺ نے اہلِ بیتِ نبوت سے بغض رکھنے والوں سے شدید نفرت کا اظہار فرمایا اور یہ سب کچھ مسلّم دلائل شریعت سے ثابت ہے۔

میرا سوال یہ ہے

کہ علم کے کسی ذخیرے سے کوئی ایک حرف بھی ثابت کر سکتا ہے کہ اہلِ بیتِ نبوت نے بھی کسی پر ظلم کیا ہو، سب و شتم کیا ہو یا کسی کا حق دبایا ہو۔ جب ایسا کچھ نہیں اور یقیناً کچھ نہیں تو پھر اہلِ بیتِ نبوت پر سب و شتم کی بغیرتی پر خاموشی کیوں؟

خطائی بھائی فیصلہ فرمائیں۔ آج کل میرے خطائی بھائی اور دعوتِ اسلامی کے جہلاء اُموی دلال بنے ہوئے ہیں اور اُمویوں کی وکالت میں ہر حد پار کر رہے ہیں۔ ان دونوں طبقات سے دلائل شرعیہ کی روشنی میں فیصلہ درکار ہے۔

۱۔ اموی دلال اُمویوں کی طرف سے صفائی دے دیں، حلف دے دیں کہ امویوں نے اہلِ بیتِ نبوت پر کوئی ظلم نہیں کیا اور نہ ہی کوئی سب و شتم کیا ہے۔ حالانکہ اموی مظالم کی داستانوں سے سنی کتب حدیث سنی کتب سیرت و تاریخ میں مستند ذرائع علم سے کتابیں بھری پڑی ہیں۔

۲۔ اہلسنت کی جن کتب حدیث میں کتب تاریخ و سیرت میں سنداً اموی مظالم کو نصاً بیان کیا گیا ہے ان میں امویوں کی طرف سے کسی مستند ذریعہ علم کی روشنی میں کوئی تردیدی نوٹ دکھا دیں کہ اہلِ بیتِ نبوت پر امویوں نے سب و شتم نہیں کیا، مظالم نہیں

ڈھائے۔

۳. اموی دلال اموی مظالم کے جواز کی کوئی شرعی دلیل دے دیں۔ یا مبغضین اہلِ بیتِ نبوت پر نبوی مواخذے سے امویوں کے لیے استثنائی دلیل شرعیہ مہیا کر دیں۔ ہم آپ کا علمی محاسبہ چھوڑ دیں گے۔

نوٹ:۔ ہمارا کسی سے نزاع نہیں دینی حقائق پر بات کرنا ہمارا علمی حق ہے۔ اہلِ بیتِ نبوت پر ہونے والے مظالم اور سب و شتم کو کسی جعلی اجتہاد کا حصہ نہیں بننے دیں گے۔ اس جعلی اجتہاد کو ننگا کرنا ہر صاحبِ ایمان کی ذمہ داری ہے کیونکہ اس جعلی اجتہاد نے ہی اُمت تباہ کی ہے۔

تفصیلات:۔ فقیر کی کتاب اموی اجتہاد کی حقیقت اور قرآن عظیم میں ملاحظہ فرمائیں۔

CamScanner

کتاب ہذا کی بابت چند وضاحتیں

۱) کتاب ہذا کسی مکتب کی تائید و تردید پر ہر گز نہیں لکھی گئی بلکہ خالصتاً علمی، تحقیقی بنیادوں پر وحدت اُمت کی بابت لکھی گئی ہے۔ تسنن اور تشیع کے مابین غلط فہمیوں کو دور کرنے کے لیے لکھی گئی ہے۔

۲) کتاب ہذا میں وضاحت دے دی گئی ہے کہ تسنن اور تشیع میں افراط و تفریط کی کوئی گنجائش نہیں۔ افراط و تفریط پیدا کرنے والے شر پسند نہ سُنی ہیں نہ شیعہ بلکہ یہ بیرونی بلائیں ہیں۔ ان بلاؤں کو دور بھگانا شیعہ سُنی دونوں کی ذمہ داری ہے۔

۳) کتاب ہذا میں واضح کر دیا گیا ہے کہ نقلِ حدیث میں راوی کا معیار دیانت، صدق، عدالت، حفظ و اتقان ہے۔ شیعہ سُنی نہیں۔

۴) کتاب ہذا میں واضح کر دیا گیا ہے کہ طرفین کے مابین باہمی رواداری ضروری ہے، اخلاقی مروت ضروری ہے۔ باہمی افادہ، استفادہ اہم ہے، غلط فہمیاں دور کرنے کے لیے اعتماد کی فضا ضروری ہے۔ در گذر ضروری ہے، وسعتِ قلبی ضروری، تحقیق و تدقیق وسیع پیمانے پر ضروری ہے۔

CS CamScanner

۵) کتاب ہذا میں واضح کر دیا گیا ہے آگے بڑھنے کے لیے روشن دلائل کی جستجو ضروری ہے، مسلّم دینی حقائق پر کامل یقین ضروری ہے اور فرقہ پرستوں کی حوصلہ شکنی ضروری ہے۔ شرپسندوں کا علمی تعاقب ضروری ہے۔

اگر شیعہ روافض کی بیان کردہ احادیث نکال دی جائیں تو؟

امام ذہبی، حافظ ابن حجر عسقلانی کے مطابق اگر ذخیرہ حدیث سے شیعہ روافض کی روایات نکال دی جائیں۔ یا اسنادِ حدیث سے رواۃ روافض منہا کر دیے جائیں یا ان رواۃ پر عدمِ اعتماد کر دیا جائے تو روئے زمین سے حدیث کا کلیتاً خاتمہ ہو جائے گا۔ اور بدترین فساد برپا ہو جائے گا۔

(میزان الاعتدال، تہذیب التہذیب)

گویا شیعہ روافض راوی اہلسنت محدثین کی مجبوری ہیں۔ خطائی بھائی اس گلے کی پھانس کو ہڈی کو نکالنے میں کردار ادا کریں۔۔۔۔ شکریہ۔

سُنی حدیثوں میں شیعہ اور روافض رواۃ کی کثرت کی اصل حقیقت

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانہ خلافت میں فقیہ اُمت حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو عراق بھیجا تھا علم حدیث و تفسیر و فقہ کے فروغ کے لیے۔ عجیب اتفاق یہ تھا کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ مولائی تھے، تفضیلی شیعہ تھے اور مولا علی کے اہم شیعہ تھے۔ ہزاروں مولائی شاگرد تو انھوں

نے پیدا کر دیے، کوفہ بصرہ اور ان کے نواحی علاقہ جات کو علم و حکمت سے انھوں نے بھر دیا تھا۔ پھر ان کے بعد بابِ علومِ نبوت حضرت علی بھی عراق کوفہ میں تشریف لے آئے انھوں نے پھر علوم نبوت کے دریا بہادیے ہزاروں شاگردوں کی کھیپ تیار ہو گئی۔ اُدھر عثمانیوں نے حضرت علی پر سب و شتم شروع کر دیا اِدھر چند مولائیوں نے رد عمل میں جوابی کاروائی کی اور اس فعل شنیع کا ارتکاب کیا۔ رشوت خور فقیہان حرم نے عثمانیوں، اُمویوں کا نوٹس نہ لیا، نہ انکا مواخذہ کیا۔ مولائیوں پر چڑھ دوڑے ان کے خلاف زہریلا پروپیگنڈہ شروع کر دیا، انہیں گستاخ صحابہ کرام کہنے لگے، اس کے باوجود مولائی نقل حدیث میں مجبوراً قبول کر لیے گئے، چونکہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور مولائی شاگردوں کی تعداد ہزاروں سے متجاوز تھی اور یہ لوگ متبحر عالم بھی تھے پھر ان کے دروس کے حلقے قائم ہو گئے اور ان کے حلقہ دروس میں شامل لوگوں کی تعداد لاکھوں تک جا پہنچی۔ یہ وجہ ہے کہ علمِ حدیث میں نقل حدیث کی بابت مولائی راوی، شیعانِ علی، اور روافض کثیر تعداد میں اسناد حدیث میں شامل ہوئے ان کے بغیر اسناد حدیث مکمل نہ ہو سکتی تھیں۔ بنابریں ان کی کثیر تعداد سُنی محدثین کی مجبوری بن گئی ان روافض کے صدق و امانت، عدالت، ثقاہت، حفظ و اتقان پر اعتماد کیا گیا۔ (کتب عامہ اسماء الرجال)

فقیہانِ حرم کا شرمناک دوہرا معیار

خلافتِ راشدہ کے خاتمے کے بعد اُموی مظالم حد سے بڑھ گئے۔ منبروں پر اہل بیتِ نبوت کو گالیاں دی جانے لگیں۔ پھر ان کو قتل کیا جانے لگا۔ اس پر اُمت کا برہم ہونا فطری عمل تھا۔ اُمت نے رد عمل کے طور پر امویوں سے نفرت کا اظہار کیا، کچھ غصے سے بے قابو ہو گئے۔ تلخ الفاظ سے اُموی مظالم کی مذمت کرنے لگ گئے۔ اُمت کے صبر کا پیمانہ جب لبریز ہو گیا تو

اُمویوں کے خلاف احتجاجاً سخت الفاظ بولے۔ اُدھر رشوت خور فقہیانِ حرم میدان میں آ گئے اور انھوں نے امویوں کے جھوٹے مناقب گھڑ کر بیان کرنا شروع کر دیے۔ معاویائی سیاست، ملکِ عضوض اور معاویہ کے مظالم کو صحابیت کی چھتری میں چھپانا شروع کر دیا۔ ان اندھے فقہیان حرم کو معاویہ کی صحابیت تو نظر آ گئی مگر اہلِ بیتِ نبوت کی نہ صحابیت نظر آئی نہ ان کا اہل بیت نبوت ہونے کا شرف نظر آیا۔ ان اندھے فقہیان حرم کے اس دوہرے اور شرمناک معیار نے مرتبہ فقاہت کو بھی مشکوک بنا دیا۔

درباری فقیہانِ حرم کا حکمِ سکوت کا ڈراما

اُموی مظالم نے جب انتہائی حدود کو بھی توڑ کر رکھ دیا تو فطرت انسانی چلا اٹھی۔ اُمت سے سوا لاکھ مسلمانوں کا قتل ناحق برداشت نہ ہو سکا۔ آہ و فغاں شروع ہو گئی، آسمان سرخ ہو گیا، زمین پر ناحق خون کی ندیاں بہنے لگیں حتی کہ غیر مسلم بھی تھو تھو کرنے لگے۔

مسلم اُمہ نے ان بے تحاشہ مظالم پر رد عمل دیا، صحابہ کرام چیخ اٹھے، امہات المومنین نے قنوتیں پڑھیں، ہوش رُبا مظالم نے ہر صاحب فطرت کا جگر پارہ پارہ کر دیا، زخمی کر دیا، چھلنی کر دیا۔ ادھر درباری فقیہان حرم اٹھے سب سے پہلے اس خون ریزی کو اجتہاد کا پہناوہ دیا، بعد ازاں اس خون ریزی پر امویوں کو مستحق ثواب قرار دیا، اس کے بعد حکم صادر فرما دیا کہ یہاں سکوت واجب ہے۔ ان بے حس فقیہان حرم کو یہ توفیق نہ مل سکی کہ اُمویوں کو بھی سکوت کا حکم دیتے کہ اہلِ بیتِ نبوت پر منبروں پر سب و شتم نہ کریں، اپنی بھونک بند کر دیں۔ اور یہ تسلسل آج بھی جاری ہے۔ فقیہانِ حرم اُموی مظالم کو بیان کرنے اور ان سے نفرت کا اظہار کرنے پر پابندی لگاتے ہیں، حکم سکوت کا تر اشا مارتے ہیں، خود ساختہ فتوؤں سے ڈراتے ہیں۔ اور

خودُ معاصر اہل بیتِ نبوت پر زبان درازی سے باز نہیں آتے ہیں۔ اپنے خطائی بھائیوں سے عرض کروں گا کہ وہ آگے بڑھیں اپنے امام کو بھی حکم سکوت سے آشنا کریں کہ معاصر اہل بیتِ نبوت پر زبان درازی سے باز رہے ورنہ ہم سمجھیں گے کہ آپ بھی اہلسنت نہیں بلکہ امویت کا ہی تسلسل ہیں۔

خطائی بھائی صحاح ستہ نہ پڑھیں اور نہ پڑھائیں

آج کل خطائی بھائی رافضیت کے خلاف بہت ہی تند و تیز جملے استعمال کر رہے ہیں۔ علماء حق اہلسنت کو بھی رافضیت کے الزام میں ہدف بنا رہے ہیں۔ ان سے اتنا عرض ہے کہ ہمارے علماء بشمول اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے روافض کی تضلیل و تفسیق، تکفیر کی ہوئی ہے، فاسق و فاجر بد اخلاق جب اہل شہادت نہیں تو بد عقیدہ بدرجہ اتم اہل شہادت نہیں۔

اُصولِ روایت کا اصل مبنیٰ اصولِ شہادت ہے بنابریں جتنے روافض ہیں خاص کر غالی روافض ۔ یہ اہل شہادت نہیں۔ ذہبی کے مطابق نہ قابل اعتماد ہیں نہ قابل تکریم، (میزان الاعتدال) لہٰذا ان کی روایات پایۂ اعتبار سے ان کی بد عقیدگی کی وجہ سے گر گئیں۔ بنابریں ان روایات کا پڑھنا اور پڑھانا قطعاً ممنوع ہے۔

صرف سنی صحاح ستہ میں غالی شیعہ، روافض، غالی روافض کی تقریباً سولہ ہزار احادیث ہیں براہِ کرم یا تو ان احادیث کو صحاح ستہ سے نکال دیں یا اسنادِ حدیث سے روافض رواۃ کو نکال دیں یا پھر غیرتِ مسلکی کے مطابق صحاح ستہ کا پڑھنا پڑھانا چھوڑ دیں اگر غیرت کوئی قطرہ ہے

تو۔۔۔؟

ورنہ ہم سمجھیں گے کہ آپ کا خالص سُنیت کا وادیلا محض دجل ہے۔ فریب ہے اور جھوٹ ہے۔ یا پھر ہم یہ سمجھیں گے کہ اس مسئلے میں گدھے کو باپ ماننا پڑ گیا ہے، عین ایسے ہی اہلسنت کے تفسیری اثاثے سے روافض کی پلیدی کو نکالنا ہو گا۔ پچاس کے قریب کتب صحاح سے بھی نکالنا ہو گا۔ مسانید سُنیہ سے روافض کی آلودگی کو نکالنا ہو گا گویا تمام اصناف کتب حدیث سُنیہ سے روافض کی آلودگی کو نکالنا ہو گا پھر کتب سیرت سے، کتب تاریخ سے، کتب اصول سے، کتب فقہ سے نکالنا ہو گا۔ ان تمام روافض رواۃ کی تعداد ہزاروں پر مشتمل ہے اور گر آپ ایسا نہیں کر سکتے، یقیناً نہیں کر سکتے تو پھر اپنے سخت رویوں کو بدلنا ہو گا، غیر معتدل فکر کو بدلنا ہو گا، غیر موزوں مذہبی جارحیت کو بدلنا ہو گا، کیونکہ آپ کے رویوں سے نقص امن کی فضا پیدا ہو چکی ہے، مذہب حقہ اہلسنت ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، مذاہب باطلہ ہم پر ہنس رہے ہیں تھو تھو کر رہے ہیں۔ خدارا ملک وملت پر رحم کھایئے۔ اہلسنت پر رحم کھایئے، قیام امن میں کردار ادا کریں، بدامنی نہ پھیلائیں، قرآن کے عظیم قاعدے کا لحاظ کریں "وفوق کل ذی علم علیم" کا احترام کریں۔ مثبت جواب کا انتظار رہے گا۔

علم ایرانی، عقیدے پاکستانی

قارئین محترم! آج کل ہمارے خطائی بھائیوں کو ایک نیا بخار چڑھا ہوا ہے۔ ہر ایک محب اہل بیت نبوت کو اس محبت کا طعنہ دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ ایرانی ایجنٹ ہے۔ میں نہیں جانتا کہ ہمارے مشائخ میں یا علماء محبین اہل بیتِ نبوت سے کوئی ایران گیا ہے یا نہیں۔ مگر اس پر یہ تہمت خطائی بھائی ضرور لگاتے ہیں کہ یہ ایرانی ایجنٹ ہے۔ مگر یہ خطائی بھائی بھول گئے ہیں کہ

CamScanner

ہماری ساری صحاح ستہ ایرانی ہے۔ ابن ماجہ قزوین کے ہیں، امام مسلم نیشاپور میں ہیں، امام حاکم بھی نیشاپوری ہیں، امام ترمذی بھی ایران کے شہر ترمذ میں ہیں، امام ابوداؤد، سجستان کے ہیں، امام نسائی، نساء کے ہیں۔ امام بخاری قدیمی ایران کے ہیں، صرف نیشاپور میں ایک ہزار سے زائد علمائے اہلسنت تشریف فرماہیں۔ ان محدثین، مفسرین، متکلمین، ادیب، شعراء، اصولیین بلکہ ہر طبقہ علم کے لوگ ہیں، پھر صوفیاء کی ایک خاصی تعداد ایرانی ہے بلکہ یوں کہا جائے کہ علم دین کا اکثر حصہ ایران سے ہی ہمارے ہاں منتقل ہوا ہے تو بے جانہ ہو گا۔

میرے خطائی بھائیوں میں اگر غیرت نام کی کوئی چیز ہے تو ایران سے آیا ہوا ذخیرۂ علم پڑھنا پڑھانا چھوڑ دیں او بھئی آپ کے تو علم کی ابتداء بھی ایرانی علم سے ہوئی ہے، کریما سعدی، شیخ سعدی کی گواہی آج بھی تمہارے مدارس میں موجود ہے، شیخ سعدی اور مذکور بالا علماء کا تو خمیر ہی ایرانی ہے۔ آپ کدھر جاؤ گے؟ کس کس کو ایرانی ایجنٹ کہو گے؟ کچھ شرم کرو۔

CamScanner

رافضی راویانِ صحاح ستہ

پونے سولہ ہزار احادیث صحاح ستہ کے راوی شیعہ، غالی شیعہ، زائغ شیعہ، مفرط شیعہ، رافضی شیعہ، غالی رافضی ہیں۔

ا۔ ابراہیم بن ابی یحییٰ

"ھو ابو اسحاق ابراھیم بن محمد بن ابی یحییٰ الاسلمی المدنی احد العلماء الضعیف"

"قال یحییٰ بن معین سمعت القطان ابراھیم بن ابی یحییٰ کذاب

قال احمد بن حنبل: قدری معتزل

قال البخاری: جھمی

قال عباس عن ابن معین: کذاب، رافضی

قال ابو ھمام السکون ابراھیم بن ابی یحییٰ یَشتُمُ بعض السلف"۔

بہت سارے اہل علم نے اس راوی پر جرح کی ہے، اس کا رافضی ہونا تو نصابیان کیا ہے اور

وضاحت دی ہے کہ یہ شخص سلف وصحابہ کرام کو گالیاں دیتا تھا۔ مگر اس کے باوجود بھی یہ صحاح ستہ کا باقاعدہ راوی خصوصاً صحیح بخاری میں بھی امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اس سے ایک روایت لے آئے ہیں، حالانکہ ایسے راوی سے احتراز ضروری تھا۔ امام ذہبی نے ابان بن تغلب کے ترجمہ میں وضاحت دی ہے کہ روافض کسی احترام کے لائق نہیں۔

(میزان الاعتدال الذہبی، الناشر دار المعرفۃ بیروت لبنان)

۲۔ ابان بن تغلب

"الکوفی، شیعی، جلد، صدوق، قال الازدی ابان غالی شیعہ" تھا۔ (تہذیب التہذیب

احمد بن حنبل، یحییٰ بن معین اور ابو حاتم نے کہا "ثقۃٌ"

ابن عدی نے کہا "کان غالیاً فی التشیع" یہ غالی شیعہ تھا۔

سعدی نے کہا: "زائغ مُجاھرٌ" بد مذہب شیعہ، رافضی غالی۔ (تہذیب الکمال، میزان الاعتدال)

امام ذہبی کی وضاحت

اگر کوئی سوال کرے کہ مبتدع و بدعتی، راوی کی توثیق، ثقاہت، عدالت اور اتقان کی تصدیق کیونکر مناسب ہے؟ بدعتی راوی کیسے صاحب عدالت ہو سکتا ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ بدعت کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ بدعتِ صغریٰ: جیسے غالی شیعہ ہونا یا بغیر غلو کے شیعہ ہونا، شیعہ محرف نہ ہو۔ اس قسم کے شیعاؤں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ خاص کر اکثر تابعین اور تبع تابعین غالی شیعہ ہی تھے۔ حالانکہ

یہ تابعین دین میں کامل تھے، تقویٰ اور صدق میں بھی باکمال تھے۔ اگر ان راویوں کی روایات کو رد کر دیا جائے تو پھر احادیث نبویہ کا سارا ذخیرہ ضائع ہو جائے گا اور یہ بہت بڑا فساد ہو گا اُمت میں کیونکہ اس فساد کی صورت میں کچھ بھی نہیں بچے گا۔ بنابریں مجبوراً ان کی روایات قبول کرنا ضروری ہو گیا ہے۔ (فریدی)

۲۔ بدعتی کبریٰ:۔ جیسے کامل رِفض ہے اور اس میں غلو کرنا ہے۔ اس کی صورت یہ ہے کہ حضرت سیدنا ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کو افضلیت مطلقہ سے نیچے لانا ہے اور ان کے لیے سخت کلمات کا استعمال ہے۔

اس قسم کی شیعیت، رافضیت، قابل اعتبار نہیں اور نہ ہی قابل احترام ہے، اگرچہ ان شیعاؤں میں صدق، امانت معروف ہو تو بھی یہ قابل اعتماد نہیں بلکہ ایسوں کا کذب ہی شعار ہے، تقیہ، منافقت ان کا اوڑھنا بچھونا ہے ایسے حالات میں ایسے راویوں سے روایت ہرگز ہرگز نہیں لی جائے گی۔

غالی شیعہ کی معرفت:

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانے میں غالی شیعہ ان کے عُرف میں اسے کہا جاتا تھا جو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ، حضرت زبیر رضی اللہ عنہ، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اور حضرت معاویہ کی بابت سخت کلامی کرتے تھے اور ان کو گالیاں دیتے تھے۔

مگر ہمارے زمانے میں، ہمارے عرف میں غالی شیعہ اس کو کہتے ہیں جو ان بزرگوں کو کافر کہتا ہے اور شیخین رضی اللہ عنہما سے تبرا، بیزاری کا اظہار کرتا ہے۔ یہ کھلی ہوئی گمراہی ہے۔ ابان بن تغلب شیخین رضی اللہ عنہما سے تعرض نہیں کرتے تھے بلکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ان دونوں سے افضل یقین کرتے تھے۔ (میزان الاعتدال)

CamScanner

فقیر فریدی کی وضاحت:

آج کل کا مہذب صاحب علم شیعہ صحابہ کرام کی تکریم کرتا ہے، ان کی توہین کو سخت حرام سمجھتا ہے، صرف اہلبیت خصوصاً علی رضی اللہ عنہ کی بے مثال افضلیت کا اعتقاد رکھتا ہے اور مذہب اہلبیت کا پیروکار ہے مگر پھر بھی ہمارے خطائی بھائی لٹھ لے کے ان کے پیچھے چڑھے ہوئے ہیں، اس پر مستزاد یہ کہ اس زمانے کے اکابر علماء اہلسنت سادات کرام بالخصوص فضیلۃ الشیخ محسن اہلسنت سید ریاض حسین شاہ صاحب پنڈی والے حجۃ الاسلام سید عرفان شاہ صاحب، فخر السادات سید منور حسین شاہ صاحب علی پوری، امام اہلسنت قوتِ مولایت جناب السید انور شاہ صاحب الگیلانی، بغدادی حموی دامت برکاتہم العالی پر تو یہ خطائی بھائی دن رات برستے ہیں، انتہائی غلیظ زبان بھی استعمال کرتے ہیں، اُموی سنت رذیلہ کو تازہ کیے ہوئے ہیں اور امویوں کا حق نمک خواری ادا کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُمت کو ان کے شر سے محفوظ فرمائے۔ آمین۔

ابان بن تغلب کوفی کی روایات:

صحاح ستہ میں ان کی روایات کی ترتیب اس طرح ہے۔

❖ ۱۔ صحیح مسلم میں ان کی چار روایات لی گئی ہیں۔

❖ ۲۔ سنن ابو داؤد میں ان سے دو حدیثیں لی گئی ہیں۔

❖ ۳۔ سنن ابن ماجہ میں ان سے ایک روایت لی گئی ہے۔

❖ ۴۔ سنن نسائی میں ان سے ایک روایت لی گئی ہے۔

❖ ۵۔ جامع ترمذی میں ان سے ایک روایت لی گئی ہے۔

یہ تھا ریکارڈ ابان بن تغلب الکوفی کا۔

CS CamScanner

۳۔ اسماعیل بن خلیفہ الکوفی (غالی رافضی)

"قال عبدالرحمٰن، اسماعیل بن خلیفہ کان یشتم عثمان،" یہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو گالیاں دیتا تھا۔

"قال ابوزرعہ، غالی

قال جرجانی، مُفتریٍ زائغٌ" یہ مفتری اور بد مذہب تھا۔

"قال ابن حبان، کان رافضیًا شتامًا"۔ ابن حبان نے کہا یہ رافضی اور صحابہ کرام کو گالیاں دینے والا تھا۔

"قال عقیلی مذھبہ سوئ" یہ بد مذہب تھا۔ (تہذیب الکمال، تہذیب التہذیب)

سنی کتب ستہ میں احادیث

❖ ابن ماجہ میں اس کی تین احادیث ہیں اور ترمذی میں ایک حدیث ہے۔

۴۔ ابو عبد اللہ الجدلی بغضی شیعہ (رافضی)

"قال الجوزجانی کان صاحب رایۃ المختار "حضرت مختار ثقفی کا علمبردار تھا۔

"قال نسائی "ہمیں بیان کیا حکم بن عتیبہ نے مختار اس کو خلیفہ بنانا چاہتا تھا۔

محمد بن قیس نے کہا کہ "کان شدید التشیع" یہ سخت شیعہ تھا (غالی) اور مختار ثقفی کا عظیم سپاہی تھا۔ میزان میں موجود ہے، "شیعی بغیض" سخت غالی شیعہ، رافضی تھا۔ (میزان الاعتدال، تہذیب التہذیب مؤسسۃ الرسالہ)

سنی کتب ستہ میں احادیث:

CamScanner

سنن ابی داؤد اور سنن ترمذی میں ان سے حدیثیں لی گئی ہیں۔

۵۔ اسماعیل بن عبد الرحمٰن الکوفی، المفسر، المعروف بالسدی الکریمہ، شتام رافضی

"قال حسین بن واقد المروزی السدی یَشتِمُ اَبَا بَکرٍ و عُمَرَ" یہ شخص اسماعیل بن عبد الرحمٰن سیدنا ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کو گالیاں دیتا تھا۔

عجلی نے کہا: ثقہ عالم ہے تفسیر القرآن کا، عقیلی نے کہا شیخین کو آڑے ہاتھوں لیتا تھا۔

ساجی نے کہا صدوق۔ ابن حبان نے اس کو ثقات میں ذکر کیا جوزجانی نے کہا یہ گالیاں بکتا تھا۔ ابو طالب نے کہا یہ ثقہ تھا۔ (میزان الاعتدال، تہذیب التہذیب)

سُنی کتب ستہ میں احادیث:

صحیح مسلم میں اس سے پانچ حدیثیں لی گئی ہیں۔

❖ ابو داؤد میں اس سے دو حدیثیں لی گئی ہیں۔

❖ ابن ماجہ اور نسائی میں تین حدیثیں لی گئی ہیں۔

❖ جامع ترمذی میں اس سے بارہ (۱۲) حدیثیں لی گئی ہیں۔

٦۔ اسماعیل بن موسیٰ الفرازی الکوفی، (غالی شیعہ رافضی)

"قال عبدان ذالك الفاسق يشتم السلف"۔ یہ کمینہ صحابہ کرام کو گالیاں دیتا تھا۔

آجری نے ابو داؤد کے حوالے سے کہا کہ صدوق فی الحدیث یہ حدیث میں سچا تھا اگرچہ شیعہ ہی تھا۔ (میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

CamScanner

سُنی کتب ستہ میں احادیث

❖ امام ابو داؤد نے ان سے اپنی صحیح میں دو حدیثیں لی ہیں۔

❖ ابن ماجہ نے ان سے اپنی سنن میں تیئیس (۲۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ اور جامع ترمذی میں ابن سے سولہ (۱۶) حدیثیں لی گئی ہیں۔

۷۔ اَصبغ بن نُباتہ (کذاب شیعہ زائغ رجوعی)

عقیلی نے کہا اس کا عقیدہ رجعت تھا۔

ابن حبان نے کہا "کان شیعیا"۔ یہ شیعہ تھا۔

جوزجانی نے کہا یہ زائغ تھا۔ بد مذہب تھا، شیعہ تھا۔ گویا رفض کے قریب تھا یا رافضی تھا۔

عجلی نے کہا یہ کوفی تابعی ثقہ تھا، (تہذیب الکمال، میزان الاعتدال، تہذیب التہذیب)

❖ ابن ماجہ اور نسائی نے اس سے ایک ایک حدیث لی ہے۔

۸۔ ایاس بن عامر الغافقی (شیعہ)

"قال ابن یونس کان من شیعة علی" ابن یونس نے کہا کہ یہ شیعان علی سے تھا۔

عجلی نے کہا کہ "لا بأس به"۔ اس کی روایت لینے میں کوئی حرج نہیں۔

ابن خزیمہ نے اسے صحیح کہا، ابن حبان نے اس کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔ ((تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

❖ ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اس سے ایک روایت لی ہے۔

۹۔ ابراہیم بن یزید النخعی (کوفی فقیہ شیعہ)

CS CamScanner

قال الدنیوری و کان ممن رمی بالتشیع (ابن قتیبہ، تاریخ الثقاۃ، المعارف)

سُنی کتب ستہ میں احادیث:

❖ صحیح بخاری میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے ایک سو باون (۱۵۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام مسلم نے ان سے اپنی مسلم میں ایک سو چھبیس (۱۲۶) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابو داؤد نے اپنی سنن میں ان سے اُنسٹھ (۵۹) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی سنن ابن ماجہ میں اُنسٹھ (۵۹) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے ایک سو پینتیس (۱۳۵) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی جامع ترمذی میں ان سے ستاون (۵۷) حدیثیں لی ہیں۔

۱۰۔ ابو ادریس الکوفی الھمدانی المرھبی (شیعہ)

ابن عبد البر نے کہا "کان من الثقات الکوفۃ و فیہ التشیع"۔ یہ کوفی ثقات سے تھا اور شیعہ تھا۔ تہذیب الکمال۔

❖ ترمذی اور ابن ماجہ نے اپنی سنن میں اس سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۱۔ ابو الاسود الدؤلی (بہت بڑا شیعہ تھا)

ابن سعد نے کہا "کان شاعراً متشیعا"۔ یہ بہت بڑا شاعر تھا اور شیعہ تھا۔ فن نحو کا موجد تھا۔

ابن حبان نے ان کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔

ابن معین نے اسے ثقہ کہا ہے۔

عجلی نے تابعی ثقہ کہا ہے۔

CamScanner

یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا شاگرد خاص تھا۔ (فریدی) تہذیب التہذیب)

سُنی کتب ستہ میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے پانچ حدیثیں روایت کی ہیں۔

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح مسلم میں ان سے سات حدیثیں حاصل کی ہیں۔

❖ امام ابو داؤد نے اپنی سنن میں ان سے سات حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی سنن میں ان سے تین حدیثیں اخذ کی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع الصحیح میں ان سے تین حدیثیں لی ہیں۔

۱۲۔ اَجلح بن عبد اللہ الکوفی (مفتری شیعہ، کوفی شیعہ)

ابن عدی نے کہا "یُعَدُّ فی شیعة الکوفة"۔ یہ کوفی شیعوں میں شمار ہوتا تھا۔

عجلی نے کہا "ثقہ ہے"۔

ابن معین نے کہا "صالح الحدیث ہے"۔

مرہ نے کہا "ثقہ ہے"۔

ابن عدی نے کہا "شیعی صدوق ہے"۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری اور ابو داؤد نے ان سے دو حدیثیں لی ہیں۔

❖ ابن ماجہ نے چار حدیثیں لی ہیں۔

❖ نسائی نے تین حدیثیں لی ہیں۔

❖ اور ترمذی نے ایک حدیث لی ہے۔

CamScanner

۱۳۔ احمد بن المفضل الکوفی القرشی الحضری (رئیس الشیعہ)

"قال ابوحاتم کان من رؤساء الشیعة، صدوق"۔ ابو حاتم نے کہا کہ احمد المفضل شیعوں کا سردار تھا۔ (میزان)

ابوزرعہ اور ابوحاتم نے کہا "کان صدوقا من رؤسا الشیعہ"۔

احمد بن یوسف اور حسینی نے بھی یہی کہا۔ (تہذیب التہذیب)

- امام ابوداؤد نے ان سے اپنی صحیح میں دو حدیثیں لی ہیں اور
- نسائی نے ایک حدیث لی ہے۔

۱۴۔ اسحاق بن منصور السلولی (کوفی شیعہ)

ابن معین نے کہا "لاباس به"۔ اس کی روایت میں کوئی حرج نہیں۔

عجلی نے کہا "کوفی ثقہ ہے" "وکان فیه التشیع" اس میں تشیع ہے۔

سُنی کتب میں احادیث:

- اس سے امام بخاری نے ایک حدیث لی ہے۔
- امام مسلم نے دو حدیثیں لی ہیں

۱۵۔ اسماعیل بن ابان الازدی

یہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے استاذ ہیں۔ سخت شیعہ تھا۔

امام بخاری نے کہا "صدوق" یہ سچا ہے۔

نسائی نے کہا "لاباس" اس کی حدیث میں کوئی حرج نہیں۔

CS CamScanner

ابن معین نے کہا "ثقة" کہ یہ ثقہ ہے۔

جوزجانی نے کہا "یہ شخص حق سے بھٹکا ہوا ہے مگر حدیث میں سچا ہے۔"

ابن عدی نے کہا "یہ کوفی شیعہ ہے"۔

بزار نے کہا " اس کا ایک ہی عیب ہے کہ سخت شیعہ ہے"۔

دار قطنی نے کہا "ثقہ ہے"۔(تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح بخاری میں ان سے چھ حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے ان سے صرف ایک حدیث لی ہے۔

۱۶۔ اسماعیل بن زکریا الاسدی الکوفی (شیعہ، صدوق)

اس کا لقب شقوصا ہے، کوفی صدوق، شیعی (میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح بخاری میں ان سے دس (۱۰) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے گیارہ (۱۱) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابو داؤد نے اپنی سنن ابو داؤد میں ان سے آٹھ (۸) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی سنن میں ان سے ایک حدیث لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی جامع میں ان سے ایک حدیث لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی سنن میں ان سے ایک حدیث لی ہیں۔

CS CamScanner

۱۷۔ اسماعیل بن عباد المعروف الصاحب بن عباد (شیعہ معتزلی)

ابو داؤد اور ترمذی نے اپنی سنن میں ان سے حدیثیں لی ہیں۔

۱۸۔ بُکیر بن عبد اللہ الطائی (رافضی)

۰ ابن حبان نے ان کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔

ساجی نے کہا "ابن معین کے حوالے سے بکیر قوی نہیں"۔

"قال العقیلی رافضی"۔ عقیلی نے کہا کہ یہ رافضی ہے۔ (تہذیب الکمال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

- ❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے ایک حدیث لی ہیں۔
- ❖ امام ابن ماجہ نے اپنی سنن میں ان سے ایک حدیث لی ہیں۔

۱۹۔ تلید بن سلیمان الحاربی (رافضی شیعہ)

مروذی نے کہا" ہمیں احمد کی روایت ملی کہ تلید کا مذہب شیعہ تھا۔"

ابن معین نے کہا "کان یَشتمُ عثمانَ" کہ یہ حضرت عثمان کو گالیاں دیتا تھا۔

مزید وضاحت فرماتے ہیں کہ جو شخص حضرت عثمان غنی، طلحہ یا کسی صحابی کو گالیاں دے وہ دجال ہے اس سے حدیث نہ لی جائے اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور کائنات بھر کے لوگوں کی لعنت ہو۔

عجلی نے کہا "کہ تلید شیعہ تھا مگر اس کی روایت میں کوئی حرج نہیں۔"

ابو داؤد نے کہا "تلید رافضیٌ خبیثٌ" کہ یہ رافضی خبیث ہے۔

CS CamScanner

سلیمان بن یعقوب نے کہا "تلید رافضی خبیث ہے"۔

ابن حبان نے کہا "کہ تلید رافضی تھا، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو گالیاں دیتا تھا اور اہل بیت کے عجیب فضائل بیان کرتا تھا۔" (تہذیب التہذیب)

ابو داؤد نے کہا "رَافضیٌ یَشْتَمُ ابا بکر و عمر و فی لفظٍ خبیث"۔ یہ رافضی خبیث تھا حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کو گالیاں دیتا تھا۔ (میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ترمذی نے اس سے ایک روایت لی ہے۔

۲۰۔ ثابت بن دینار المعروف بابی حمزۃ الثمالی الکوفی (رافضی)

علامہ ذہبی کہتے ہیں "وَعَدَّہُ السلیمانی فِی قَومٍ مِنَ الرَّافِضَۃِ"۔ حضرت سلیمانی نے انھیں رافضی قوم میں شمار کیا ہے۔ (میزان الاعتدال)

امام ابن حبان نے کہا "اِنفَرَدَ مَعَ غُلُوِّہٖ فِی التشیع"۔ یہ منفرد غالی شیعہ تھا۔ (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ابن ماجہ نے ان سے ایک حدیث لی ہے۔

❖ امام ترمذی نے ان سے تین احادیث لی ہیں۔

۲۱۔ ثویر بن ابی فاختہ الکوفی (رافضی)

یہ کبار تابعین میں سے ہیں رافضی ہیں۔ یہ حضرت اُم ھانی کے غلام ہیں۔

یونس بن ابی اسحاق نے کہا "کان رافضیا"۔ یہ رافضی تھے۔

CS CamScanner

عجلی نے کہا" یہ ثقہ ہیں"۔

دار قطنی نے بھی کہا کہ " یہ ثقہ ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتا ہے اور طفیل بن ابی اُبی بن کعب سے روایت کرتا ہے۔"(میزان الاعتدال)

ابن عدی نے کہا" یہ رافضی ہے"۔

حاکم نے کہا" یہ شیعہ ہے"۔(تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ترمذی نے اپنی جامع میں ان سے تین حدیثیں لی ہیں۔

۲۲۔ جابر بن یزید بن الحارث الجعفی الکوفی (رافضی)

یحیٰ بن معلٰی نے کہا کہ "میں نے سنا زائدہ سے وہ کہتے تھے کہ جابر الجعفی رافضی ہے "یشتم اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم "کہ اصحابِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دیتا تھا۔

ابو یحیٰ الحمانی نے کہا" یہ تیس (۳۰) ہزار حدیثوں کا راوی ہے۔"

یحیٰ بن معلٰی نے کہا" اس کا عقیدہ الرجعۃ کا تھا، رافضہ کا عقیدہ رکھتا تھا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ آسمان میں موجود ہیں دوبارہ آنے والے ہیں دُنیا میں"۔

ابن حبان نے کہا کہ " جابر الجعفی سبائی تھا، عبد اللہ بن سبا کا پیروکار تھا۔"

عجلی نے کہا کہ" یہ غالی شیعہ تھا"۔

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح مسلم کے اوائل میں اس سے احادیث کی تخریج کی ہے۔

❖ امام ابو داؤد نے اپنی سنن ابو داؤد میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

CS CamScanner

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی سنن میں ان سے سولہ (۱۶) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی جامع میں ان سے چار حدیثیں لی ہیں۔ (تہذیب التہذیب) تعدیل وجرح میں اہل علم کا ملا جلا ردعمل ہے۔ (فریزی) تہذیب الکمال میں تفصیلات ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ (تہذیب الکمال)

۲۴۔ جریر بن عبد الحمید الضبی (رافضی)

یہ کوفی الاصل ہے۔ "قال قتیبة یشتم معاویة علانیة" قتیبہ نے کہا کہ میں نے خود سنا کہ جریر بن عبد الحمید الضبی معاویہ کو علانیہ گالیاں دیتا تھا۔ (تہذیب التہذیب، مطبعہ دائرۃ المعارف الہند) آج کل کے ناصبی بھانجوں کے مطابق اسے رافضی ہونا چاہیے کیونکہ ماموں کو جریر بن عبد الحمید الضبی گالیاں دیتا تھا۔ (تہذیب التہذیب)۔ ورنہ کثیر اہل علم نے اس کی تعدیل فرمائی ہے کہیں کہیں جرح بھی ہے۔ ابو حاتم نے کہا "صدوق یعنی سچا ہے"۔ ابن عمار نے کہا "حجت ہے"۔ لالکائی نے کہا "ثقہ ہے"۔ (میزان الاعتدال)

سُنی کتب ستہ میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے ایک سو چھبیس (۱۲۶) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے تین سو تین (۳۰۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابوداؤد نے اپنی سنن ابوداؤد میں ان سے ایک سو (۱۰۰) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے انیتس (۲۹) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی السنن میں ان سے ایک سو اٹھارہ (۱۱۸) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے چھبیس (۲۶) حدیثیں لی ہیں۔

CS CamScanner

۲۴۔ جعفر بن زیاد الاحمر الکوفی (شیعہ کا سردار)

صدوق، شیعی، شیعوں کا سردار ہے۔

امام ابو داؤد نے کہا "یہ شیعہ ہے"۔

جوزجانی نے کہا "یہ بھٹکا ہوا ہے۔"

ابن عدی نے کہا "صالح شیعہ ہے۔"

حسین بن علی بن جعفر الاحمر نے کہا "میرا دادا شیعوں کا رئیس تھا"۔

ابو داؤد نے کہا "صدوق شیعہ ہے"۔

عجلی نے کہا "ثقہ ہے"۔

اور بہت سارے اہل علم نے ان کی تعدیل فرمائی ہے۔ (تہذیب الکمال؛ تہذیب التہذیب؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ترمذی نے ان سے دو حدیثیں لی ہیں۔

۲۵۔ جعفر بن سلیمان الضبی البصری (مثل الحمار، رافضی)

ابن حبان نے کہا کہ "جعفر بن سلیمان سے سوال ہوا کہ تو ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کو گالیاں دیتا ہے؟ تو اس نے کہا کہ گالیاں تو نہیں دیتا مگر ان کا بغض رکھتا ہوں، اسی وجہ سے اسکو "مثل الحمار رافضی" کہا گیا۔

ابن سعد نے کہا "یہ شیعہ ہے، اس کا شمار زاہدین میں ہوتا ہے۔"

حماد بن زید نے کہا "یہ شیعہ ہے۔"

CS CamScanner

ابن ناجیہ نے کہا" یہ بغضی شیعہ ہے۔"

قدری ہونے کی تصدیق موجود ہے۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

- امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے پندرہ (۱۵) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے تیرہ (۱۳) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے سات حدیثیں لی ہیں۔
- امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے دس (۱۰) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے چھبیس (۲۶) حدیثیں لی ہیں۔

۲۶۔ جُمَیع بن عمیر الکوفی التیمی (رافضی)

"قال ابن حبان، رَافضیٌ یضع الحدیث"۔ یہ رافضی ہے، حدیثیں وضع کرتا ہے۔

ابو حاتم نے کہا" یہ عتق شیعہ سے ہے۔" (تہذیب الکمال؛ تہذیب الکمال)

عجلی نے کہا" ابو حاتم نے کہا ثقہ ہے"۔ ایضاً)

سُنی کتب میں احادیث:

- امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے دو حدیثیں لی ہیں۔
- امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے دو حدیثیں لی ہیں۔
- امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے ایک حدیثیں لی ہیں۔
- امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے تین حدیثیں لی ہیں۔

CamScanner

۲۷۔ الحارث بن حصیرہ ابو النعمان الکوفی (غالی محترق، زائغ، شیعہ)

امام دار قطنی نے کہا" یہ غالی شیعہ تھا۔"

امام ابو حاتم نے کہا" یہ محترق شیعہ تھا۔

امام آجری نے کہا" یہ صدوق شیعہ تھا۔"

امام الازدی نے کہا" یہ زائغ شیعہ تھا، بد مذہب تھا۔"

امام ابو احمد الزبیری نے کہا""رَجْعَتْ" پر ایمان رکھتا تھا۔"

نوٹ:۔ بعض شیعہ کے ہاں یہ عقیدہ تھا کہ حضرت علی علیہ السلام آسمان پر اٹھا لیے گئے ہیں وہ دوبارہ زمین پر آنے والے ہیں۔

ابن عدی نے کہا" یہ کوفہ میں محترقین شیعہ سے تھا۔"

امام ابو حاتم الرازی نے کہا" یہ عتق شیعہ سے تھا۔" (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے حدیثیں لی ہیں۔

۲۸۔ الحارث بن عبد اللہ الھمدانی صاحب امیر المؤمنین (غالی شیعہ)

ابن حبان نے کہا" یہ غالی شیعہ تھا۔" (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے چھ (٦) حدیثیں لی ہیں۔

CS CamScanner

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے سترہ (۱۷) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے اکیس (۲۱) حدیثیں لی ہیں۔

۲۹۔ حبیب بن ابی ثابت الاسدی کوفی (مفتی الکوفہ)

کوفہ میں ایک غالب اکثریت شیعہ رواۃ کی تھی اور یہ مفتیٔ کوفہ تھے۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے سولہ (۱۶) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے چوبیس (۲۴) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے بائیس (۲۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے بائیس (۲۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے تیس (۳۰) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے چوبیس (۲۴) حدیثیں لی ہیں۔

۳۰۔ الحسن بن حی الھمدانی کوفی (بدعتی شیعہ)

الحسن بن صالح بن حی الھمدانی میں قلیل بدعتِ تشیع ہے اور تارکِ جمعہ و جہاد بھی ہے۔ عجلی نے کہا کہ " حسن فقیہ ہے اور شیعہ ہے۔ ابن مبارک اس کو اس کی حالت تشیع پر برا بھلا کہتے تھے۔"

ابن حبان نے کہا "حسن فقیہ، عابد، متقی اور شیعہ ہے"۔

ابن سعد نے کہا" حسن حجۃ، فقیہ، صحیح الحدیث کثیرہ ہے اور شیعہ ہے"۔

ابن الساجی نے کہا" حسن صالح ہے، صدوق ہے اور شیعہ ہے۔"

اور بہت سارے اہل علم نے ان کی ثقاہت وعدالت کی گواہی دی ہے۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

- امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے پانچ (۵) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے چھ (۶) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے چار (۴) حدیثیں لی ہیں۔
- امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے دس (۱۰) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے چار (۴) حدیثیں لی ہیں۔

۳۱۔ الحسن بن صالح الثوری (شیعہ)

ابن سعد نے کہا "کان مِتشیعًا"۔ یہ شیعہ تھا۔

ابن معین نے کہا "ثقة" یہ ثقہ تھا۔

ابن الساجی نے کہا "کان یَتَشیعُ"۔

ابن ابو حاتم نے کہا "ثقةٌ، حافظٌ، مُتْقِنٌ"۔ کہ ثقہ، حافظ اور متقن تھا۔

احمد بن یونس نے کہا" اس میں تشیع کی بدعت ہے"۔

سُنی کتب میں احادیث:

- اس سے امام بخاری، امام مسلم، امام نسائی نے ایک ایک، امام ابو داؤد، امام ابن

CamScanner

ماجہ نے دو دو روایت لی ہے۔

۳۲۔ حکیم بن جبیر الکوفی (غالی شیعہ)

ابو حاتم نے کہا کہ "یہ غالی شیعہ ہے"۔ ذہبی کے مطابق بھی یہ شیعہ ہے۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ ابو داؤد، امام نسائی، ابن ماجہ نے ان سے ایک ایک حدیث لی ہے۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

۳۳۔ حکم بن عتیبہ الکوفی (قاضی کوفہ، فیہ التشیع)

ابن جوزی نے کہا کہ "اِنَّمَا کَانَ قَاضِیًا بِالکُوفَۃِ" کہ یہ کوفہ کا قاضی تھا۔

احمد بن عبد اللہ عجلی نے کہا کہ "اس میں تشیع تھا اور یہ فقیہ تھا۔"

ابو حاتم نے کہا "یہ ثبت تھا۔"

ابن معین نے کہا "حکم بن عتیبہ ثقہ تھا۔"

بہت سارے اہل علم نے اس کی ثقاہت و عدالت کی گواہی دی ہے۔ (فریدی؛ تہذیب الکمال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ ان سے امام بخاری اور امام مسلم نے اپنی اپنی صحیح میں حدیثیں لی ہیں۔

۳۴۔ حماد بن عیسیٰ الجھنی

CS CamScanner

ابن معین نے کہا "یہ صالح شیخ تھا۔"

حاکم اور نقاش نے کہا "یہ امام جعفر الصادق علیہ السلام اور جریج سے موضوع حدیثیں نقل کرتا تھا۔"

سُنی کتب میں احادیث:

امام ابن ماجہ اور امام ترمذی نے اس سے ایک ایک حدیث نقل کی ہے۔(تہذیب التہذیب)

۳۵۔ حمران بن اعین الکوفی تابعی (رافضی)

علامہ آجری نے کہا کہ ابو داؤد کہتے ہیں "کان رَافضیًا"۔ یہ رافضی تھا۔

احمد نے کہا "کان یتشیع"۔ یہ تشیع کرتا تھا یعنی شیعہ تھا۔

ابو حاتم نے کہا "یہ صالح شیخ تھا۔ ابن حبان نے اس کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔" اس کا بھائی زرارہ بھی شیعہ تھا۔

سُنی کتب میں احادیث:

امام بیہقی نے اپنی سنن بیہقی میں اس سے حدیثیں لی ہیں ۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

۳۶۔ خالد بن مخلد القطوانی الکوفی (رافضی)

یہ امام بخاری کا استاد تھا۔ مفرط، غالی، شیعہ اور رافضی ہے۔

ابو داؤد نے کہا کہ "یہ صدوق ہے لیکن شیعہ ہے۔"

ابن سعد نے کہا کہ "یہ مفرط شیعہ حد سے بڑھنے والا ہے یعنی غالی شیعہ ہے۔"

جوزجانی نے کہا کہ "شتام ہے، مُعْلن ہے، بد مذہب ہے، گالیاں دینے والا ہے اور لعنت

کرنے والا ہے (سلف صحابہ کرام کو)

الازدی کہتے ہیں "یہ اہل صدق سے ہے"۔ (تہذیب الکمال؛ تہذیب التہذیب؛ میزان الاعتدال)

سنی کتب میں احادیث:

- ❖ امام بخاری نے اپنی الصحیح میں ان سے بتیس (۳۲) حدیثیں لی ہیں۔
- ❖ امام مسلم نے اپنی الصحیح میں ان سے اٹھائیس (۲۸) حدیثیں لی ہیں۔
- ❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے انیس (۱۹) حدیثیں لی ہیں۔
- ❖ امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے چار (۴) حدیثیں لی ہیں۔
- ❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے چار (۴) حدیثیں لی ہیں۔

۳۷۔ خالد طمھان الکوفی تابعی (عتق الشیعہ)

امام ابو حاتم نے کہا "یہ صدوق ہے اور شیعہ ہے"۔ تہذیب التہذیب؛ الجرح والتعدیل، تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

- ❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے ایک حدیث لی ہیں۔

۳۸۔ داؤد بن ابی عوف کوفی (غالی شیعہ)

سفیان نے ان کی توثیق و عظمت بیان کی ہے۔

ابو حجاف نے کہا "وکان من الشیعة"۔ یہ شیعہ تھا۔

ابن حبان نے "ان کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔"

CS CamScanner

ابن عیینہ نے کہا کہ "یہ شیعہ ہے۔"

ابن معینی نے کہا "یہ ثقہ ہے۔"

ابو حاتم نے کہا "یہ صالح الحدیث ہے۔"

ابن عدی نے کہا "وَھُوَمِنَ غَالِیَۃِ الشّیعۃ"۔ یہ غالی شیعہ تھا۔ (تہذیب الکمال؛ تہذیب التہذیب، الاکمال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ ابو داؤد اور نسائی نے اپنی اپنی سنن میں ان سے حدیثیں لی ہیں۔

۳۹۔ الربیع بن انس (مفرِط شیعہ)

عجلی نے کہا "یہ بصری صدوق ہے۔"

ابن معین نے کہا "کان یتشیع فیفرط" یہ شیعہ تھا اور حد سے بڑھنے والا تھا۔ (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ اس سے امام ترمذی، ابو داؤد اور ابن ماجہ نے ایک روایت کو روایت کیا ہے۔

۴۰۔ الربیع بن حبیب الکوفی (شیعہ)

عباس الدری نے کہا "یہ ثقہ ہے"۔

یعقوب بن شیبہ نے بھی کہا "یہ ثقہ ہے"۔

امام ابو زُرعہ نے کہا کہ "شیعی" یہ شیعہ تھا۔

CamScanner

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے ایک حدیث لی ہیں۔

۴۱۔ زبید بن الحارث الکوفی (مائل بہ شیعیت)

قطان نے کہا "یہ ثقہ ہے"۔ محدث کوفہ ہے یہ جوزجانی کا قول ہے۔ (میزان الاعتدال)

یعقوب بن سفیان نے کہا "ثقہ ہے مگر شیعیت کی طرف مائل تھا۔"

عجلی نے کہا "یہ علوی تھا کوفہ میں بہت بڑا شیخ تھا۔" (تہذیب التہذیب)

سنی کتب میں احادیث

❖ امام بخاری نے اپنی الصحیح میں ان سے حدیثیں لی ہیں اور حجت مانا ہے۔

❖ امام مسلم نے اپنی الصحیح میں ان سے حدیثیں لی ہیں اور حجت مانا ہے۔

۴۲۔ زید بن الحباب الکوفی (شیعہ)

"وَهُوَ من اثبات مشائخ كوفة" مشائخ کوفہ (مشائخ شیعہ تھے)

ابن قانع نے کہا "یہ کوفی صالح ہے"۔

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے سولہ (۱۶) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابوداؤد نے اپنی السنن میں ان سے ستائیس (۲۷) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے سینتالیس (۴۷) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی سنن میں ان سے پندرہ (۱۵) حدیثیں لی ہیں۔

CamScanner

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے پینتالیس (۴۵) حدیثیں لی ہیں۔

۴۳۔ زاذان ابو عبد اللہ الکوفی تابعی (شیعہ)

اعمش نے کہا کہ "زاذان كَانَ فَارِسِيًّا مِن شِيعَةِ عَلِيٍّ"۔ یہ فارسی تھا اور علی کا شیعہ تھا۔

عجلی نے کہا "یہ کوفی تابعی تھا۔"

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابوداؤد نے اپنی السنن میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے ایک حدیث لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی سنن میں ان سے ایک حدیث لی ہیں۔

۴۴۔ زیاد بن المنذر الکوفی (غالی رافضی)

ابو حاتم بن حبان نے کہا "كَانَ رَافِضِيًّا يَضَعُ الْحَدِيْثَ"۔ یہ رافضی تھا حدیثیں گھڑتا تھا۔ (تہذیب التہذیب)

ابن عدی نے کہا کہ "یہ اہل کوفہ کے غالیوں سے تھا۔"

ابن حبان نے کہا "یہ رافضی تھا حدیثیں گھڑتا تھا۔"

ذہبی کی وضاحت: ذہبی کہتے ہیں کہ "ابن المنذر کی بابت لوگوں کا کہنا ہے کہ یہ علی علیہ السلام کو ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما سے افضل مانتا تھا اس کا عقیدہ تھا کہ اطاعت علی اور اولاد فاطمہ میں ہی مقصور ہے اور یہ رجعت کا بھی قائل تھا اور متعہ کے جواز کا قائل تھا۔ (میزان الاعتدال)

امام ترمذی نے اس سے ایک حدیث لی ہے۔

CS CamScanner

۴۵۔ سالم بن ابی الجعد الاشجعی الکوفی (شیعہ)

"اسمہ رافع الاشجعی مولاھم الکوفی، اخوہ زیاد بن ابی الجعد عبد اللہ بن ابی الجعد، روٰی عنہ البخاری فی صحیحہ (۳۷) والسلم (۲۸) حدیثاً ابو داؤد (۱۵) حدیثًا و ابن ماجہ (۲۳) حدیثًا والنسائی (۲۲) والترمذی (۱۶) حدیثًا"

سُنی کتب میں احادیث:

امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے سینتیس (۳۷) حدیثیں لی ہیں۔

امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے اٹھائیس (۲۸) حدیثیں لی ہیں۔

امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے پندرہ (۱۵) حدیثیں لی ہیں۔

امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے تیئیس (۲۳) حدیثیں لی ہیں۔

امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے بائیس (۲۲) حدیثیں لی ہیں۔

امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے سولہ (۱۶) حدیثیں لی ہیں۔

۴۶۔ سالم بن ابی حفصہ الکوفی العجلی (رافضی غالی شیعہ)

سالم بن ابی حفصہ غالی شیعہ، مفرط شیعہ، شیخین رضی اللہ عنہما کی تنقیص کرنے والا تھا۔

عکاس نے کہا "یہ مفرط شیعہ ہے (حد سے بڑھنے والا)۔"

ابن عدی نے کہا "یہ غالی شیعہ ہے۔"

حمیدی نے جریر بن عبد الحمید سے روایت کیا ہے کہ تلبیہ میں دورانِ طواف کہتا تھا "اے بنواُمیہ کو ہلاک کرنے والے میں حاضر ہوں۔" (میزان الاعتدال)

خلف بن حوشب نے کہا "یہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی تنقیص کرتا

تھا۔"

عمرو بن علی نے کہا" یہ مفرط شیعہ تھا۔"

جوزجانی نے کہا" یہ زائغ تھا۔"

عقیلی نے کہا" یہ غالی شیعہ تھا۔"

سعید بن منصور نے کہا" یہ احمق تھا۔"

عجلی نے کہا" یہ ثقہ تھا۔"(تہذیب التہذیب)

یحییٰ بن معین نے کہا" یہ شیعہ ہے، ثقہ ہے۔"

خلف بن حوشب نے کہا" یہ حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کی توہین کرنے والوں کا سردار تھا۔"

جریر نے کہا" یہ شیعہ کا وکیل تھا، ترجمان تھا، غالی شیعہ تھا۔"

ابو احمد بن عدی نے کہا کہ "اہل کوفہ میں سب سے زیادہ غالی شیعہ تھا۔"(تہذیب الکمال)

سنی کتب میں احادیث:

❖ امام ترمذی نے اپنی صحیح میں دو حدیثیں لی ہیں۔ (تہذیب الکمال)

۴۷۔ سالم بن عبد الواحد الکوفی (شیعہ)

امام ابو عبید الآجری نے کہا"کان متشیعا" یہ شیعہ تھا۔

عجلی نے کہا کہ" یہ ثقہ ہے۔"

آجری کہتے ہیں" یہ شیعہ ہے۔"(تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ترمذی نے اس سے ایک حدیث لی ہے۔

CamScanner

۴۸۔ سعاد بن سلیمان الکوفی الجعفی یشکری (غالی شیعہ)

امام ابو حاتم نے کہا "کان من عتق شیعة"۔ یہ شیعہ تھا۔

سُنی کتب میں احادیث:

❖ ابن ماجہ نے اس سے ایک حدیث لی ہے۔ ((تہذیب الکمال؛ تہذیب التہذیب)

۴۹۔ سعد بن طریف الاسکاف الحنظل الکوفی (مفرط شیعہ)

فلاس نے کہا کہ "سعد بن طریف حد سے بڑھنے والا، حد سے بڑھا ہوا شیعہ ہے۔"

بخاری نے کہا کہ "یہ قوی نہیں ہے۔" (میزان الاعتدال)

عمر بن علی نے کہا "وَهُوَ يُفْرِطُ فِی التَّشَيُّع"۔ یہ تشیع میں افراط کرتا تھا۔ (تہذیب الکمال)

عبد الرحمٰن بن الحکم نے کہا کہ "یہ غالی شیعہ تھا۔"

عجلی نے کہا کہ "ضعیف تھا۔" (تہذیب الکمال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ترمذی نے اس سے ایک حدیث لی ہے۔

❖ امام ابن ماجہ نے بھی اس سے ایک حدیث لی ہے۔

۵۰۔ سعید بن اشوع قاضی الکوفہ۔ (غالی شیعہ)

جوزجانی نے کہا کہ "غالٍ زائغ یرید التشیع"۔ کہ یہ غالی شیعہ تھا۔

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری اور امام مسلم نے اس سے دو حدیثیں لی ہیں۔

CS CamScanner

❖ امام نسائی اور ترمذی نے بھی اس سے ایک ایک حدیث لی ہے۔

۵۱۔ سعید بن خُثیم الھلالی

یحیٰی بن معین نے کہا" وھو شیعی" "وہ شیعہ ہے۔(میزان الاعتدال)

یحیٰی بن معین نے کہا" یہ کوفی ہے اور یہ بھی سوال کے جواب میں کہا کہ وہ شیعہ ہے اور ثقہ ہے اور قدری ہے۔" (تہذیب الکمال)

عجلی نے کہا"لیس بہ بأس"۔

یحیٰی نے کہا شیعہ ہے قدری ہے۔(تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ترمذی نے اپنی صحیح میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۵۲۔ سعید بن عمرو الکوفی (غالی شیعہ)

جوزجانی نے کہا"غال زائغ یعنی فی التشیع"یعنی غالی شیعہ تھا۔

ابن معین نے کہا"مشہور"۔

امام نسائی نے کہا"لیس بہ بأس"۔

عجلی نے کہا کہ "ثقہ"ثقہ ہے۔

امام بخاری نے تاریخ اوسط میں کہا" کہ میں نے دیکھا کہ اسحاق بن راہویہ اس سے حجت لیتے تھے۔"

امام حاکم نے کہا" یہ کوفی ثقات سے ہے، اس کی حدیث پر اجماع ہوا ہے۔" (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ اس سے امام بخاری میں دو حدیثیں لی ہیں۔

❖ اور امام ترمذی نے ایک حدیث لی ہے۔

۵۳۔ سعید بن فیروز الکوفی تابعی (شیعہ)

عجلی نے کہا "تابعیٌ ثقةٌ فيه التشيع"۔ سعید بن فیروز تابعی ہے، ثقہ ہے، شیعہ ہے۔

ابوزریعہ نے کہا "ثقة" کہ یہ ثقہ ہے۔

ابوحاتم نے کہا " ثقہ ہے۔" اور بہت سارے اہل علم نے توثیق کی ہے۔ (فریدی)

(تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اس سے ایک حدیث لی ہے۔

❖ امام مسلم نے بھی ایک حدیث لی ہے۔

❖ امام ابن ماجہ نے بھی ایک حدیث لی ہے۔

۵۴۔ سعید بن محمد الجرمی الکوفی

حاتم بن اسماعیل اور ایک جماعت نے کہا "یہ ثقہ ہے، لیکن شیعہ ہے۔"

یحییٰ بن معین نے کہا "صدوق وسچا ہے"۔ (میزان الاعتدال)

❖ امام بخاری نے اس سے روایت لی ہے اور

❖ اما مسلم نے بھی روایت لی ہے۔

❖ امام ابوداؤ، امام نسائی اور ابن ماجہ نے بھی اس سے ایک ایک روایت لی ہے۔

CamScanner

نوٹ:۔ "روی عنه البخاری و مسلم و هوثقه لکنه شیعی" کے الفاظ میزان مرقوم ہیں۔

۵۵۔ سلمہ بن الفضل الابرش قاضیٔ رَے (شیعہ)

ان سے روایت کیا گیا ہے انھوں نے کہا سلمہ الابرش رازی "یتشیع" سلمہ بن الفضل الابرشی شیعہ تھے۔ (میزان الاعتدال)۔

ابن معین نے کہا کہ "سلمہ ثقہ ہے۔"

ابو حاتم نے کہا "محله الصدق الدرری" نے ابن معین کے حوالے سے کہا کہ "کَانَ یَتَشَیَّعُ" یہ تشیع پھیلاتا تھا۔

ابن سعد نے کہا "یہ ثقہ ہے، صدوق (سچا) ہے، اپنی نماز میں خشوع رکھتے تھے۔"

ابن حبان نے اس کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔ (تہذیب التہذیب)

امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے گیارہ (۱۱) حدیثیں لی ہیں۔

امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

۵۶۔ سلمہ بن کھیل الکوفی الحضرمی تابعی (پکا شیعہ)

عجلی نے کہا کہ "سلمہ کوفی، ثقہ، تابعی، ثبت فی الحدیث ہیں اور شیعہ ہیں۔"

یعقوب نے کہا "ثبت علی تشیعه" اپنی شیعیت میں پکا تھا۔ (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے سترہ (۱۷) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے پچیس (۲۵) حدیثیں لی ہیں۔

CamScanner

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے اٹھارہ (۱۸) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے تیس (۳۰) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے چودہ (۱۴) حدیثیں لی ہیں۔

۵۷۔ سلیمان بن صرد الخزاعی الکوفی (شیعہ)

ابن عبد البر نے کہا کہ "کوفہ کے رہنے والے تھے، صحبتِ نبوی حاصل تھی، اپنی قوم میں معزز تھے، صفین میں حضرت علی علیہ السلام کے شیعہ تھے۔ (تہذیب التہذیب)۔ مختار کے ساتھ مل کر قتال کیا۔ (اکمال تہذیب الکمال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے چھ (۶) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے چار (۴) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۵۸۔ سلیمان بن طرخان التیمی (شیعہ)

ابن سعد نے کہا "ثقہ ہے، کثیر الحدیث ہے، مجتہدین سے ہے "وکان مائلاً الی علی ابن ابی طالب"۔ علی بن ابی طالب کا شیعہ ہے۔"

CS CamScanner

عجلی نے کہا کہ "کوفی تابعی ہے۔" (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے باسٹھ (۶۲) حدیثیں لی ہیں۔
❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے بانوے (۹۲) حدیثیں لی ہیں۔
❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے اٹھارہ (۱۸) حدیثیں لی ہیں۔
❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے بیس (۲۰) حدیثیں لی ہیں۔
❖ امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے چالیس (۴۰) حدیثیں لی ہیں۔
❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے ستائیس (۲۷) حدیثیں لی ہیں۔

۵۹۔ سلیمان بن قرم الکوفی۔ (غالی رافضی)

ابن حبان نے کہا "كَانَ رَافِضِيًّا غَالِيًّا فِی الرَّفض"۔ یہ غالی رافضی تھا۔"

آجری نے کہا "یہ مفرط شیعہ تھا۔"

محمد بن عون نے کہا "یہ تشیع میں افراط کرتا تھا۔"

ابوزریعہ نے کہا "لیس بذالك"۔

ابن عدی نے کہا "اس کی احادیث حسن ہیں، یہ سلیمان بن ارقم سے بہتر تھا۔" (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔
❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

CamScanner

❖ امام ابوداؤد نے اپنی السنن میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

۶۰۔ سلیمان بن مھران الکوفی الاعمش تابعی (شیعہ)

جوزجانی کہتے ہیں "وھب بن زمعہ المروزی نے کہا کہ میں نے سنا ابن المبارک سے "اِنَّمَا اَفْسَدَ حَدِیثَ أَھلِ الکوفۃِ ابو اسحاق والاعمش"۔ (میزان الاعتدال)

عجلی نے کہا" اعمش ثقہ، ثبت ہے حدیث میں، "وَکَانَ فیہ التشیع" اور اس میں تشیع ہے۔ (یہ شیعہ ہے) تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے تین سو تراسی (۳۸۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے چار سو اکیاسی (۴۸۱) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابوداؤد نے اپنی السنن میں ان سے ایک سو چھیانوے (۱۹۶) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے دو سو چھیاسٹھ (۲۶۶) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے دو سو چھیاسٹھ (۲۶۶) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے دو سو اڑتیس (۲۳۸) حدیثیں لی ہیں۔

نوٹ:۔ بہت سارے اہل علم نے ان کی ثقاہت، عبادت، عدالت کی گواہی دی ہے۔

۶۱۔ شریک بن عبداللہ بن سنان النخعی (غالی شیعہ)

عبداللہ بن شریک نے کہا "فواللہ اِنہ لشیعیٌ، واِنَّ شریکاً لشیعیٌ"۔ اللہ تعالیٰ کی قسم بے شک شریک یقیناً شیعہ ہے۔ (میزان الاعتدال)

امام الساجی نے کہا" کان ینسب الی التشیع المفرط" یہ غالی مفرط شیعہ کی طرف منسوب ہے۔

الازد نے کہا" یہ غالی المذھب ہے۔" (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

امام مسلم اور اصحاب السنن اربعہ نے اسے حجت مانا ہے اور حدیثیں لی ہیں۔

۶۲۔ شعبہ بن الحجاج الکوفی (شیعہ)

"قال الحافظ، ثقۃٌ، حافظٌ، متقنٌ، و قال الثوری ھو امیر المؤمنین فی الحدیث، قال ابن سعد، کَانَ ثقۃٌ ماموناً ثبتاً حجۃً۔ و قال ابن قتیبۃ ھُو فیمن اتھم بالتشیع"۔ یہ مہتم تھے شیعیت کے ساتھ۔ (المعارف لابن قتیبۃ)

سُنی کتب میں احادیث:

- امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے سات سو چھیانوے (۷۹۶) حدیثیں لی ہیں۔
- امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے سات سو سڑسٹھ (۷۶۷) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے دو سو پچھتر (۲۷۵) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے ایک سو اکیاسی (۱۸۱) حدیثیں لی ہیں۔
- امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے پانچ سو انسٹھ (۵۵۹) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے دو سو چھیاسی (۲۸۶) حدیثیں لی ہیں۔

۶۳۔ صعصہ بن صوحان الکوفی (من اصحاب علی علیہ السلام) شیعہ

CamScanner

"شھد مَعَ علیؑ صِفّین وَ کَانَ اَمِیْرًا علی بَعض الصف"۔(تہذیب التہذیب)

"کَانَ مِن اصحاب الخطط بالکوفۃ و کَانَ خطیبًا و کان من اصحاب علیؑ و توفی بالکوفۃ"۔(تہذیب الکمال مزی)

سُنی کتب میں احادیث:

امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے چار (۴) حدیثیں لی ہیں۔

۶۴۔ طاؤس بن کیسان الھمدانی (تابعین تھے، شیعہ تھے)

"قال سفیان بن سعید، کان طاؤس یتشیع"۔(اکمال فی تہذیب الکمال)

سُنی کتب میں احادیث:

- امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے پچاسی (۸۵) حدیثیں لی ہیں۔
- امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے بیاسی (۸۲) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے پینتالیس (۴۵) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے بیالیس (۴۲) حدیثیں لی ہیں۔
- امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے ایک سو چودہ (۱۱۴) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے بتیس (۳۲) حدیثیں لی ہیں۔

۵۶۔ ظالم بن عمرو الدؤلی تابعی ابو الاسود (شیعہ، بانیٔ نحو، شاگرد حضرت علی علیہ السلام)

"قال ابن سعد فی الطبقۃ الاولیٰ من اھل البصرۃ کان شاعرا متشیعا و کان ثقۃ"۔ یہ ثقہ

شیعہ تامہ تھا۔(تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابو داؤد، امام ترمذی اور امام ابن ماجہ نے ان سے ایک ایک حدیث لی ہے۔

٦٦۔ عامر بن واثلہ المکی و صحابی رضی اللہ عنہ)

"قال ابن سعد و كان ابو الطفيل عامر بن واثله ، ثقة فی الحديث و كان متشيعا"۔
عامر بن واثلہ ثقہ اور شیعہ تھا۔

"قال ابن عدی ، كانتِ الخوارج يذمُونه باتصاله بعلیؑ"۔ ابن عدی نے کہا کہ خوارج عامر بن واثلہ صحابی کو بُرا بھلا کہتے اور ان کی مذمت بیان کرتے مولا علی علیہ السلام کے ساتھ اتصال (گہرے تعلق) کی وجہ سے۔ کیونکہ عامر بن واثلہ اہل بیت نبوت کی افضلیت مطلقہ کے قائل تھے۔(تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی الادب المفرد میں ان سے حدیث لی ہے۔

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے چھبیس (۲٦) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے بارہ (۱۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان نو (۹) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

CamScanner

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے آٹھ (۸) حدیثیں لی ہیں۔

۶۷۔ عاصم بن عمرو البجلی الکوفی (شیعہ)

"عاصم بن عمرو يقال ابن عوف البجلي الكوفي احد الشيعة كانَ مِن اصحاب حُجر بن عدی"۔ بے مثال شیعہ تھے حجر بن عدی کے ساتھیوں سے تھا۔ ابو حاتم نے کہا کہ یہ صدوق و سچا ہے۔ (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ابن ماجہ نے ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۶۸۔ عائذ بن حبیب الکوفی (غالی شیعہ)

"قال الجوزجانی، غالٍ زائغ"۔ (وہ غالی شیعہ ہے)

"قلت ھو شیعی جلد" وہ شیعی جلد تھا۔ (تہذیب التہذیب؛ میزان الاعتدال)

"یحییٰ بن معین یقول عائذ بن حبیب الکوفی زندیق"۔ (تہذیب الکمال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام نسائی اور امام ابن ماجہ نے ان سے ایک ایک حدیث لی ہے۔

۶۹۔ عباد بن یعقوب الاسدی الکوفی (رافضی، غالی شیعہ، بدعتیوں کا سردار)

"من غلاة الشيعة و رؤوس البدعة لكنه صدوق فى الحديث"۔ غالی شیعہ، بدعتیوں کا سردار۔

ابو حاتم نے کہا "شیخ ثقة"۔

عبدان الاھوازی نے کہا "انّ عباد بن یعقوب کان یشتم السلف"۔ اھوازی کہتے ہیں کہ عباد بن یعقوب ثقہ ہے مگر سلف صحابہ کرام کو گالیاں دیتا تاھ۔

ابن حبان نے کہا "وَكَانَ دَاعِيَةً إِلَى الرَّفْضِ"۔ یہ رفض کا داعی تھا، رافضی تھا۔

دار قطنی نے کہا "عباد بن یعقوب شیعی صدوق"، سچا تھا شیعہ تھا۔ (میزان الاعتدال)

ابن عدی نے کہا "یشتم السلف" یہ سلف (صحابہ کرام) کو گالیاں دیتا تھا۔ "غلوفی التشیع" یہ غالی شیعہ تھا۔

صالح بن محمد نے کہا "كَانَ يَشْتَمُ عُثْمَانَ"۔ یہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو گالیاں دیتا تھا۔

ابن حبان نے کہا "كَانَ رَافِضِيًا"۔ یہ رافضی تھا۔ (تہذیب التہذیب؛ تہذیب الکمال)

سُنی کتب میں احادیث:

- امام بخاری نے اور امام ابن ماجہ نے ان سے ایک ایک حدیث لی ہے۔
- اور امام ترمذی نے اس سے تین حدیثیں لی ہیں۔

۷۰۔ عباد بن العوام الکلائی۔ (شیعہ)

ابن سعد نے کہا "كَانَ يَتَشَيَّعُ" یہ تشیع کرتا تھا یعنی شیعہ تھا۔

ابن سعد نے کہا "ثقة" کہ یہ ثقہ ہے۔

ابن فراش نے کہا "صدوق (سچا) ہے۔"

ابن معین، عجلی، ابو داؤد، نسائی اور ابو حاتم نے کہا "یہ ثقہ ہے۔" (تہذیب التہذیب)

سُنّی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری، امام مسلم، امام ابو داؤد، امام ترمذی، امام نسائی اور امام ابن ماجہ نے ان سے ایک ایک حدیث لی ہے۔

۷۱۔ عبد اللہ بن داؤد الھمدانی الکوفی

عبد اللہ بن داؤد بن عامر بن الربیع ثم الشعبی ابو عبد الرحمٰن المعروف بالخریبی، کوفی الاصل۔

یحییٰ بن معین نے کہا "ثقہ، مامون ہے۔"

ابو حاتم نے کہا "یمیل الرأی"۔ (تہذیب الکمال)

سُنّی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے احتجاج کیا ہے۔

۷۲۔ عبد اللہ بن شداد بن الھاد (شیعہ)

واقدی نے کہا "کَانَ ثِقَةً، فقیهًا، کثیر الحدیث، مُتَشَیِّعًا"۔ یہ ثقہ ہے، فقیہ ہے، کثیر الحدیث ہے اور شیعہ ہے۔

سُنّی کتب میں احادیث:

❖ اس سے اصحاب الصحاح والسنن الاربعہ نے حدیثیں لی ہیں۔

۷۳۔ عبد اللہ بن عمر القرشی الکوفی (غالی شیعہ)

CS CamScanner

"من غلاۃ الشیعۃ و رؤوس البدعۃ لکنہ صدوق فی الحدیث "۔ غالی شیعہ ، بدعتیوں کا سردار۔

ابو حاتم نے کہا" شیخ ثقہ "۔

عبدان الاھوازی نے کہا" انّ عباد بن یعقوب کان یشتم السلف "۔ اھوازی کہتے ہیں کہ عباد بن یعقوب ثقہ ہے مگر سلف صحابہ کرام کو گالیاں دیتا تاھ۔

ابن حبان نے کہا" وَ کَانَ دَاعِیَۃً اِلَی الرِّفْضِ "۔ یہ رفض کا داعی تھا، رافضی تھا۔

دار قطنی نے کہا" عباد بن یعقوب شیعیؒ صدوق "، سچا تھا شیعہ تھا۔ (میزان الاعتدال)

ابن عدی نے کہا" یشتم السلف " یہ سلف (صحابہ کرام) کو گالیاں دیتا تھا۔ "غلوفی التشیع" یہ غالی شیعہ تھا۔

صالح بن محمد نے کہا" کَانَ یَشْتِمُ عُثْمَانَ "۔ یہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو گالیاں دیتا تھا۔

ابن حبان نے کہا" کَانَ رَافِضِیًا "۔ یہ رافضی تھا۔ (تھذیب التھذیب؛ تھذیب الکمال)

سُنی کتب میں احادیث:

- امام بخاری نے اور امام ابن ماجہ نے ان سے ایک ایک حدیث لی ہے۔
- اور امام ترمذی نے اس سے تین حدیثیں لی ہیں۔

۷۰۔ عباد بن العوام الکلائی۔ (شیعہ)

ابن سعد نے کہا" کَانَ یَتَشَیَّعُ " یہ تشیع کرتا تھا یعنی شیعہ تھا۔

ابن سعد نے کہا" ثقۃٌ " کہ یہ ثقہ ہے۔

ابن فراش نے کہا" صدوق (سچا) ہے۔"

ابن معین، عجلی، ابو داؤد، نسائی اور ابو حاتم نے کہا "یہ ثقہ ہے۔" (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری، امام مسلم، امام ابو داؤد، امام ترمذی، امام نسائی اور امام ابن ماجہ نے ان سے ایک ایک حدیث لی ہے۔

۷۱۔ عبد اللہ بن داؤد الھمدانی الکوفی

عبد اللہ بن داؤد بن عامر بن الربیع ثم الشعبی ابو عبد الرحمن المعروف بالخریبی، کوفی الاصل۔

یحییٰ بن معین نے کہا "ثقہ، مامون ہے۔"

ابو حاتم نے کہا "یمیل الرأی"۔ (تہذیب الکمال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے احتجاج کیا ہے۔

۷۲۔ عبد اللہ بن شداد بن الھاد (شیعہ)

واقدی نے کہا "كَانَ ثِقَةً، فقيهًا، كثير الحديث، مُتَشَيِّعًا"۔ یہ ثقہ ہے، فقیہ ہے، کثیر الحدیث ہے اور شیعہ ہے۔

سُنی کتب میں احادیث:

❖ اس سے اصحاب الصحاح والسنن الاربعہ نے حدیثیں لی ہیں۔

۷۳۔ عبد اللہ بن عمر القرشی الکوفی (غالی شیعہ)

CamScanner

ابو حاتم نے کہا "صدوق، انّہٗ شیعیٌ"، سچا ہے شیعہ ہے۔

صالح بن جزرہ نے کہا "کانَ غالیًا فی التشیُّع" یہ غالی شیعہ تھا۔(میزان لاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے نو (۹) حدیثیں لی ہیں۔

امام ابو داوٗد نے اپنی السنن میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

۷۴۔ عبد اللہ بن لُھَیعَہ قاضی مصر (مفرط شیعہ)

ابن عدی نے کہا "لعل البلاء فیہ من ابن لُھَیْعَۃَ فَاِنَّہٗ مُفْرِطٌ فِی التَّشَیُّعِ"۔ عبد اللہ بن لھیعہ حد سے بڑھنے والا شیعہ تھا۔(میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

امام ابو داوٗد نے اپنی السنن میں ان سے پچیس (۲۵) حدیثیں لی ہیں۔

امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے ترپن (۵۳) حدیثیں لی ہیں۔

امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے چونتیس (۳۴) حدیثیں لی ہیں۔

۷۵۔ عبد اللہ بن میمون القداح المکی من اصحاب الامام الصادق

سُنی کتب میں احادیث:

❖ ان سے ابن ماجہ اور ترمذی نے اپنی صحیح میں ایک روایت لی ہے۔

۷۶۔ عبد الرحمٰن بن صالح الازدی الکوفی (رافضی)

یعقوب بن یوسف المطوعی نے کہا "کَانَ عبدُالرّحْمٰن بن صَالِح رَافِضِیًا"۔ کہ عبدالرحمٰن بن صالح رافضی ہے۔

امام نسائی نے اپنی سنن میں اسے حجت مانا ہے۔(میزان)

یحییٰ بن معین نے کہا "ثقہ ہے، صدوق ہے، شیعہ ہے۔"

ابو حاتم نے کہا "صدوق ہے۔"

ابن عدی نے کہا "یہ جلا ہوا شیعہ ہے۔"

سنی کتب میں احادیث

❖ امام نسائی نے اپنی سنن میں اس سے حدیث لی ہے۔

۷۷۔ عبدالجبار الشبامی الھمدانی الکوفی (غالی شیعہ)

عبداللہ بن احمد نے کہا "کَانَ یَتَشَیَّعُ" یہ شیعہ تھا۔

جوزجانی نے کہا "یہ غالی بدمذہب تھا۔"

عقیلی نے کہا کہ "حد سے بڑھنے والا غالی شیعہ تھا۔"

ابو حاتم نے کہا "ثقہ ہے"۔(تہذیب التھذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ابن ماجہ نے اس سے ایک حدیث لی ہے۔

۷۸۔ عبدالسلام بن صالح الھروی (رافضی خبیث)

ابوالصلت نے کہا "ثقۃٌ، صدوقٌ، کَانَ یَتَشَیَّعُ" کہ ثقہ ہے، صدوق ہے مگر شیعہ تھا۔

CS CamScanner

برقانی نے کہا "کَانَ رَافِضِيًا خَبِيثًا" یہ رافضی خبیث تھا۔

عقیلی نے کہا " رافضیٌ خبیثٌ " کہ یہ رافضی خبیث تھا۔

جوزجانی نے کہا "کَانَ مَائِلًا عَنِ الْحَقِّ" یہ حق سے منہ موڑنے والا تھا۔

آجری نے کہا "ضابط ہے۔" (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

امام ابن ماجہ نے ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۷۹۔ عبدلعزیز بن سیاہ الاسدی الکوفی (کبار شیعہ سے تھا)

امام ابوزرعہ نے کہا کہ " وھومن کبار الشیعة " وہ بہت بڑا شیعہ تھا۔

ابن معین اور ابوداؤد نے کہا "ثِقَةٌ" کہ وہ ثقہ ہے۔

ابوحاتم نے کہا " محلہ الصدق " کہ اس کا محل صدق ہے۔

ابوزرعہ نے کہا "لا بأس بہ " اس میں کوئی حرج نہیں۔ (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

❖ امام مسلم، امام ابن ماجہ اور امام ترمذی نے بھی ان سے ایک روایت لی ہے۔

۸۰۔ عبداللہ بن جُھم الرازی (شیعہ)

ابوحاتم نے کہا " میں نے اُسے دیکھا مگر میں نے اس سے روایت نہیں لی۔ "وَكَانَ يَتَشَيَّعُ" وہ شیعہ تھا۔ تشیع کرتا تھا۔

ابوزرعہ نے کہا "وَکَانَ صدوقًا" وہ صدوق تھا۔

سُنی کتب میں احادیث:

امام ابوداؤد نے ان سے ایک روایت لی ہے۔(تہذیب التہذیب)

۸۱۔ عبداللہ بن داؤد الخریبی الکوفی

ابوحاتم نے کہا "کَانَ یَمِیْلُ اِلَی الرَّأیِ وَکَانَ صَدُوْقًا"۔

سُنی کتب میں احادیث:

❖ ان سے امام بخاری، ابن ماجہ نے پانچ حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابوداؤد اور امام نسائی نے دو(۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ اور امام ترمذی نے ایک حدیث لی ہے۔

۸۲۔ عبداللہ بن زریر الغافقی تابعی (شیعہ)

ابن سعد نے کہا "شَهِدَ مَعَ عَلِیٍّ صِفِّین" کہ صفین میں علی کا ساتھی (شیعہ) تھا۔

برقی نے کہا "نسب الی التشیع" کہ یہ شیعہ کی طرف منسوب تھا۔

ابن یونس نے کہا "کان من الشیعة علی الوافدین الیه من اهل مصر"۔

یونس نے کہا "یہ شیعہ سے تھا اہل مصر کے وفد والوں سے آپ کی طرف آیا تھا۔"

عجلی نے کہا "تابعی ثقہ ہے۔"

ابن سعد نے کہا "ثقہ ہے۔" (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام نسائی نے، امام ترمذی نے اور ابن ماجہ نے ان سے ایک ایک حدیث تخریج کی ہے۔

۸۳۔ عبد بن عبد القدوس التمیمی ابو صالح الرازی (رافضی خبیث)

عبد اللہ بن احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ میں نے پوچھا یحییٰ بن معین سے، عبد اللہ بن عبد القدوس کی بابت، تو انھوں نے کہا کہ رافضی خبیث ہے۔

امام ابو داؤد نے کہا" اس پر رفض کا الزام ہے، اسے رافضی کہا جاتا ہے۔"

امام بخاری نے کہا "هُوَ فِي الأَصلِ صدوقٌ" وہ اصل میں صدوق (سچا) ہے مگر وہ ضعاف سے روایت کرتا ہے۔"

محمد بن عیسیٰ سے حکایت کیا گیا ہے کہ "هُوَ ثِقَةٌ" وہ ثقہ ہے۔ (تہذیب الکمال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری اور امام ترمذی نے ان سے حدیث لی ہے۔

❖ ابن حبان نے کہا ہے کہ بخاری نے اکثر اوقات اس سے حدیث لی ہے اور ترمذی نے بھی۔ (تہذیب الکمال)

۸۴۔ عبد اللہ بن عیسیٰ الانصاری الکوفی (شیعہ)

ابن معین نے کہا "ثقہ ہے۔ ایک روایت میں کہا "كَانَ يَتَشَيَّعُ" ۔ شیعہ تھا۔"

CamScanner

نسائی نے کہا" ثقہ ہے، ثبت ہے"۔

عجلی نے کہا" ثقہ ہے۔"

ابو حاتم نے کہا" صالح ہے۔"(تہذیب الکمال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ ان سے امام بخاری، امام مسلم، ابو داؤد، ترمذی اور امام نسائی نے ایک ایک حدیث روایت کی ہے۔

۸۵۔ عبد الملک بن اعین الکوفی اخو زرارہ (رافضی)

"قال الحمیدی عن سفیان" حمیدی نے کہا سفیان سے روایت ہے انھوں نے ہمیں بیان کیا "عبد الملك بن اعين شيعي" کہ عبد الملک بن اعین شیعہ ہے اور ہمارے نزدیک رافضی ہے۔

حامد نے کہا کہ "ہمیں سفیان بیان کرتے ہیں کہ زرارہ، حُمران، عبد الملک یہ تینوں بھائی رافضی ہیں، انتہائی خبیث ہیں اپنے قول کے اعتبار سے۔"

ابن حبان نے کہا" عبد الملک شیعہ ہے، میں کہتا ہوں ساجی نے کہا یہ شیعہ ہے، حدیث میں پختہ ہے۔"

عجلی نے کہا" کوفی تابعی ہے۔"(تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری و مسلم اور ابو داؤد اور ترمذی اور نسائی نے ان سے ایک حدیث لی ہے۔

CamScanner

۸۶۔ عبد الملک بن مسلم بن سلام الحنفی ابو سلام الکوفی (شیعہ)

"قال ابن خراش لیس بہ باس من الشیعۃ"۔ ابن خراش کہتے ہیں کہ یہ شیعہ ہے۔ روایت حدیث میں مضر نہیں۔

ابو داؤد نے کہا "اس کی روایت میں کوئی حرج نہیں۔" (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ ان سے امام ترمذی نے ایک حدیث لی ہے۔

۸۷۔ عبید اللہ بن خلیفہ الکوفی

عجلی نے کہا "کوفی ہے۔"

ابو حاتم نے کہا "شرطۃ علیؓ"۔ کہ یہ حضرت علی علیہ السلام کا سپاہی ہے۔ ((تہذیب الکمال؛ تہذیب التہذیب)

ظاہر ہے یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہی شیعہ ہے۔

سُنی کتب میں احادیث:

امام ابن ماجہ نے اس سے ایک حدیث لی ہے۔

۸۸۔ عبد الرزاق بن ہمام (غالی شیعہ)

ابن ابی خثیمہ کہتے ہیں "میں نے یحییٰ بن معین سے سنا اور ان سے سوال کیا گیا کہ احمد کہتے

ہیں کہ بے شک عبید اللہ بن موسیٰ کی حدیث شیعہ ہونے کی بنا پر رد کر دی جاتی ہے؟ تو فرمایا اللہ تعالیٰ جس کا کوئی شریک نہیں کی قسم عبد الرزاق (تشیع میں) (عبد اللہ بن موسیٰ سے زیادہ غالی ہے اور سو گنا زیادہ غالی ہے۔"

عجلی نے کہا" وہ ثقہ ہیں اور تشیع کرتے ہیں (شیعہ ہیں)"،

ابن عدی نے کہا" کہ کثیر اہل علم اور آئمہ حدیث عبد الرزاق کی طرف رختِ سفر باندھتے ہیں تا کہ ان سے حدیثیں لکھیں مگر سب ان کو تشیع کی طرف منسوب کرتے ہیں۔"

ابو داؤد نے کہا کہ "عبد الرزاق معاویہ پر تعریض کرتا تھا۔ عبد اللہ بن احمد نے اپنے باپ سے سنا کہ عبد الرزاق مفرط شیعہ ہے؟ تو انھوں نے کہا کہ میں نے ابھی تک ان سے ایسا کچھ نہیں سنا۔" ابن حبان نے بھی ان میں تشیع مانا ہے۔

ابن معین کہتے ہیں "عبد الرزاق اگر مرتد بھی ہو جائیں تو بھی ہم ان سے حدیثیں لینا نہیں چھوڑیں گے۔ (تہذیب الکمال؛ تہذیب التہذیب؛ میزان الاعتدال)

سنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی الصحیح میں ان سے ایک سو بارہ (۱۱۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام مسلم نے اپنی الصحیح میں ان سے چار سو بیاسی (۴۸۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی سنن میں ان سے اٹھاسی (۸۸) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی اپنی سنن میں ان سے ننانوے (۹۹) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی جامع میں ان سے ایک سو بتیس (۱۳۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے ایک سو بہتر (۱۷۲) حدیثیں لی ہیں۔

۹۰۔عبید اللہ بن موسیٰ الکوفی شیخ البخاری (غالی شیعہ، رافضی، مفرط شیعہ)

یعقوب بن سفیان نے کہا "شیعہ" کہ یہ شیعہ ہے۔ اور اگر کوئی اس کو رافضی کہے تو ایسا ہی یقیناً اس کا انکار نہیں ہو سکتا۔"

جوزجانی نے کہا" عبید اللہ بن موسیٰ بدترین غالی بدمذہب ہے۔"

ساجی نے کہا "صدوق ہے، مفرط شیعہ ہے۔"

ابن قانع نے کہا "کوفی ہے، صالح ہے، شیعہ ہے"۔

امام احمد نے "شیعہ ہونے کی بنا پر اس سے حدیث لینا چھوڑ دیا تھا۔"

آجری نے ابو داؤد سے روایت کی ہے کہ "یہ جلا ہوا شیعہ تھا۔"

عجلی نے کہا "ثقہ ہے، قرآن عظیم کا عالم ہے۔"

ابو حاتم نے کہا "ثقہ ہے۔" (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

- امام بخاری نے اپنی الصحیح میں ان سے باون (۵۲) حدیثیں لی ہیں۔
- امام مسلم نے اپنی الصحیح میں ان سے اکتیس (۳۱) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ابو داؤد نے ان سے اپنی سنن وغیرہ میں چودہ (۱۴)

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی سنن میں ان سے بیالیس (۴۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی اپنی سنن میں ان سے اٹھائیس (۲۸) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی جامع میں ان سے چالیس (۴۰) حدیثیں لی ہیں۔

۹۱۔ عثمان عمیر الثقفی الکوفی (غالی شیعہ)

ابن عدی نے کہا کہ "ردی المذہب ہے، غالی شیعہ ہے۔"

ابراہیم بن عرعرہ نے ابی احمد الزبیری سے روایت کیا ہے کہ "ابو الیقظان کنیت ہے عثمان بن عمیر کی، یہ غالی شیعہ ہے، مزید یہ کہ یہ رجعت کا عقیدہ رکھتا ہے۔" (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

امام ترمذی، اور امام ابو داؤد نے ان سے حدیثیں لی ہیں۔

۹۲۔ عدی بن ثابت الکوفی انصاری (غالی رافضی مفرط شیعہ)

"قال دارقطنی رافضیٌ غال"۔ کہ یہ غالی شیعہ ہے۔

"قال ابن معین شیعیٌ مفرط"۔ کہ یہ مفرط شیعہ ہے۔

"قال ابوحاتم ، وَ کَانَ امام مسجد الشیعۃ" کہ یہ شیعوں کا بھی امام مسجد تھا۔ "عالم الشیعہ" شیعوں کا عالم تھا۔

عجلی نے کہا "ثقہ" کہ ثقہ ہے۔

عبداللہ بن احمد نے کہا "ثقہ ہے۔" (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی الصحیح میں ان سے چالیس (۴۰) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام مسلم نے اپنی الصحیح میں ان سے چوبیس (۲۴) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابو داؤد نے ان سے اپنی سنن میں گیارہ (۱۱) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی سنن میں ان سے پندرہ (۱۵) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی سنن میں ان سے پندرہ (۱۵) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی جامع میں ان سے تیرہ (۱۳) حدیثیں لی ہیں۔

۹۳۔ عطیہ بن سعد الکوفی العوفی (غالی شیعہ)

"قال ابوبکر البزار کَانَ یَغلُوْنِی التَّشَیُّعِ" کہ عطیہ غالی شیعہ تھا۔

"قال الساجی لیس بحجة یُقَدِّمُ علیًا علی الکُلِّ" ساجی نے کہا عطیہ حضرت علی علیہ السلام کو تمام صحابہ کرام پر مقدم سمجھتا تھا۔

سالم المرادنے کہا "کَانَ عطیةُ یَتَشَیَّعُ"۔ عطیہ شیعہ تھا، تشیع کرتا تھا۔

ابن معین نے کہا "عطیہ نیک تھا۔"

ابن سعد نے کہا" عطیہ ثقہ تھا۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے دس (۱۰) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے چھبیس (۲۶) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے بتیس (۳۲) حدیثیں لی ہیں۔

نوٹ:۔ یہ وہ مبارک شخص ہے جس کو حجاج نے چار سو (۴۰۰) کوڑے مروائے، ان کی داڑھی مبارک منڈوا دی، بازو توڑے۔ جرم کیا تھا؟ اس عظیم الفطرت انسان نے حضرت علی علیہ السلام کو گالی نہیں دی، اس وجہ سے سزا ملی۔ (تہذیب التہذیب)

۹۵۔ العلاء بن صالح التیمی الکوفی (شیعہ)

"قال ابوحاتم کان بن عتق الشیعہ"۔ ابو حاتم نے کہا کہ یہ عتق شیعہ سے تھا۔

سُنی کتب میں احادیث:

امام ترمذی اور امام بوداؤد نے ان سے اپنی سنن میں حدیث لی ہے۔

۹۶۔ علقمہ بن قیس النخعی الکوفی (شیعہ)

ابو تعدیل غالب نے کہا "میں نے ابراہیم سے کہا کیا علقمہ افضل ہے یا اسود؟ تو انھوں نے کہا علقمہ افضل ہے کیونکہ وہ صفین میں مولا علی کی صف میں شریک ہوا۔ (التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

- امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے باون (۵۲) حدیثیں لی ہیں۔
- امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے بیالیس (۴۲) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے بائیس (۲۲) حدیثیں لی ہیں۔
- امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے سینتالیس (۴۷) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے اٹھائیس (۲۸) حدیثیں لی ہیں۔

۹۷۔ علی بن بذیمہ الجزری کوفی الاصل (شیعوں کا سردار)

CamScanner

"قال عبداللہ بن احمد عن ابیہ، صالح الحدیث ولکن کان رأساً فی التشیع" ۔صالح الحدیث ہے لیکن شیعیت کا سرغنہ ہے۔(تہذیب التہذیب)

جوزجانی نے کہا"زائغ عن الحق معلن بہ"حق سے بھٹکا ہوا لعنتی ہے۔

عجلی نے کہا"ثقہ ہے۔"(میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ابوداؤد نے اپنی السنن میں ان سے دو(۲)حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے تین(۳)حدیثیں لی ہیں۔

۹۸۔ علی بن الجعد الجوھری البغدادی شیخ بخاری (رافضی)

ابراہیم بن یعقوب نے کہا"متشبث لغیر بدعة"،حق سے بھٹکا ہوا شیعہ ہے۔

آجر نے کہا"میں نے ابوداؤد سے کہا علی بن الجعد اعلیٰ ہے یا عمرو بن مرزوق؟ تو اس نے کہا عمرو اعلیٰ ہے۔(علی بن الجعد کا معاملہ تو وہ سنگین ہے)کیونکہ علی بن الجعد بُری طرح زہر آلود ہو چکا ہے۔اس نے وہ کہا ہے جو مجھے بہت بُرا لگا ہے کہ معاویہ معذب ہے یعنی معاویہ کو عذاب دیا گیا ہے۔"

ابوجعفر عقیلی نے کہا کہ"میں نے عبداللہ بن احمد بن حنبل سے کہا کہ علی بن الجعد کی احادیث کیوں نہیں لکھی جارہی ہیں؟ تو انھوں نے مجھے جواب دیا کہ مجھے میرے باپ(احمد بن حنبل)نے روکا ہے کیونکہ میرے باپ تک یہ بات پہنچی ہے کہ عبداللہ بن الجعد اصحاب رسول ﷺ کا لحاظ نہیں کرتا(ان کی بُرائی کرنے سے نہیں رُکتا)۔

یحییٰ بن معین نے کہا کہ"عبداللہ بن الجعد ثقہ ہے،ربانی عالم ہے۔((تہذیب الکمال؛

تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے پندرہ (۱۵) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

۹۹۔ علی بن زید التیمی البصری تابعی۔ (غالی شیعہ، رافضی)

ابو احمد بن عدی نے کہا "بصریوں میں یہ سب سے زیادہ غالی شیعہ تھا۔"

ابو حاتم نے کہا کہ "کان یتشیع" یہ تشیع کرتا تھا۔

یزید بن زریع نے کہا "کان رَافِضِیًا" یہ پکا رافضی تھا۔

علی نے کہا "یہ شیعہ تھا۔"

سُنی کتب میں احادیث:

امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۰۰۔ علی بن صالح الکوفی (غالی شیعہ)

ابن معین نے کہا یہ شیعہ تھا۔ جوزجانی نے کہا کہ یہ غالی شیعہ تھا۔ (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

❖ امام ابوداؤد نے اپنی السنن میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

CamScanner

❖ امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے [illegible] حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

۱۰۱۔ علی بن غراب الکوفی الفرازی (غالی شیعہ)

ابن حبان نے کہا "کَانَ غالیًا فی التشیع" یہ شیعیت میں غالی تھا۔

حافظ ابو بکر الخطیب نے کہا "کَانَ یَتَشَیَّعُ" یہ تشیع کرتا تھا۔

یحییٰ بن معین نے کہا "لَمْ یَکُنْ لِعَلِیٍّ بَاْسٌ وَلٰکِنَّہٗ کَانَ یَتَشَیَّعُ" علی میں حرج نہیں لیکن یہ شیعہ تھا۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ابن ماجہ اور امام نسائی نے ان سے تین احادیث لی ہیں۔

۱۰۲۔ علی بن قادم الخزاعی الکوفی (سخت شیعہ)

ابن سعد نے کہا "شَدِیْدُ التَّشَیُّعِ"، یہ سخت ترین شیعہ تھا۔

ابن قانع نے کہا "یہ کوفی تھا، صالح تھا۔"

ساجی نے کہا "صدوق (سچا) ہے۔" (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے ایک حدیث لائے ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

۱۰۳۔ علی بن المنذر الکوفی الطرائفی شیخ ترمذی ونسائی (محض شیعہ)

"قال النسائی، شیعیٌ محض" یہ محض شیعہ تھا۔

ابن ابی حاتم نے کہا "صدوق (سچا) ہے۔" تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ابن ماجہ نے ان سے اپنی صحیح میں اٹھارہ (۱۸) حدیثیں لائے ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے پانچ (۵) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

۱۰۴۔ علی بن الحزور الغنوی الکوفی (شیعہ)

ابن عدی نے کہا "ھومِن متشیعۃ الکوفۃِ" یہ کوفی شیعوں میں سے تھا۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے ایک حدیث لائے ہیں۔

۱۰۵۔ علی بن عاصم الکوفی (شیعہ)

اہل کوفہ اکثر شیعہ تھے۔ غلبہ کی بنا پر اسے شیعہ شمار کیا۔ (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

ان سے امام ترمذی، امام نسائی اور امام ابن ماجہ نے ایک حدیث نقل کی ہے۔

۱۰۶۔ علی بن ھاشم الخزار الکوفی (امام احمد کا شیخ) (غالی شیعہ)

ابن حبان نے کہا "کَانَ ھُوَ وَ اَبُوْہُ غَالِیَیْنِ فِی مَذْھَبِھِمَا"۔ یہ باپ بیٹا اپنے مذہب میں غالی

CS CamScanner

تھے۔

ابو حاتم نے کہا" یہ شیعہ تھا۔"

عجلی نے کہا" یہ ثقہ ہے۔"

ابن سعد نے کہا" صالح الحدیث، صدوق ہے"۔

ابن عدی نے کہا کہ" مولا علی علیہ السلام کے ایسے فضائل بیان کرتا تھا جو ان کے علاوہ کسی اور سے مروی نہیں۔" تہذیب التہذیب)

سنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے ایک حدیث لائے ہیں

امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

امام نسائی نے اپنی سنن میں ان سے چار (۴) حدیثیں لی ہیں۔

امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

علی بن ثابت (شیعہ)

وھو شیعی (میزان الاعتدال)

امام ابن ماجہ نے ان سے ایک روایت لی ہے۔

۱۰۷۔ عمار بن رزیق الکوفی (رافضی)

"اِنَّہٗ مِنَ الرَّافِضَۃِ" ۔ بے شک یہ رافضی ہے۔ یہ سلیمانی کا قول ہے۔ (میزان الاعتدال، تہذیب)

سنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے نو (۹) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے پانچ (۵) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی السنن میں ان سے دس (۱۰) حدیثیں لی ہیں۔

۱۰۸۔ عمار بن معاویۃ الدھنی الکوفی (عرقوبی شیعہ)

علی بن مدینی نے سفیان سے روایت کیا قطع بشر بن مرداں عرقوبیہ فی التشیع۔ (تہذیب الکمال؛میزان الاعتدال)

سنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے ایک روایت لی ہے۔

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے ایک روایت لی ہے۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی السنن میں ان سے دس (۱۰) حدیثیں لی ہیں۔

۱۱۰۔ عوف بن ابی جمیلہ البصری (رافضی شیطان)

"قال بُندار، لَقَد كَانَ قَدَرِيًا ، رَافِضِيًا شَيطَانًا"۔ بندار نے کہا بے شک عوف بن ابی جمیلہ بصری قدری ہے، رافضی ہے۔ شیطان ہے۔

عقیلی نے ابن المبارک سے حکایت کیا ہے کہ عوف میں دو بدعتیں تھیں۔ ایک یہ کہ یہ قدری تھا دوسری یہ کہ یہ شیعہ تھا۔

CamScanner

ابو حاتم نے کہا" یہ صدوق، صالح ہے۔"

ابن معین نے کہا" یہ ثقہ ہے۔"

ابن سعد نے کہا" یہ ثقہ تھا کثیر الحدیث تھا۔"(تہذیب الکمال؛میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

- امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے ستائیس (۲۷) حدیثیں لی ہیں۔
- امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔
- امام ابو داوٗد نے اپنی السنن میں ان سے پندرہ (۱۵) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے بارہ (۱۲) حدیثیں لی ہیں۔
- امام نسائی نے اپنی السنن میں ان سے سولہ (۱۶) حدیثیں لی ہیں۔
- امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے چودہ (۱۴) حدیثیں لی ہیں۔

۱۱۱۔ عمارہ بن جوین العبدی (شیعہ)

"قال الدار قطنی، متلون خارجی شیعی"۔ دار قطنی نے کہا" یہ متلون مزاج ہے، خارجی ہے، شیعہ ہے۔

سُنی کتب میں احادیث:

امام ترمذی اور امام ابن ماجہ نے اس سے ایک حدیث لی ہے۔(میزان الاعتدال)

۱۱۲۔ عمران بن ظبیان الکوفی الحنفی (رافضی)

یعقوب بن سفیان نے کہا"ثِقَةٌ مِن کُبَرَآءِ اَهْلِ الْكُوْفَةِ يَمِيْلُ اِلَى التَّشَيُّعِ"۔ یہ کوفہ کے بڑے لوگوں میں سے تھا اور شیعیت کی طرف مائل تھا۔(تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۱۳۔ عمرو بن ثابت البکری الکوفی (رافضی)

ابن المبارک نے کہا "فَاِنَّهٗ یَسبُّ السلف" بے شک یہ صحابہ کرام کو گالیاں بکتا تھا۔

ابو داؤد نے کہا "یہ رافضی ہے۔"

ھناد نے کہا "یہ کہا کرتا تھا کہ رسول اللہ کے بعد چار لوگوں کے علاوہ سب کافر ہو گئے تھے۔" نعوذ باللہ۔

ابو حاتم نے کہا "ردی الرائی ہے۔ شدید التشیع ہے۔"

ابو داؤد نے کہا "رافضی ہے۔"

ابن سعد نے کہا "مفرط شیعہ ہے۔"

عبد اللہ بن احمد نے کہا "یہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو گالیاں دیتا تھا۔"

عجلی نے کہا "سخت قسم کا شیعہ تھا۔"

عبد اللہ بن احمد نے کہا "یہ حضرت علی کو شیخین پر فضیلت دیتا تھا۔ ((تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ابو داؤد اور امام ترمذی نے اس سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۱۴۔ عمرو بن حماد القناد الکوفی (رافضی)

ابو داؤد نے کہا "کَانَ مِنَ الرَّافِضَةِ" یہ روافض میں سے تھا۔ ساجی نے کہا "یَتَّهِمُ فِي

عثمانَ "۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر تہمت لگایا کرتا تھا۔ (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم اور امام ابو داوٗد نے اس سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۱۵۔ غالب بن الھُذیل الکوفی (رافضی)

عبد اللہ بن ادریس نے کہا "حدثنا غَالِبٌ اَبُو الھذیل وَ کَانَ رَافِضِیًا"۔ کہ غالب بن ھذیل رافضی تھا۔ (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

امام نسائی نے اس سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۱۶۔ الفضل بن دُکین الکوفی (شیخ البخارِی) (شیعہ)

"الفضل بن دُکین ابو نعیم حجۃٌ الا انه یتشیعُ من غیرِ غُلوٍ وَلَا سبٍّ"۔ فضل بن دکین حافظ ہیں، حجت ہیں، غلو نہیں کرتے تھے، نہ ہی کسی صحابی کو گالی دیتے ہیں۔

ابن معین نے کہا "جب بطور انسان ذکر کیا جاتا ہے تو وہ بہت ہی اچھے ہیں اور اگر ان کا کوئی وصف بیان کیا جاتا ہے تو "فَھُوَ شِیْعِیٌ"۔ وہ شیعہ ہے۔ یہ مرجئہ سے بھی منسوب ہے۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

امام بخاری نے اور تمام اصحاب الصحاح والسنن نے ان سے روایات لی ہیں۔

۱۱۷۔ فضیل بن مرزوق الرواسی الکوفی

"قلتُ وَکَانَ مَعروفًا بالتشیع" وہ شیعیت میں معروف تھا۔ (میزان الاعتدال)

عجلی نے کہا کہ "جائز الحدیث، صدوق (سچا) اور اس میں تشیع تھا۔"

ابن عیینہ نے کہا "فضیل بن مرزوق ثقہ ہے۔"۔ (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے آٹھ (۸) حدیثیں لی ہیں۔

۱۱۸۔ فطر بن خلیفہ الکوفی (غالی شیعہ)

غالی شیعہ، حاشیہ تہذیب: المعرفۃ التاریخ ۲/ ۱۷۵

احمد بن حنبل نے کہا "یہ خشبی مفرط ہے۔"

عجلی نے کہا "تشیع قلیل ہے۔"

ساجی نے کہا "یہ علی کو عثمان پر مقدم کرتا تھا۔"

ابو بکر بن عیاش نے کہا "یہ بد مذہب ہے۔"

سعدی نے کہا "زائغ غیر ثقہ ہے۔"

ابن معین نے کہا "ثقہ ہے، شیعی ہے۔"

احمد بن حنبل نے کہا "ثقہ ہے، صالح ہے، مخزنِ حدیث ہے مگر شیعہ ہے۔"

ابن سعد نے کہا "ان شاء اللہ ثقہ ہے۔"

CS CamScanner

جوزجانی نے کہا "زائغ ہے۔" (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔
❖ امام ابوداؤد نے اپنی السنن میں ان سے آٹھ (۸) حدیثیں لی ہیں۔
❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔
❖ امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے پانچ (۵) حدیثیں لی ہیں۔
❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

۱۲۰۔ مالک بن اسماعیل النہدی الکوفی (شیخ البخاری ابو غسان، سخت شیعہ)

ابن سعد نے کہا "ابو غسان مالک بن اسماعیل صدوقا، شدید التشیع، صدوق سخت شیعہ تھا۔ سعدی نے کہا "یہ حسنی ہے اور حسن بن صالح شیعہ تھا، بدمذہب تھا، اس میں شیعیت کی بدعت تھی۔((تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں سے تیس (۳۰) حدیثیں لی ہیں۔
❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔
❖ امام ابوداؤد نے اپنی السنن میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔
❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے چھ (۶) حدیثیں لی ہیں۔
❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

CS CamScanner

۱۲۱۔ محمد بن خازم التمیمی الکوفی "خبیث رئیس المرجئة بالکوفة"

ابن حبان نے "ثقات میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ "کَانَ حَافِظًا مُتْقِنًا وَلٰكِنَّهُ مَرجِئًا خَبِيثًا" ۔یہ حافظ تھا۔ متقن تھا۔ مگر مرجئی خبیث تھا۔

آجری ابو داؤد کے حوالے سے کہا کہ یہ کوفہ میں مرجئوں کا سردار تاھ۔ (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

- ❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے انچاس (۴۹) حدیثیں لی ہیں۔
- ❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے دو سو انسٹھ (۲۵۹) حدیثیں لی ہیں۔
- ❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے نوے (۹۰) حدیثیں لی ہیں۔
- ❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے ایک سو ستاون (۱۵۷) حدیثیں لی ہیں۔
- ❖ امام نسائی نے اپنی السنن میں ان سے انہتر (۶۹) حدیثیں لی ہیں۔
- ❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے ایک سو چھبیس (۱۲۶) حدیثیں لی ہیں۔

۱۲۲۔ محمد بن عبد اللہ الضبیِ الطمھانی النیشاپوری (رافضی خبیث)

ابن الطاہر نے کہا کہ "میں نے ابو اسماعیل الانصاری ابو عبد اللہ کے بارے میں سنا، حاکم ہے (سات لاکھ حدیثوں کا حافظ) تو انھوں نے جواباً کہا امام الحدیث ہے، رافضی خبیث ہے۔" ہزار کتب کا مصنف ہے۔ ذہبی کہتے ہیں کہ اس کے صدق پر اجماع ہے۔

ذہبی کہتے ہیں "اللہ تعالیٰ انصاف کو پسند فرماتا ہے: یہ شخص رافضی نہیں بلکہ محض شیعہ ہے۔" (میزان الاعتدال)

CamScanner

سُنی کتب میں احادیث:

سنی کتب حدیث میں اس سے حدیثیں لی گئی ہیں۔

۱۲۳۔ محمد بن عبید اللہ بن ابی رافع المدنی (کوفی شیعہ)

ابن عدی نے کہا "هُوَ فِی عِدَادِ الشیعة" وہ کوفی شیعہ تھا۔ (میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں اور امام بیہقی نے اپنی سنن میں ان سے حدیثیں لی ہیں۔

۱۲۴۔ محمد بن فضیل الکوفی (غالی شیعہ)

ابن حبان نے اپنی ثقات میں ذکر کیا ہے اور کہا "کَانَ یَغلُو فِی التشیع"۔ یہ غالی شیعہ تھا۔"

ابو داؤد نے کہا "کَانَ محترقًا شیعیًا"۔ وہ جلا ہوا شیعہ تھا۔

ابن سعد نے کہا "صدوق ہے، شیعہ ہے۔"

عجلی نے کہا "کوفی ثقہ ہے، شیعہ ہے۔"

یعقوب بن سفیان نے کہا "ثقہ ہے، شیعہ ہے۔"

احمد نے کہا "حسنُ الحدیث" ہے، شیعی ہے۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے تینتیس (۳۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے اکسٹھ (۶۱) حدیثیں لی ہیں۔

CS CamScanner

❖ امام ابوداؤد نے اپنی السنن میں ان سے پچیس (۲۵) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے ساٹھ (۶۰) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی السنن میں ان سے چوبیس (۲۴) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے چھتیس (۳۶) حدیثیں لی ہیں۔

۱۲۵۔ محمد بن مسلم الطائفی

"کان من اصحاب الامام الصادق"

سُنی کتب میں احادیث:

امام مسلم نے اپنی صحیح میں اسے حجت مانا ہے۔

۱۲۶۔ محمد بن موسیٰ المدنی (شیعہ)

ابو حاتم نے کہا "صدوق، صالح الحدیث، کان یتشیع"۔ سچا ہے، صالح الحدیث ہے مگر شیعہ تھا۔ ((تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے ایک حدیث تخریج کی ہے۔

❖ امام ابوداؤد نے اپنی السنن میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے ایک حدیث نقل کی ہے۔

❖ امام نسائی نے اپنی السنن میں ان سے چار (۴) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

CS CamScanner

۱۲۷۔ محمد بن السائب الکلبی الکوفی

(سبائی، مفرط شیعہ، رافضی، کافر، مفسر)

ابن حبان نے کہا "کان الکلبی سبائیًا"، کلبی سبائی تھا۔

تبوزکی کے مطابق کلبی کا اپنا اعتراف ہے کہ "اَنَا سَبائیٌ" کہ میں سبائی ہوں۔

نوٹ:۔ سبائی فرقہ کا عقیدہ یہ ہے کہ وحی علی پر نازل ہوئی۔ جب نبی کریم ﷺ خلا میں گئے۔ (نعوذ باللہ)

ابی عوانہ کہتے ہیں کہ میں نے خود کلبی سے کلمۃ الکفر سنا۔

عمر بن العلاء کہتے ہیں کہ "میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک کلبی کافر ہے۔"

عقیلی نے کہا "سبائی، رافضیوں کی ہی ایک قسم ہے، یہ عبد اللہ بن سباء کے گروہ کے لوگ ہیں۔

ابن الاشعث نے کہا کہ "کلبی تفسیر قرآن عظیم کا بہت بڑا عالم تھا۔"

ساجی نے کہا "یہ مفرط شیعہ تھا۔" (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ابو داؤد نے ان سے ایک حدیث لی ہے۔

نوٹ:۔ اعلیٰ حضرت نے بھی حسب ذوق اپنی کتاب مطلع القمرین میں اس پر اعتماد کیا ہے۔

۱۲۸۔ محمد بن جُحادہ الکوفی الاددی۔ (غالی شیعہ، ثقہ تابعی)

یعقوب بن سفیان نے کہا "یہ اہل کوفہ کے ثقہ لوگوں میں سے ہے۔"

ابو عوانہ نے کہا "کَانَ یَغلُوْفِی التشیعِ"۔ یہ غالی شیعہ تھا۔

ذہبی کی وضاحت یہ ہے کہ "صحابہ کرام کو گالی گلوچ کرتے ہوئے اس کو نہ کسی نے سنا اور نہ ہی

گالی دینا اس کی طرف سے کسی کو یاد ہے، تو غالی کہاں رہا؟"

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری و مسلم نے اس سے تخریج کی ہے اپنی مصنفات میں۔

❖ امام ابو داؤد، امام نسائی اور امام ابن ماجہ نے اس سے ایک ایک حدیث لی ہے۔

۱۲۹۔ محمد بن راشد الخزاعی الشامی (معتزلی، خشبی، رافضی)

محمد بن ابراہیم الکنانی کہتے ہیں "میں نے ابو حاتم کو سنا کہ محمد بن راشد کی بابت کہہ رہے تھے کہ "کَانَ رَافِضِیًا" وہ رافضی تھا۔

محمد بن غیلان کہتے ہیں "میں نے سنا ابو النصر سے وہ کہتے ہیں میں باب الرصافہ سے گزر رہا تھا، شعبہ نے مجھے سلام کیا، پس اسی لمحے میرے قریب سے محمد بن راشد گزرا، شعبہ نے مجھے کہا آپ نے کچھ لکھا ہے محمد بن راشد سے؟ میں نے کہا ہاں لکھا ہے۔ اس پر شعبہ نے کہا نہ لکھ کیونکہ محمد بن راشد معتزلی ہے، خشبی ہے۔ رافضی ہے۔"

ذہبی وضاحت فرماتے ہیں کہ "دمشقی بصرے میں آنے سے رافضی کیسے ہوا؟ یہ قابل غور ہے۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے چار (۴) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

CamScanner

۱۳۰۔ محمد بن عبد اللہ بن الزبیر الکوفی (شیعہ)

امام العجلی نے کہا "کوفی، ثقة، یتشیع" یہ کوفی ہے، ثقہ ہے، شیعہ ہے۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

- ❖ امام بخاری و امام مسلم نے اس سے تخریج کی ہے۔
- ❖ امام ابو داؤد، امام ترمذی، امام ابن ماجہ نے ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۳۱۔ محمد بن عبید اللہ الھاشمی الکوفی (شیعہ)

ابو احمد بن عدی نے کہا "وھو من عداد الشیعة" یہ شیعہ تھا، یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ایسے فضائل بیان کرتا تھا کہ اس کے متابع نہیں ملتے"۔ (تہذیب الکمال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

- ❖ امام ابن ماجہ نے اس سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۳۲۔ معاویۃ بن عمار الکوفی (شیعہ)

معاویہ بن عمار الکوفی صدوق (سچا) ہے۔

نوٹ:۔ کوفی چونکہ کثیر تعداد میں شیعہ تھے اسی لیے یہاں نصّاً نہیں کہا۔ (فریدی)(تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال؛ تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

- ❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے ایک حدیث تخریج کی ہے۔

❖ امام نسائی نے اپنی سنن نسائی میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

۱۳۳۔ معروف بن خربوذ المکی (شیعہ)

معروف بن خربوذ المکی صدوق، شیعی (سچا شیعہ) ہے۔

ابو حاتم نے کہا "یُکتَبُ حَدِیثُه" اس کی حدیث لکھی جاتی ہے۔ (میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری و مسلم نے ان سے تخریج کی ہے اپنی صحیحین میں۔

❖ امام ابو داؤد اور امام ابن ماجہ نے ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۳۴۔ منصور بن المعتمر السلمی الکوفی (شیعہ)

عجلی نے کہا "یہ کوفی ہے، ثقہ ہے، شیعہ ہے، غالی نہیں"۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ صحاح ستہ اور سنن میں اس کو حجت مانا گیا ہے اس سے حدیثیں لی گئی ہیں۔

۱۳۵۔ المنہال بن عمرو الکوفی (شیعہ)

امام العجلی نے کہا "کوفی، ثقہ ہے۔"

جوزجانی نے کہا "منہال بد مذہب ہے (شیعہ ہے)۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

CamScanner

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے آٹھ (۸) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے نو (۹) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی السنن میں ان سے چھ (۶) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے چھ (۶) حدیثیں لی ہیں۔

۱۳۶۔ مُخول بن راشد الکوفی (رافضی)

مخول بن راشد النھدی الکوفی رافضی بغیض، بغضی رافضی ہے۔

آجری نے داؤد کے حوالے سے کہا کہ "شیعی" یہ شیعہ ہے۔

عجلی نے کہا کہ "اس کا مذہب کوفیوں والا ہے۔"

یعقوب بن سفیان نے کہا "ثقۃ" ۔ یہ ثقہ ہے۔ لسان المیزان والوں نے غالی کوفی ہونے کی نشاندہی کی ہے۔ (اکمال تہذیب الکمال: تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری اور امام مسلم نے اپنی صحیح میں اس سے تخریج کی ہے۔

❖ امام ابو داؤد، امام ترمذی، امام نسائی اور امام ابن ماجہ نے اس سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۳۷۔ مِصدع المعرقب (زائغ جائر، شیعہ)

مصدع ابو یحییٰ الاعرج المعرقب۔

ابن مدینی نے کہا "میں نے سفیان سے کہا کہ اس کی عرقوبہ (رگِ خون) کیونکر کاٹ دی گئی تھی؟ تو سفیان نے کہا شیعہ تھا۔"

جوزجانی نے کہا" یہ زائغ ہے، بھٹکا ہوا ہے۔ شیعہ ہے۔ جائز ہے۔ اسی لیے لوگ اسے برملا شیعہ کہتے تھے۔

اموی سفاکی:۔ اموی غنڈہ گردی یہاں تک چلی گئی جو علی علیہ السلام کو چاہتا تھا اس کی رگِ خون کاٹ دی جاتی، جیسا کہ حجاج بن یوسف ملعون نے مصدع کے ساتھ کیا تھا۔ (تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم اور امام ابو داؤد نے اس سے ایک ایک حدیث لی ہے۔

❖ امام ترمذی، امام نسائی اور امام ابن ماجہ نے بھی ایک حدیث لی ہے۔

۱۳۸۔ مندل بن علی المتری الکوفی (شیعہ)

امام عجلی نے کہا "جائز الحدیث، و کان یتشیع"۔ یہ جائز الحدیث ہے، شیعہ ہے۔ ((تہذیب الکمال؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم، ابن ماجہ اور ابو داؤد نے ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۳۹۔ منصور بن ابی الاسود اللیثی الکوفی۔ (بہت بڑا شیعہ)

ابراہیم بن جنید نے ابن معین کے حوالے سے کہا "لَا بَأْسَ بہ" اس کی حدیث میں کوئی حرج نہیں۔

"وَكَانَ مِن كِبارِ الشيعة" یہ بہت بڑا شیعہ تھا بڑے شیعوں سے تھا۔

ابن سعد نے کہا" یہ اہل کوفہ سے ہے، بہت بڑا تاجر ہے، کثیر الحدیث ہے۔"۔ (تہذیب

CamScanner

الکمال؛میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام نسائی اور امام ابن ماجہ نے ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۴۰۔ مِیناء بن ابی میناء القرشی (غالی شیعہ)

جوزجانی نے کہا"بدمذہب ہے،غالی شیعہ ہے"۔

ابن عدی نے کہا"أنه يغلُوفي التنشيع"۔بے شک یہ غالی شیعہ ہے۔

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۴۱۔ موسیٰ بن قیس الحضرمی (غالی شیعہ)

امام عقیلی نے کہا"كَانَ مِنَ الغُلاةِ في الرفض"یہ غالی رافضی تھا۔

ابو حاتم نے کہا"لا بأس به"اس کی حدیث میں کوئی حرج نہیں ہے۔

عبد اللہ بن احمد نے کہا اپنے باپ کے حوالے سے"لا أعلمُ إلّا خيرًا"میں اس سے خیر کے سوا کچھ نہیں جانتا۔(تہذیب الکمال؛تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے دو(۲)حدیثیں لی ہیں۔

۱۴۲۔ ناصح بن عبد اللہ الکوفی (شیعہ)

ابن عدی نے کہا"وَهُوَ في جملة متشيعي اهل الكوفة"ناصح بن عبد اللہ کوفی شیعہ تھا۔

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ترمذی نے اس سے ایک حدیث تخریج کی ہے۔

۱۴۳۔ نُفیع بن الحارث النخعی الکوفی (غالی رافضی)

امام عقیلی نے کہا "کَانَ ممن یغلُوفی الرفض" یہ غالی رافضی تھا۔

ابن عدی نے کہا "هُوفی الجملة الغالیة بالکوفة" کوفہ میں یہ غالی تھا۔

جوزجانی نے کہا "کَانَ یَتَنَاوَلُ قَومًا مِنَ الصحَابَةِ" یہ صحابہ کرام پر بکواس کرتا تھا۔

(تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے چھ (۶) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۴۴۔ نوح بن قیس الحدانی البصری (شیعہ)

"قال فرۃ یتشیعُ" فرہ نے کہا کہ یہ شیعہ تھا۔

ابن معین نے کہا "ھو شیخ صالح" یہ نیک بزرگ تھا۔

احمد اور ابن معین نے کہا "ثِقَةٌ" یہ ثقہ ہے۔

ابو بکر نے کہا "یہ ثقہ ہے۔"

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

CS CamScanner

❖ امام ابوداؤد نے اپنی السنن میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے پانچ (۵) حدیثیں لی ہیں۔

۱۴۶۔ وکیع بن الجراح الرواسی الکوفی (رافضی)

امام احمد بن حنبل نے یحیٰی بن معین کے حوالے سے کہا ہے کہ "میں مروان بن معاویہ کے پاس ایک لوح (تختی) پر لکھا اپنی آنکھوں سے دیکھا اس میں کچھ اسماء تھے شیوخ حدیث کے کہ فلاں ایسا ہے ایسا ہے اور وہ وکیع کے بارے میں لکھا ہوا تھا کہ "وَکِیعٌ رَافِضِیٌّ" کہ وکیع رافضی ہے۔"

نوٹ:۔ حضرت وکیع کی ثقاہت، عدالت، عفت، شرافت کے بہت سارے اہل علم نے گن گائے ہیں مگر ان کے رافضی ہونے کی کسی سے تردید منقول نہیں۔ (تہذیب التہذیب، اکمال التہذیب، تہذیب الکمال، میزان)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے باون (۵۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے تین سو اڑتیس (۳۳۸) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابوداؤد نے اپنی السنن میں ان سے ایک سو سترہ (۱۱۷) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے پینتالیس (۴۵) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی السنن میں ان سے ستائیس (۲۷) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے دو سو چار (۲۰۴) حدیثیں لی ہیں۔

CamScanner

۱۴۷۔ہارون بن سعد العجلی الکوفی (غالی شیعہ،غالی رافضی)

ابن حبان نے کہا "کَانَ غَالِیًا فی الرفض" یہ رافضیت میں غالی تھا۔

ساجی نے کہا "ھارون بن سعد کان یَغلُو فِی الرفض" ہارون بن سعد رفض میں غالی تھا۔

الدوری نے ابن معین کے حوالہ سے کہا کہ "کَانَ مِن غُلَاۃِ الشیعۃ" ۔یہ غالی شیعہ تھا۔

(تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے احادیث کی تخریج کی ہے۔

۱۴۸۔ھارون بن المغیرہ (شیعہ)

امام آجری نے کہا "لیس بہ بأس ھومن الشیعۃ" یہ شیعہ ہے اس کی حدیث میں کوئی حرج نہیں۔

عبد اللہ بن احمد بن حنبل نے یحییٰ بن معین کے حوالے کہا "شیخ صدوق ثقۃٌ"۔ شیخ، سچا اور ثقہ ہے۔((تہذیب التہذیب؛میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ترمذی اور امام نسائی نے ان سے ایک حدیث تخریج کی ہے۔

۱۴۹۔ھاشم بن البریدہ الکوفی (رافضی، بدمذہب)

امام العجلی نے کہا "کُوفِیٌّ، ثِقَۃٌ اِلَّا اَنَّہُ یَتَرَفَّضُ" ۔کوفی ہے، ثقہ ہے، رافضی ہے۔

جوزجانی نے کہا "غالی ہے اپنی بدمذھبی میں۔"

CS CamScanner

ابن معین نے کہا "ثقہ ہے۔" (تہذیب التہذیب؛ میزان الاعتدال)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ابوداؤد اور امام نسائی نے اس سے ایک حدیث لی ہے۔

❖ ابن ماجہ نے ان سے دو حدیثیں لی ہیں۔

۱۵۰۔ ھبیرہ بن مریم الحمیری الکوفی (یہ حضرت علی کا ساتھی تھا) شیعہ

ابن سعد نے ان کو طبقہ اولیٰ میں ذکر کیا ہے یہ مختاری تھا امیر مختار کا سپاہی تھا، حامی تھا، دشمنانِ اہل بیتِ نبوت پر قیامت بن کر ٹوٹ پڑا۔ (فریدی)

جوزجانی نے کہا "کَانَ مُختاریًا" یہ مختاری تھا۔ (تہذیب التہذیب؛ میزان الاعتدال)

نوٹ:۔ مختاری تمام شیعانِ علی تھے۔ (فریدی)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ اصحاب السنن نے اس سے حدیثیں لی ہیں۔

۱۵۲۔ ھشیم بن بشیر الواسطی (کوفی شیعہ)

ان کا شمار کوفیوں میں کیا جاتا ہے۔

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے باون (۵۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے ترانوے (۹۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابوداؤد نے اپنی السنن میں ان سے بہتر (۷۲) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے اڑتیس (۳۸) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی السنن میں ان سے انسٹھ (۵۹) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے باسٹھ (۶۲) حدیثیں لی ہیں۔

۱۵۳۔ هشام بن عمار الدمشقی شیخ البخاری (شیعہ)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے پانچ (۵) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابو داوٗد نے اپنی السنن میں ان سے سترہ (۱۷) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے تین سو اٹھالیس (۳۴۸) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی السنن میں ان سے چودہ (۱۴) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۵۴۔ یحییٰ بن الجزار الکوفی (غالی شیعہ)

جوزجانی نے کہا کہ ”یہ غالی مفرط شیعہ تھا۔

ابن سعد نے کہا ”كَانَ يَغْلُوْفِي التَّشَيُّعِ“۔ یہ غالی شیعہ تھا۔

عقیلی نے کہا ”يَغْلُوْفِي التشيع“ یہ غالی شیعہ تھا۔

عجلی نے کہا ”كُوفِيٌّ، ثِقَةٌ، يَتَشَيَّعُ“۔ یہ کوفی، ثقہ، شیعہ ہے۔ (اکمال، تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے دو (۲) حدیثیں لی ہیں۔

CamScanner

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

❖ امام نسائی نے اپنی السنن میں ان سے آٹھ (۸) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۵۵۔ یحییٰ بن سعید القطان البصری

سنی کتب میں احادیث:

❖ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ان سے تین سو (۳۰۰) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے دو سو اٹھارہ (۲۱۸) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابو داؤد نے اپنی السنن میں ان سے دو سو اکتیس (۲۳۱) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے اناسی (۷۹) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی السنن میں ان سے پینتالیس (۴۵) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے ایک سو آٹھ (۱۰۸) حدیثیں لی ہیں۔

۱۵۶۔ یحییٰ بن سلمہ الکوفی (غالی شیعہ)

عجلی نے کہا "وَكَانَ يَغْلُوْفِي التَّشَيُّع" یحییٰ بن سلمہ غالی شیعہ تھا۔

سنی کتب میں احادیث:

امام ترمذی نے ان سے ایک حدیث لی ہے۔ (تہذیب التہذیب)

CamScanner

۱۵۷۔ یحیٰ بن عیسیٰ الجرار الکوفی (شیعہ)

عجلی نے کہا "ثِقَةٌ وَكَانَ فِيهِ التشيُّع" یہ ثقہ ہے اور شیعہ ہے۔ (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے حدیث لی ہے۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۵۸۔ یحیٰ بن یعلیٰ الاسلمی الکوفی (شیعہ)

ابن عدی نے کہا "كُوفِيٌّ مِنَ الشيعةِ" یہ کوفی شیعہ تھا۔

سُنی کتب میں احادیث:

امام ترمذی نے ان سے ایک حدیث لی ہے۔ (تہذیب التہذیب)

۱۵۹۔ یزید بن ابی زیاد الکوفی (شیعہ)

عبد المنذر نے ابن فضیل کے حوالے کہا وہ کہتے ہیں "زیاد بن ابی الزیاد کان من ائمة الشیعة" یہ ائمہ شیعہ سے تھا۔

ابن عدی نے کہا "هومن الشيعة الكوفة" وہ شیعہ کوفی تھا۔

ابن حبان نے کہا "كان صُدُوقًا" یہ سچا تھا۔

ابن سعد نے کہا "كَانَ ثِقَةً"۔ یہ ثقہ تھا۔ (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے حدیثیں لی ہیں۔

CamScanner

❖ امام ابوداؤد نے اپنی السنن میں ان سے اکیس (۲۱) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ابن ماجہ نے اپنی السنن میں ان سے تیئس (۲۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام نسائی نے اپنی السنن میں ان سے تین (۳) حدیثیں لی ہیں۔

❖ امام ترمذی نے اپنی الجامع میں ان سے سولہ (۱۶) حدیثیں لی ہیں۔

۱۶۰۔ یونس بن ابی یعفور العبدی الکوفی (مفرط شیعہ)

ساجی نے کہا "وَكَانَ مِمَّنْ يُفْرِطُ فِي التَّشَيُّعِ"۔ یہ راوی شیعیت میں حد سے بڑھنے والا تھا۔ غالی ہو سکتا ہے۔ (فریدی)

ابو حاتم نے کہا "صَدُوْقٌ"۔ سچا ہے۔

دارقطنی نے کہا "ثِقَةٌ"۔ ثقہ ہے۔

عجلی نے کہا "لا بأس به" اس کی روایت میں کوئی حرج نہیں۔ (تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے ایک حدیث لی ہے۔

❖ ابن ماجہ نے بھی ان سے ایک حدیث لی ہے۔

۱۶۱۔ یونس بن خباب الاسدی الکوفی (غالی رافضی)

الدوری بن معین کے حوالے سے کہتا ہے "وَكَانَ يَشْتِمُ عُثْمَانَ رَجلٌ سُوْءٌ"۔ یہ بُرا آدمی تھا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو گالیاں دیتا تھا۔

آجری نے ابوداؤد کے حوالے سے کہا "يُونُس بن خباب شَتَّام الصحابة"۔ یونس بن خباب صحابہ کرام کو گالیاں دیتا تھا۔

CamScanner

احمد بن حنبل نے کہا "خبیث الرأی"۔ یہ خبیث الرائے تھا۔

ابن معین نے کہا "یَشْتِمُ عثمان"۔ یہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو گالیاں دیتا تھا۔

دار قطنی نے کہا "بُرا آدمی تھا حد سے بڑھا ہوا شیعہ تھا، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو گالیاں دیتا تھا۔

عقیلی نے کہا "کَانَ یَغلُوفی الرفض"۔ رفض میں غالی تھا۔

عجلی کہتے ہیں کہ "غالی شیعہ تھا۔"

ابن معین نے کہا "یہ شیعہ سے بھی بد تر تھا۔" (میزان الاعتدال، تہذیب التہذیب)

سُنی کتب میں احادیث:

❖ امام ترمذی، امام نسائی اور امام ابن ماجہ نے اس سے ایک حدیث لی ہے۔

امام بخاری کے شیعہ روافض شیوخ:

اسماعیل بن ابان الازدی (۲) خالد بن مخلد القطوانی الکوفی (۳) عبید اللہ بن موسیٰ الکوفی۔ (۴) علی بن الجعد الجوہری البغدادی (۵) فضل بن دکین الکوفی۔ (۶) مالک بن اسماعیل النہدی الکوفی (۷) ھشام بن عمار الدمشقی وغیرہ۔ صحیح مسلم تو آدھی سے زیادہ شیعہ رواۃ سے مروی ہے عین ایسے ہی دیگر سنی کتب حدیث کا حال ہے

جب مسلّم شیوخ حدیث کو رفض اور تشیع پر اعتراض نہیں بلکہ ان کی ثقاہت عدالت ضبط اتقان پر علمائے اہلسنت نے کامل اعتماد کیا ہے تو پھر خطائی بھائیوں کے لیے ان کی بابت قابل اعتراض کون سی چیز ہے؟

ملاں ازم کا ڈرامائی تصور دین

شیعہ، روافض رواۃ سے مروی حدیث حسبِ منشا مل جائے تو ہمارے علماء شیر مادر سمجھ کر قبول کر لیتے ہیں۔ اور اگر حسب منشا روایت نہ ملے تو وہی رواۃ مسترد کر دیے جاتے ہیں۔ حالانکہ ان رواۃ کی ثقاہت، عدالت، اتقان پر اکابرینِ اہل سنت نے بھرپور اعتماد کیا ہوا ہے۔ یہی ڈرامائی تصور دین ہے۔ اور اگر اہل تشیع علماء یہی ڈراما شروع کر دیں تو سارا ذخیرہ احادیث ذہبی کے مطابق قابل اعتبار بھی نہیں رہے گا اور کسی کو روئے زمین پر حدیث کا وجود ہی نہیں ملے گا۔ یہ ڈراما بازی اب نہیں چلے گی۔ نصوص نبوت کو ان کے طبعی تقدس میں تسلیم کیا جائے گا۔ ملاں ازم کی ذہنی تراش خراش بے حیثیت کر دی جائے گی۔ راوی کی مسلّم خصوصیات ہی قابل اعتماد ہوں گی۔ اس پر بھی الحمدللہ تعالیٰ باضابطہ کام شروع ہو چکا ہے۔ (فریدی)

CamScanner

علامہ محمد حیات انصاری اسلام آباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

"الفرقة الثابتة من كبار الفرق الاسلامية الشيعة الذين شايعوا عليًا علیہ السلام و قالوا إنه الامام بعد رسول الله ﷺ بالنص اما جلي و اما خفيا واعتقدوا ان الامامة لاتخرج عنه وعن اولاده و كذا في القاموس : شرح المواقف" (۸/۳۱۲) "و زاد فيه و ان خرجت فاما بظلم يكون من غيرهم و اما بتقية منه او من اولاده"

"و قال الحافظ ابن حجر والتشيع محبه علی و تقديمه علی الصحابة ، فمن قدمه علی ابی بكر و عمر فهو غال في تشيعه و يطلق عليه رافضی و الا فشيعی"۔ (مقدمہ فتح الباری الفصل التاسع)

"وقال الشاہ عبد العزیز المحدث"۔

"فرقہ اول مخلصین (شیعہ) کہ اہل سنت و جماعۃ اند از صحابہ کرام و تابعین کہ ملازم صحبت حضرت مرتضیٰ و ناصران خلافت او بودند از اخیار مہاجرین و انصار وغیرہم ۔۔۔ الشان آنکہ حضرت مرتضیٰ امام حق است و معنی التشیع حب علی و بغض النواصب، و ان يتخذه مولیٰ عملا عمداً"۔ (تاریخ الاسلام الذہبی ۵/۴۵۷؛ تحفہ اثناء عشریہ)

"و قال ايضا في ميزان الاعتدال (۱/۹) ذكر ابان بن تغلب ان البدعة على ضربين

فبدعة صغریٰ کغلو التشیع او کالتشیع بلا غلو ولا تحرف فهذا کثیر فی التابعین و تابعیهم مع الدین والورع و الصدق فلو رد حدیث هؤلاء لذهب جملة من الآثار النبویة صلی اللہ علیہ وسلم و هذا مفسدة بینة"۔

"وقال الحافظ ابن حجر"

"اما التشیع فقد قدمنا انه اذا کان ثبت الاخذ والاداء لایضره لا سیما و لم یکن داعیته الی رأیه" ۔ مقدمہ فتح الباری۔

"وقال العلامة الایر الصنعانی"

"و من ههنا تعلم بان القول مطلق التشیع بدعة لیس بصحیح والقدح به باطل "(ثمرات النظر ۹۷)

احادیث امیر المؤمنین علیہ السلام فی الصحیح البخاری

کتاب العلم ، باب کتابة العلم ، الحدیث (۱۱)، باب من استحیاء فامر، الحدیث (۱۳۲)، کتاب الوضوء ، باب من لم یرة الوضوء (۱۷۸)، کتاب الوضوء ، باب الغسل والوضوء ، الحدیث (۱۹۸)، باب غسل المرأة ، الحدیث (۳۷۳)، کتاب الغسل ، باب غسل المذی، الحدیث (۲۶۹)، باب غسل ما یصیب من رطوبته ، الحدیث (۲۹۲)، کتاب الحیض باب (۲۴)، فی ترجمة اذا حاضت فی نہر کتاب الصلاة باب (۷)، فی ترجمة الصلاة فی الجبة باب ما یستر من العورة ، الحدیث (۳۶۹)، باب (۵۳)، فی ترجمة الصلاة فی مواضع الخسف باب نوم الرجل فی المسجد ، الحدیث (۴۴۱)، کتاب الاذان ، اب حد المریض ان یشهد، الحدیث (۶۶۵)، باب انما جعل الامام لیوتم به ، الحدیث (۶۸۷)، باب اتمام التکبیر فی الرکوع ، الحدیث (۷۸۴)، باب اتمام التکبیر فی السجود ، الحدیث (۷۸۶)، باب یکبر و هو من السجدتین ، الحدیث (۸۲۶)، کتاب الحجة باب (۱۶)، ترجمة الباب کتاب المقصیر ترجمة الباب (۵)، کتاب التهجد باب تحریض النبی ﷺ علی قیام اللیل ، الحدیث (۱۱۲۷)، ترجمة ابواب العمل فی الصلاة ، کتاب الجنائز، باب سوعطة ، الحدیث (۱۳۶۲)، کتاب الحج باب من اهل زمن النبی ﷺ ، الحدیث (۱۵۵۷)،باب التمتع والقرن ، الحدیث (۱۵۶۳)، باب تقضی الحائض ، الحدیث

(۱۶۰۱)، باب الجلال للبدن ، الحدیث (۱۷۰۷)، باب یتصدق یحلو والھدی ، الحدیث (۱۷۱۷)، باب لا یعطی الجزار ، الحدیث (۱۷۱۸)، کتاب فضائل المدینة باب حرم المدینة ، الحدیث (۱۸۷۰)، کتاب البیوع باب ما قیل فی الصواغ ، الحدیث (۲۰۸۹)، کتاب الوکالة ⓵ ، الحدیث (۲۲۹۹)، کتاب الحرث باب ⓵ ترجمة الباب المزارعة بالنظر ترجمة باب من احیاء ارضا مواتا، کتاب المساقات باب بیع الحطب ، الحدیث (۲۳۷۵)، کتاب الشرکة باب الاشتراک فی الھدی ، الحدیث (۲۵۰۶)، کتاب العتق باب (۱۱)، ترجمة اذا اتراخو الرجل کتاب الھبة باب الاشھاد فی الھبة ، الحدیث (۲۵۸۸)، کتاب باب ھدیة ما یکرہ لبسھا ، الحدیث (۲۶۱۴)، کتاب الصلح ، باب اذا اصطلحوا علی صلح ، الحدیث (۲۶۹۸)، باب الوصایا من کتاب الصلح ، الحدیث (۲۷۴۱)، کتاب الجھاد باب المحن ، الحدیث (۲۹۰۳)، باب لبس البیضة ، الحدیث (۲۹۱۱)، باب الدعا علی المشرکین ، الحدیث (۲۹۳۱)، باب دعاء النبی ﷺ الی ، الحدیث (۲۹۴۲)، باب ما قیل فی لوار النبی ﷺ ، الحدیث (۲۹۷۵)، باب الجاموس ، الحدیث (۳۰۰۷)، باب فضل من اسلم علی یدیه رجل ، الحدیث (۳۰۰۹)، باب لا یعذب بعذاب الله ، الحدیث (۳۰۱۷)، کتاب فرض الخمس باب ما ذکر من ورع النبی ﷺ و عصاہ ، الحدیث (۳۱۱۱، ۳۱۱۰)، کتاب الجزیة باب امان النساء والجوارھن ، الحدیث (۳۱۷۱، ۳۱۷۲)، باب اثم من عاھد ثم عذر ، الحدیث (۳۱۷۹)، باب المصافحة ، الحدیث (۳۱۸۴)، کتاب الانبیاء باب ⓵ ، الحدیث (۳۳۴۴)، کتاب المناقب باب قصة زمزم ، الحدیث (۳۵۲۲)، باب (۲) ، الحدیث (۳۶۷۱)، باب مناقب عثمان ،

CamScanner

الحدیث (۳۷۰۰)، باب مناقب ---، الحدیث (۳۷۰۵)، باب ذکر --- النبی ﷺ، الحدیث (۳۷۲۹)، باب فضل عائشة، الحدیث (۳۷۷۲)، باب تزویج خدیجة، الحدیث (۳۸۱۵)، باب (۱۸)، الحدیث (۴۰۵۸)، باب ما اصاب النبی ﷺ من الجرح، الحدیث (۴۰۷۵)، باب غزوۃ خندق، الحدیث (۴۱۱۱)، باب غزوہ خیبر، الحدیث (۴۲۴۲، ۴۲۰۹، ۴۲۱۰، ۴۲۱۶)، باب معاملة خیبر، الحدیث ()، عمرۃ القضاۃ، الحدیث (۴۲۵۱)، باب غزوۃ الفتح، الحدیث (۴۲۷۴)، باب سریة عبد الله بن حذافة، الحدیث (۴۳۴۰)، باب بعث علی بن ابی طالب، الحدیث (۴۳۵۰ـ ۴۳۵۱ـ ۴۳۵۲ـ ۴۳۵۴)، باب غزوۃ تبوک، الحدیث (۴۴۱۶)، باب مرض النبی ﷺ و وفاته، الحدیث (۴۴۴۷)، کتاب التفسیر باب (۲) از تفسیر الفاتحة، الحدیث (۴۴۸۱)، باب۰ (۳۰)، الحدیث (۴۵۱۰)، باب (۴۱)، الحدیث (۴۵۳۳)، کتاب التفسیر الممتحنة، الحدیث (۴۶۵۰)، تفسیر سورۃ الکهف، الحدیث (۴۷۲۴)، باب التفسیر سورۃ الحج، الحدیث (۴۷۴۴ـ ۴۸۹۰)، باب تفسیر سورۃ اللیل، الحدیث (۴۹۴۲ـ ۴۹۴۹ـ ۴۹۴۸)،

کتاب فضائل القرآن باب اثم من رأی، الحدیث (۵۰۵۷)، کتاب النکاح باب نهی عن نکاح المتعة، الحدیث (۵۱۱۵)، باب ذب الرجل من ابنته، الحدیث (۵۲۳۰)، کتاب الطلاق ترجمة الباب (۱۱) کتاب النفقات باب حبس الرجل قوت سفة علی اهله، الحدیث (۵۳۵۸)، باب خادم المرأۃ، الحدیث (۵۳۶۲)، باب کسوۃ المرأۃ بالمعروف، الحدیث (۵۳۶۶)، کتاب الادب باب قول الرجل فداک ابی و امی، الحدیث (۶۱۷۴)، باب

الرجل فکیت الشیئ ، الحدیث (۶۲۱۷)، کتاب الاستئذان باب من نظر فی کتاب ، الحدیث (۶۲۵۹)، باب المعانقة ، الحدیث (۶۲۶۶)، باب القائلة فی المسجد ، الحدیث (۶۲۸۰)، کتاب الدعوات باب التکبیر والتسبیح ، الحدیث (۶۳۱۸)، باب الدعا علی المشرکین ، الحدیث (۶۳۹۶)، کتاب القدر باب (۴) ، الحدیث (۶۶۰۵)، کتاب الفرائض باب (۳) ، الحدیث (۶۷۲۸)، کتاب الدیات باب العاقلة ، الحدیث (۶۹۰۳)، باب لا تقتل المسلم باکافر ، الحدیث (۶۹۱۵)، کتاب الاستتابة المرتدین ، الحدیث (۶۹۲۲)، باب قتل الخوارج والملحدین ، الحدیث (۶۹۳۰)، کتاب الحیل باب الحیلة فی النکاح ، الحدیث (۶۹۶۱)، کتاب الاحکام باب السمع والطاعة ، الحدیث (۷۱۴۵)، کتاب اخبار الاحاد باب (۱) ، الحدیث (۷۲۵۷)، کتاب الاعتصام باب ما یکرہ من التعمق ، الحدیث (۷۳۰۵-۷۳۰۵)، باب قوله تعالیٰ و کان الانسان ـــ ، الحدیث (۷۳۴۷)، کتاب التوحید باب فی المشیئة والارادة ، الحدیث (۷۴۶۵)، باب (۵۴)، الحدیث (۷۵۵۶)

احادیث السیدۃ فاطمۃ الزہراء علیہا السلام فی الصحیح البخاری

کتاب الْوُضُوْء باب غسل المرأۃ اباھا الدم عن وجھہ ، الحدیث (۲۴۳)، کتاب الغسل باب الستر فی الغسل ، الحدیث (۲۸۰)، کتاب الصلوٰۃ ، باب الصلاۃ فی الثوب ، الحدیث (۳۵۷)، باب نوم المرأۃ فی المسجد ، الحدیث (۴۴۱)، کتاب التھجد باب نحو تحریض النبی ﷺ علی قیام اللیل ، الحدیث (۱۱۷۷)، کتاب البیوع باب ما قیل فی الصواغ ، الحدیث (۲۰۸۹)، باب ما ذکر فی الاسواق ، الحدیث (۲۱۲۲)، کتاب المساقات باب بیع الحطب الکلاء ، الحدیث (۲۳۷۵)، کتاب الھبۃ باب من اھدیٰ الی صاحبہ ، الحدیث (۲۵۸۱)، باب ھدیۃ ما یکرہ لبسھا ، الحدیث (۲۶۱۳)، کتاب الوصایا باب ھل یدخل النساء والولد فی الاقارب ، الحدیث (۲۷۵۳)، کتاب الجھاد باب المجن ، الحدیث (۲۹۰۳)، باب لبس البیضۃ ، الحدیث (۲۹۱۱)، باب الدعاء علی المشرکین ، الحدیث (۲۹۳۴)، باب دواء والجرح باحراق الحصیر ، الحدیث (۳۰۳۷)، کتاب فرض الخمس باب فرض الخمس ، الحدیث (۳۰۹۴۔ ۳۰۹۲۔ ۳۰۹۳)، باب الدلیل علی ان الخمس نوائب رسول اللہ ﷺ ، الحدیث (۳۱۱۳)، کتاب الجزیۃ ، باب امان النساء و جوارھن ، الحدیث (۳۱۷۱)، باب طرح جیف المشرکین فی البئر ، الحدیث (۳۱۸۵)، کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکۃ ، الحدیث (۳۲۲۰)، کتاب المناقب باب من

CamScanner

